نومبر ۱۹۳۰ میں ایران کے محکمہ اثریات کو نبی کریم (ﷺ) کے خلیفہ ثابت اور صحابی حضرت عثمان بن عفان (رض) کے دستِ مبارک کا لکھا ھوا ایک نسخہ قرآن ایرانی کردستان کے ضلع آرمان کے موضع نخل کی ایک مسجد سے دست یاب ھوا، اس نسخہ متبرکہ کو تہران کے عجایب خانہ آثار عتیقہ میں بہ حفاظت تمام رکھا گیا، اِسی محکمہ کو ۱۹۳۰ء میں ایک اور نسخہ حضرت علی (رض) کے دستِ مبارک کا جو کوفی خط میں لکھا ھوا تھا دست یاب ھوا اور اس کو بھی عجایب خانہ مذکور میں رکھ دیا گیا

قرآن مجید کا ایک نسخہ حضرت امام حسن (رض) نے اپنے دستِ مبارک سے لکھا تھا، اس کے قریباً چار سو صفحات ھیں اور یہ ھرن کی کھال پر لکھا ھوا ھے ایک اور چھوٹی تقطیع کا قرآن حضرت سجّاد نے لکھا تھا ان ہر دو نسخوں کے چند اوراق کا عکس ۲۹ جمادی الآخر ۱۳۴۵ ہجری کے اخبار 'ایران' (تہران) میں شایع ھوا تھا حضرت امام حسین کے لکھے ھوے چند اوراق قرآن بہ خطِ کوفی امیر تیمور کو سلطان بایزید یل درم کے کتب خانے سے ملے تھے جن کو سلاطین تیموریہ نے بہ حفاظت رکھا ۱۳۵۷ء میں یہ اوراق بہادر شاہ آخری تیموری بادشہ کے قبضے سے نکال کر حکومت انگریزی نے ولایت بھجوادیے لیکن تین اوراق جن میں سے ایک پر شاہ جہاں کی مُہر ھے اب تک دہلی میں موجود ھے

Marfat.com

تعمیر کے لیے مشہور تھا اور اُس کے عہد میں لوگ آپس میں ملتے تھے تو صرف عمارات ھی کا حال پوچھتے تھے تاھم وہ لوگ وں کو ہمیشہ حفظِ قرآن کی ترغیب دیتا تھا حفاظ کو فیاضی سے وظائف عطا کرتا اور جو لوگ قرآن کو حفظ نھیں کرتے تھے، ان کو سزا دیتا تھا، اس بارے میں ولید نے حضرت عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کی پیروی کی حضرت عمر بن عبدُ العزیز (۹۹ ہجری) نے قرآن کی تعلیم کی توسیع کو اپنا جزو ایمان بنالیا، ان کے عہد میں رعایا میں قرآن و مذہب کا ہر وقت چرچا رھتا تھا جب وہ خلیفہ ھوے تو باھمی ملاقات میں ایک شخص دوسرے سے کہتا تھا کہ رات کو تم کون سا وظیفہ پڑھتے ھو؟ تم نے قرآن کتنا حفظ کِیا ھے؟ قرآن کب ختم کرو گے؟ اور کب ختم کِیا تھا؟ مھینے میں کتنے روزے رکھتے ھو؟

## قرآن افریقا میں

قرآن کی مُجلّدات شمالی افریقا میں خلیفہ عبدُ المَلِک کے عہد میں پھُنچیں، یہ وہ زمانہ ھے جب بربروں نے بہادُر ملکہ کاہنہ کے ماتحت عرب حملہ آوروں کا مقابلہ شروع کِیا، وہ مادی اور روحانی دونو طرح سے مغلوب ھوگیے ایک طرف انھوں نے مسلمان وں کی مادی حکومت کو تسلیم کِیا اور دوسری جانب قرآن کو سرآنکھوں پر جگھ دی تاریخ شاہد ھے کہ یہ لوگ اِسلام کے فضایل اور مسلمان وں کی خوبیاں دیکھ دیکھ کر مسلمان ھوے عرب کے عالم اور فقیہ مقرر تھے کہ ان کے سامنے قرآن پڑھیں اور قرآن کی عبارت ان کو سمجھایں "انھیں بربروں کی مدد سے ۹۲ ہجری میں طارق ھسپانیا کی تسخیر کو اٹھا قرآن کی مُجلّدات یھاں سے سوڈان اور حبشی اقوام میں پھُنچیں اور دریاے نائگر کے بالای جانب تمام بستیاں کلامِ اللہ کے نور سے چمک اٹھیں حتا کہ افریقا کے شہر علم و فضل کے مرکز بن گیے، شہر ٹمبک ٹو جو ۴۵۹ ہجری میں آباد ھوا، اِسلامی عُلوم و فُنون کا گہوارا بن گیا ابن بطوطہ نے چودھویں صدی عیسوی میں اس مُلک کا سفر کِیا اور حبشی مسلمان وں کی نسبت لکھا: "وہ پابند صوم و صلوٰۃ ھیں اور قرآن پڑھتے ھیں " قرآن سوڈان کے انتہای مغربی حصہ سے ھوتا ھوا بورنیو پھُنچا اور بالآخر سوڈان سے لے کر مصر اور نوبیہ کی سرحد تک اور اس طرح افریقا کے مرکز تک پھُنچ گیا، یھاں اِسلامی کوشش وں کا گویا دو دریاوں کا سنگم ھوگیا یعنی تبلیغ اِسلام کا ایک دریا مغرب سے، دوسرا شمال مشرق سے چلا اور دونو دریا افریقا کے وسط میں مل گیے جھاں اِسلام کے چشمے اُبل اُبل کر بالآخر سارے افریقا میں پھیل گیے

[دعوتِ اِسلام، مصنفہ: پروفیسر آرنلڈ، ص ۳۴۲]

Marfat.com

## قرآن میں نُقطے اوراعراب

حضرت عثمان(رضی اللہ عنہ) نے قرآن کے جو نسخے لکھوائے تھے، وہ نقطوں اور اعراب سے خالی تھے عرب وں کو ان کے پڑھنے میں کوئی دقت نہ تھی، اس لیے کہ عربی ان کی مادری زبان تھے اور وہ قرأت رسول اللہ(صلی اللہ علیہ وسلم) سے بہ خوبی واقف تھے لیکن جب عجمی قومیں جوق در جوق دین الفطرت سے مشرف ہونے لگیں تو زبانِ عرب سے نا آشنا ہونے کے باعث ان کو سخت دشواری پیش آئی، ابوالاسود دُیلی ( متوفا ۶۹ ہجری) نے جن کو حضرت علی(رضی اللہ عنہ) نے کوفہ میں تدوین قواعد نحو کا حکم دیا تھا، اس طرف سب سے پہلے توجّہ کی اور قرآن مجید میں نقطے لگوائے بعض مؤرِخین کی رائے میں یہ خیال معاویہ اور بعض کے نزدیک عبدُ المِلک بن مروان کے زمانے میں پیدا ہوا

حُجاج بن یوسف (متوفا ۹۰ ہجری) گورنر عراق کے ماتحت کوفہ و بصرہ میں جہاں کئی صحابہ رسول آباد ہو گیے تھے، قرآن کی تعلیم ذوق وشوق سے ہوتی تھی بصرہ میں علم نحو کی تدوین ہوی جس نے بعد میں لوگ وں کی توجّہ کو صرف ونحو کی اُلجھن وں میں پھنسا کر قرآن سے غافل بنا دیا حجاج اپنے ظلم وستم کے لیے مشہور ہے لیکن اس کی زندگی کا یہ پہلو نظر انداز نہیں ہو سکتا کہ اس کو قرآن سے بے حد شغف تھا، اس نے عجمی وں کی دِقّت محسوس کر کے قرآن مجید میں نقطے لگوائے اور اس کے متعدد نسخے لکھوا کر ممالکِ غیر میں تقسیم کرائے حُجاج کو قرآن سے اتنی الفت تھی کہ جب اس کا انتقال ہوا تو اس کے قبضے میں اسلحہ اور چند سکّوں کے علاوہ صرف قرآن کا ایک نسخہ نکلا [تاریخ ادبیات عرب کی مصنفہ: نکلسن، ص ۲۰۳] ایک روایت کے بہ موجب حجاج نے صرف نقطوں کے ذریعے اعراب کا اظہار کر کے لکھوانا شروع کیا لیکن یہ طریقہ نقایص سے خالی نہ تھا، اس لیے خلیل بن احمد (متوفا ۱۷۰ ہجری) نے نقطوں کے عوض مروّجہ زیر و زبر و پیش کی علامات ایجاد کیں..

## خُلفاے بنواُمیّہ اور قرآن

خلفاے بنواُمیّہ نے قرآن کریم کے مطالعہ کو بہت وسعت دی خلیفہ عبدُ المِلک (۶۵ ہجری) نے اپنی سلطنت میں بہت سی اصلاحات کیں، اس کو قرآن سے خاص اُلفت تھی، اس نے سکہ پر قرآن کی آیتیں کھدوایں عربی نستعلیق کے نقایص دور کیے اور قرآن کے مطالعہ وتفسیر کو آسان بنایا ایک موقع پر عبدُ المِلک کا لڑکا غزوات اِسلام کے حالات ایک کتاب میں پڑھ رہا تھا: خلیفہ نے اس کے جلائے جانے کا حکم دیا اور اسے مطالعہ قرآن کی ہدایت وتلقین کی ولید (۸۶ ہجری) اگر چہ اپنے شوق

Marfat.com

## قرآن یورپ میں

خلیفہ عبدُالملِک کے بعد ولید کا زمانہ آیا تو قرآن نے افریقا سے نکل کر یورپ کا رُخ کِیا شمالی افریقا میں مسلمان وں کی فتوحات، خوش حالی، انصاف اور اخلاق کی نعمتیں اپنے ہم رہ لای تھیں موسیٰ بن نصیر افریقا کا گورنر تھا، اس نے بھُت سی اصلاحات رایج کیں مدارس اور کارخانے جاری کیے، تجارت کو ترقی دی اور قرآن کی تعلیم کو عام کِیا ھسپتانیا اس وقت گاتھ قوم کے ظلم وستم کا تختۂ مشق بنا ھوا تھا بھُت سے لوگ وں نے موسیٰ کی حکومت میں پنہ لی موسیٰ نے ظالم وں کو ان کے کیفرِ کردار تک پھُنچانے کے لیے خلیفہ ولید کی اجازت سے طارق کو روانہ کِیا طارق نے ۹۲ ہجری میں جبل الطارق پر اپنا جھنڈا گاڑا اور یورپ کو وہ چیز دی جس کی اسے ضرورت تھی یعنی قرآن بھیں سے سیڈونیا، کارموران، غرناطہ اور قرطبہ، الجیرس اور اسٹگارگا میں قرآن کی مُجلّدات تقسیم ھویں موسیٰ خود قرآن ھات میں لیے اشبیلیہ، میڈرڈ اور طلیطہ کو فتح کرتا ھوا فرانس میں وارد ھوا اور پیرینیز تک بڑھتا ھوا چلا گیا اگر ولید ان جاں باز فرزندانِ اِسلام کو اس موقع پر واپس نہ بلا لیتا تو آج یورپ میں انجیل کی بہ جاے قرآن کی حکومت ھوتی..

قرآن اور دیگر اِسلامی مذہبی کُتب نے ھسپانیا کے عیسای وں کو اس درجہ مسحور کِیا کہ ان میں سے بھُت سے مسلمان ھو گیے اور جو مسلمان نھیں ھوے تھے وہ نہایت ذوق وشوق سے قرآن اور دیگر کُتب کا مطالعہ کرتے تھے، اس زمانے میں عیسای نوجوان وں کے اس رجحان کو دیکھ کر پادری وں نے شکایت کہ آج کل کے عیسای نوجوان کل دانی وں (مسلمان وں) کی کتاب وں پر بحث کرتے ھیں اور صنایع بدایع آمیز تحریروں سے ان کو شہرت دیتے ھیں" عیسای اپنے دین و آیین کو چھوڑ کر مذہب اِسلام کے شیفتہ ھو گیے تھے، ان کی نسبت یہ کہا گیا کہ "ایسے بے شمار اور ہر قسم کے ھیں جو کل دانی' (عربی) زَباں کی رنگیں عبارتیں بڑے طُم طراق سے پڑھنے کو موجود ھوتے ھیں" اس حالت کو دیکھ کر اِسلام کے متعصِب دشمن الور کو بھی قرآن کی فصیح عبارت کی نسبت یہی کہتے بن پڑا کہ عیسای بھی اس کو پڑھے اور تعریف کیے بغیر نھیں رہ سکتے تو قدرتاً خیال ھو سکتا ھے کہ اِسلامی آثار نے عیسای وں میں سرایت کی ھوگی چناں چہ طلی طلہ کے اسقف الهاندوس کے اس اصول کو کہ "انسان فطرتاً مسیحی نھیں بل کہ بیٹا بنا لینے سے اللّٰہ کا فرزند ھوا" قرآن کی تعلیم کا نتیجہ قرار دیا گیا

اس زمانے کے پادری وں کو تو یہ شکایت تھی کہ عیسای قرآن کریم کا مطالعہ کرتے ھیں، لیکن عہدِ حاضر میں طرزِ عمل اس کے برعکس ھے، کچھ زمانہ ھوا فلسطین میں سرکاری مدرسوں کے نظام و نصاب

٩٢٠٦٢

Marfat.com

تعمیر کے لیے مشہور تھا اور اُس کے عہد میں لوگ آپس میں ملتے تھے تو صرف عمارات ھی کا حال پوچھتے تھے تاھم وہ لوگ وں کو ہمیشہ حفظِ قرآن کی ترغیب دیتا تھا حفاظ کو فیاضی سے وظایف عطا کرتا اور جو لوگ قرآن کو حفظ نھیں کرتے تھے، ان کو سزا دیتا تھا، اس بارے میں ولید نے حضرت عمر فاروق (ﷺ) کی پیروی کی حضرت عمر بن عبدُ العزیز (۹۹ ہجری) نے قرآن کی تعلیم کی توسیع کو اپنا جزو ایمان بنالیا، ان کے عہد میں رعایا میں قرآن و مذہب کا ہروقت چرچا رھتا تھا جب وہ خلیفہ ھوے تو باہمی ملاقات میں ایک شخص دوسرے سے کہتا تھا کہ رات کو تم کون سا وظیفہ پڑھتے ہو؟ تم نے قرآن کتنا حفظ کیا ھے؟ قرآن کب ختم کروگے؟ اور کب ختم کیا تھا؟ مھینے میں کتنے روزے رکھتے ھو؟

## قرآن افریقا میں

قرآن کی مُجلّدات شمالی افریقا میں خلیفہ عبدُ الملک کے عہد میں پھُنچیں، یہ وہ زمانہ ھے جب بربروں نے بہادُر ملکہ کاہنہ کے ماتحت عرب حملہ آوروں کا مقابلہ شروع کیا، وہ مادی اور روحانی دونو طرح سے مغلوب ھو گیے ایک طرف انھوں نے مسلمان وں کی مادی حکومت کو تسلیم کیا اور دوسری جانب قرآن کو سر آنکھوں پر جگھ دی تاریخ شاہد ھے کہ یہ لوگ اِسلام کے فضایل اور مسلمان وں کی خوبیاں دیکھ دیکھ کر مسلمان ھوے عرب کے عالم اور فقیہ مقرر تھے کہ ان کے سامنے قرآن پڑھیں اور قرآن کی عبارت ان کو سمجھایں ''انھیں بربروں کی مدد سے ۹۲ ہجری میں طارق ھسپانیا کی تسخیر کو اٹھا قرآن کی مُجلّدات یھاں سے سوڈان اور حبشی اقوام میں پھُنچیں اور دریاے نائگر کے بالای جانب تمام بستیاں کلامِ اللّٰہ کے نور سے چمک اٹھیں حتا کہ افریقا کے شہر علم و فضل کے مرکز بن گیے، شہر ٹمبکٹو جو ۴۵۹ ہجری میں آباد ھوا، اِسلامی عُلوم و فُنون کا گہوارا بن گیا ابن بطوطہ نے چودھویں صدی عیسوی میں اس مُلک کا سفر کیا اور حبشی مسلمان وں کی نسبت لکھا: ''وہ پابند صوم و صلوٰۃ ھیں اور قرآن پڑھتے ھیں'' قرآن سوڈان کے انتہای مغربی حصہ سے ھوتا ھوا بورنیو پھُنچا اور بالآخر سوڈان سے لے کر مصر اور نوبیہ کی سرحد تک اور اس طرح افریقا کے مرکز تک پھُنچ گیا، یھاں اِسلامی کوشش وں کا گویا دو دریاوں کا سنگم ھو گیا یعنی تبلیغ اِسلام کا ایک دریا مغرب سے، دوسرا شمال مشرق سے چلا اور دونو دریا افریقا کے وسط میں مل گیے جھاں اِسلام کے چشمے اُبل اُبل کر بالآخر سارے افریقا میں پھیل گیے [دعوتِ اِسلام، مصنفہ: پروفیسر آرنلڈ، ص ۳۴۲]

Marfat.com

تعلیم کے متعلق ایک جلسہ ہوا جس میں مدرسہ نمانویہ کے مدرس اعلا صیداوی نے تجویز پیش کی کہ سرکاری مدرسوں کے اعلا درجوں میں قرآن کی تعلیم لازمی قرار دی جاے تاکہ عیسائیوں کی آیندہ نسل قرآن کی بلاغت کے فایدے سے محروم نہ رہے اوران کی زبان درست ہواور ملکۂ بیان ہویدا ہو..

ھسپانیا میں علم وفضل کی روشنیوں پھیلتے دیکھ کر سلیم القلب لوگ وھاں جمع ہونے لگے جرمنی کا مشہور مصلح لوتھر (المتولد ۱۴۸۳ع) بھی انھی میں تھا، اس نے اطالی درس گہوں میں تعلیم پائی تھی اوران درس گہوں میں جیسا کہ تحقیقات سے ثابت ہوتا ہے عربی فلسفے کا درس دیا جاتا تھا، اس نے قرطبہ، غرناطہ اورطلیطلہ کا بھی سفر کیا جواس وقت علومِ عربیہ کے خاص مرکز تھے لوتھر کی فطرتِ سعیدا سے بائبل کی تعلیم سے بیزار کر چکی تھی، یہاں قرآن کی نورانی تعلیم سے اس کے دل و دماغ روشن ہوگیے اور وہ قرآن کا ایک نسخہ لے کر جرمنی کی طرف روانہ ہوا جھاں اس نے ایک لاطینی ترجمہ کی مدد سے قرآن کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا، یہ جرمنی کی زبان میں قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ تھا ترجے کی اشاعت اور لوتھر کی اصلاحی کوششوں نے جنھوں نے بعد میں پروٹس ٹنٹ فرقے کی صورت اختیار کی، اس کے دوستوں، بادشہِ وقت اور پاپاے روم کی طرف سے کفر کے فتوے دلاے اورا سے مذہب عیسائی سے خارج کیا گیا ..

یہ اخراجِ مذہب اِسی طرح قرآن کی اشاعت کا باعث ہوا جس طرح بعد میں (۱۶۱۰ع) ھسپانیا کے دس لاکھ مسلمان باشندوں (مورسکیوں) کا اخراج باعث رحمت ہوا جب یہ لوگ مُلک بدر کیے گیے تو وہ قرآن ھات میں لیے چاروں طرف پھیل گیے اور ہم دیکھتے ہیں کہ اگرچہ فرانس میں قرآن کی مجلّدات گیارہ ویں صدی عیسوی سے پہلے پہنچ چکی تھیں اور بارہ ویں صدی عیسوی کی ابتدا میں قرآن کا لاطینی ترجمہ ہو چکا تھا اور اٹلی میں چودہ ویں صدی عیسوی میں اور جرمنی میں پندرہ ویں صدی عیسوی میں پہنچ چکا تھا مگر یورپ کے مختلف مُلکوں میں قرآن کی طباعت اور مختلف زبانوں میں اس کے ترجے زیادہ تر مورسکیوں کے اخراج کے بعد ھی شایع ہوے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مورسکیوں کا اخراج یورپ میں قرآن کی اشاعت کا باعث ہوگیا

یہاں مشہور جرمن ادیب اور تمثیل نگار کا تذکرہ دل چسپی سے خالی نہ ہوگا: عام اہلِ مغرب کے برعکس گویٹے آں حضرت (ﷺ) کی صداقت کا قایل تھا، اس نے تمثیل کی تیاری کے لیے قرآن کریم اور آن حضرت (ﷺ) کی حیات کا بہ غور مطالعہ کیا، اس تمثیل کا مفہوم گویٹے نے خود بیان کیا ہے کہتا ہے کہ "اس تمثیل کے لکھنے کا خیال اس کے دل میں اس نظریہ کی تفسیر کے لیے پیدا ہوا کہ ہر شخص جو کوئی

Marfat.com

## قرآن یورپ میں

خلیفہ عبدُالملِک کے بعد ولید کا زمانہ آیا تو قرآن نے افریقا سے نکل کر یورپ کا رُخ کِیا شمالی افریقا میں مسلمان وں کی فتوحات، خوش حالی، انصاف اور اخلاق کی نعمتیں اپنے ہم رہ لای تھیں موسیٰ بن نصیر افریقا کا گورنر تھا، اس نے بھُت سی اصلاحات رایج کیں مدارس اور کارخانے جاری کیے، تجارت کو ترقی دی اور قرآن کی تعلیم کو عام کِیا ھسپانیا اس وقت گاتھ قوم کے ظلم وستم کا تختۂ مشق بنا ھوا تھا بھُت سے لوگ وں نے موسیٰ کی حکومت میں پنہ لی موسیٰ نے ظالم وں کو ان کے کیفرِ کردار تک پھُنچانے کے لیے خلیفہ ولید کی اجازت سے طارق کو روانہ کِیا طارق نے ۹۲ ہجری میں جبل الطارق پر اپنا جھنڈا گاڑا اور یورپ کو وہ چیز دی جس کی اسے ضرورت تھی یعنی قرآن بھیں سے سیڈونیا، کارموران، غرناطہ اور قرطبہ، الجیرس اور اسٹگارگا میں قرآن کی مُجلِدات تقسیم ھویں موسیٰ خود قرآن ھات میں لیے اشبیلیہ، میڈرڈ اور طلیطہ کو فتح کرتا ھوا فرانس میں وارد ھوا اور پیرینیز تک بڑھتا ھوا چلا گیا اگر ولید ان جاں باز فرزندانِ اِسلام کو اس موقع پر واپس نہ بلا لیتا تو آج یورپ میں انجیل کی بہ جاے قرآن کی حکومت ھوتی۔۔

قرآن اور دیگر اِسلامی مذہبی کتُب نے ھسپانیا کے عیسای وں کو اس درجہ مسحور کِیا کہ ان میں سے بھُت سے مسلمان ھوگیے اور جو مسلمان نھیں ھوے تھے وہ نہایت ذوق وشوق سے قرآن اور دیگر کتُب کا مطالعہ کرتے تھے، اس زمانے میں عیسای نوجوان وں کے اس رجحان کو دیکھ کر پادری وں نے شکایت کہ آج کل کے عیسای نوجوان کل دانی وں (مسلمان وں) کی کتاب وں پر بحث کرتے ھیں اور صنائع بدائع آمیز تحریروں سے ان کو شہرت دیتے ھیں'' عیسای اپنے دین وآیین کو چھوڑ کر مذہب اِسلام کے شیفتہ ھوگیے تھے، ان کی نسبت یہ کہا گیا کہ ''ایسے بے شمار اور ہر قسم کے ھیں جو' کل دانی' (عربی) زباں کی رنگیں عبارتیں بڑے طُمطراق سے پڑھنے کو موجود ھوتے ھیں '' اس حالت کو دیکھ کر اِسلام کے متعصِب دشمن الور کو بھی قرآن کی فصیح عبارت کی نسبت یھی کہتے بن پڑا کہ عیسای بھی اس کو پڑھے اور تعریف کیے بغیر نھیں رہ سکتے تو قدرتاً خیال ھوسکتا ھے کہ اِسلامی آثار نے عیسای وں میں سرایت کی ھوگی چناں چہ طلی طلہ کے اسقف الھاندوس کے اس اصول کو کہ ''انسان فطرتاً مسیحی نھیں بل کہ بیٹا بنالینے سے اللّٰہ کا فرزند ھوا'' قرآن کی تعلیم کا نتیجہ قرار دیا گیا

اس زمانے کے پادری وں کو تو یہ شکایت تھی کہ عیسای قرآن کریم کا مطالعہ کرتے ھیں، لیکن عہدِ حاضر میں طرزِ عمل اس کے برعکس ھے، کچھ زمانہ ھوا فلسطین میں سرکاری مدرسوں کے نظام ونصاب

۹۲۰۶۲

Marfat.com

عظیم الشان کام کرنا چاہتا ہے پہلے عام لوگ وں کے دِلوں میں گھر بناتا ہے اور کیا بہ لحاظ معاشرت اور کیا بہ اعتبار جذبات اپنے آپ کو عوام کی سطح پر لے آتا ہے اور اس ڈھنگ سے کلام کرتا ہے جو ان کے استدراک سے بلند نہیں ہوتا اس کی زندہ مثال مجھے آں حضرت (ﷺ) میں نظر آئی"

[ دنیائے ڈراما کی تاریخ: نورالٰہی محمد عمر، ص ۲۷۰]

## مُغلوں اور تاتاری وں کی اِسلام دشمنی

مشرقی یورپ میں قرآن تُرک وں کے ذریعے پہنچا تاریخ اس الم ناک سانحۂ عظیم کو فراموش نہیں کرسکتی جب مغل وں اور تاتاری وں نے (اِسلام لانے سے قبل) اِسلامی ممالک کو ظلم وستم کا نشانہ بنایا، انھوں نے بخارا کی مسجدوں میں گھوڑے باندھے قرآن پھاڑ پھاڑ کر ان کی بے ادبی کی شہروں کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنادیا سمرقند، بلخ اور وسط ایشیا کے دیگر شہروں کا بھی یہی حال کِیا بغداد کو پامال کِیا اور اِسلامی تہذیب وتمدن کو مٹانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی لیکن جب کہ سلطنتِ مغلیہ اِسلام اور مسلمان وں کو مٹانے میں مصروف تھی، اِسلام اپنا اثر کیے جارہا تھا

## قرآن چینی ترکستان میں

چینی ترکستان میں قرآن ستوق بغراخاں کے عہدِ حکومت میں پہنچ چکا تھا بغراخاں اس مُلک میں سب سے بڑا سلطان گزرا ہے ترکستانی وں کی روایت ہے کہ ۳۵۰ ہجری میں بغراخاں نے قرآن کو سینے سے لگایا اور اِسلام قبول کر کے اپنا نام عبدُ الکریم ستوق بغراخاں رکھا سلطان بغراخاں کے قبولِ اِسلام نے دینِ حنیف کی اشاعت میں بھت مدد دی اور ترکستانی نہ صرف خود ذوق وشوق سے مسلمان ھوے بل کہ تبت، مغلستان اور پڑوس کے چینی علاقوں میں بھی قرآن کا پیغام پھنچایا عہدِ حاضر کے ترکستانی ادیب منصور چنگیز کا دعوا ہے کہ مشرقی چین کو چھوڑ کر جھاں عرب تاجروں نے قرآن کی اشاعت کی تھی باقی مُلک میں ترکستانی وں ھی کے ذریعے قرآن کی اشاعت ھوی

## قرآن مُغلستان میں

ترکستانی وں کی سعی سے مغل وں کی وسیع مگر ظالم سلطنت میں ہر جگھ ایسے مسلمان موجود ھوگیے جو قرآن کی اشاعت خفیہ طور پر کرتے تھے اور قرآن کی اعجاز آفریں تعلیم پیش کر کے دشمن وں کو رام اور منکروں کو مسلمان کرلیتے تھے تیرھ ویں صدی عیسوی میں حاکمِ ایران کرگزنے، قوبلای خاں کے پوتے خان اننداننے برکہ خاں، خاں سیرادارداںنے قرآن کے آگے اپنے سرِ تفاخر جھکادیے اور جب

Marfat.com

تعلیم کے متعلق ایک جلسہ ھوا جس میں مدرسہ نمانویہ کے مدرس اعلا صیداوی نے تجویز پیش کی کہ سرکاری مدرسوں کے اعلا درجوں میں قرآن کی تعلیم لازمی قرار دی جاے تاکہ عیسائی وں کی آیندہ نسل قرآن کی بلاغت کے فایدے سے محروم نہ رھے اور ان کی زباں درست ھو اور ملکۂ بیاں ہویدا ھو۔۔

ھسپانیا میں علم و فضل کی روشنی وں پھیلتے دیکھ کر سلیم القلب لوگ وھاں جمع ھونے لگے جرمنی کا مشہور مصلح لوتھر (التولد ۱۴۸۳ع) بھی انھی میں تھا، اس نے اطالی درس گہ وں میں تعلیم پائی تھی اور ان درس گہ وں میں جیسا کہ تحقیقات سے ثابت ھوتا ھے عربی فلسفے کا درس دیا جاتا تھا، اس نے قرطبہ، غرناطہ اور طلیطلہ کا بھی سفر کیا جو اس وقت علومِ عربیہ کے خاص مرکز تھے لوتھر کی فطرتِ سعید اسے بائیبل کی تعلیم سے بیزار کر چکی تھی، یہاں قرآن کی نورانی تعلیم سے اس کے دل و دماغ روشن ھوگیے اور وہ قرآن کا ایک نسخہ لے کر جرمنی کی طرف روانہ ھوا جھاں اس نے ایک لاطینی ترجمہ کی مدد سے قرآن کا جرمن زباں میں ترجمہ کیا، یہ جرمنی کی زباں میں قرآن مجید کا سب سے پہلا ترجمہ تھا ترجمے کی اشاعت اور لوتھر کی اصلاحی کوشش وں نے جنھوں نے بعد میں پروٹس ٹنٹ فرقے کی صورت اختیار کی، اس کے دوست وں، بادشہِ وقت اور پاپاے روم کی طرف سے کفر کے فتوے دلاے اور اسے مذہب عیسائی سے خارج کیا گیا۔۔

یہ اخراجِ مذہب اِسی طرح قرآن کی اشاعت کا باعث ھوا جس طرح بعد میں (۱۶۱۰ع) ھسپانیا کے دس لاکھ مسلمان باشندوں (مور سکی وں) کا اخراج باعث رحمت ھوا جب یہ لوگ مُلک بدر کیے گیے تو وہ قرآن ھات میں لیے چاروں طرف پھیل گیے اور ھم دیکھتے ھیں کہ اگرچہ فرانس میں قرآن کی مجلدات گیارہ ویں صدی عیسوی سے پہلے پہنچ چکی تھیں اور بارہ ویں صدی عیسوی کی ابتدا میں قرآن کا لاطینی ترجمہ ھو چکا تھا اور اٹلی میں چودہ ویں صدی عیسوی میں اور جرمنی میں پندرہ ویں صدی عیسوی میں پہنچ چکا تھا مگر یورپ کے مختلف مُلک وں میں قرآن کی طباعت اور مختلف زبان وں میں اس کے ترجمے زیادہ تر مور سکی وں کے اخراج کے بعد ھی شایع ھوے اور یہ اس بات کی دلیل ھے کہ مور سکی وں کا اخراج یورپ میں قرآن کی اشاعت کا باعث ھو گیا

یہاں مشہور جرمن ادیب اور تمثیل نگار کا تذکرہ دل چسپی سے خالی نہ ھوگا: عام اہلِ مغرب کے برعکس گویٹے آں حضرت (ﷺ) کی صداقت کا قایل تھا، اس نے تمثیل کی تیاری کے لیے قرآن کریم اور آں حضرت (ﷺ) کی حیات کا بہ غور مطالعہ کیا، اس تمثیل کا مفہوم گویٹے نے خود بیان کیا ھے کہتا ھے کہ ''اس تمثیل کے لکھنے کا خیال اس کے دل میں اس نظریہ کی تفسیر کے لیے پیدا ھوا کہ ہر شخص جو کوئی

Marfat.com

مصر کے سلطان رکن الدّین نے برکہ خاں کو ایک خط لکھا تو قاصدوں نے واپس آ کر بیان کیا کہ برکہ خاں کے امیروں کے ھاں اور ہر ایک شہ زادے کے ھاں ایک ایک امام اور مؤذن مقرر ھے اور بچوں کو مکتب میں قرآن پڑھایا جاتا ھے [مقریزی، ص ۲۱۵ دعوتِ اِسلام] خود ہلاکو خاں کے بیٹے تکودار نے عیسایت کو ترک کر کے اِسلام اختیار کیا سلطان محمد (یا احمد) اپنا نام رکھا اور بھت سے تاتاری وں کو مسلمان کیا، اس نے سلطان مصر کو صحیح اِسلامی رنگ میں ایک خط لکھا جس میں یہ فقرات بھی درج تھے

> ''اللہ نے اپنی عنایت اور ہدایت کی روشنی سے آغاز نوجوانی کے زمانے میں ھم کو اپنی اُلوہیت اور وحدانیت کا اقرار کرنے اور محمد (ﷺ) کی تصدیق کرنے اور اپنے دوست وں اور نیک بندوں کی نسبت خوش اعتقاد رھنے کی ہدایت کی ھے، وہ جس کسی کو ہدایت پر لانا چاھتا ھے، اس کے دل کو دین اِسلام قبول کرنے کے لیے کھول دیتا ھے'' [سورہ ۶:۱۲۵]

تکودار ایک باغی کے ھات سے قتل ھوا اور کچھ مدت کے لیے اس مُلک میں اِسلام کی روشنی پھر کسوف میں پڑ گیی لیکن اِسی سلسلے میں سلطان غازان کو جو بدھ مذھب کا پیرو تھا اللہ نے ہدایت کی روشنی بخشی اور وہ مسلمان ھوگیا، اس نے اِسلام کی ویران کھیتی کو پھر ہرا کیا اور ایران کے مغل وں میں اِسلام کی جڑ مضبوط ھوگیی بلاد متوسط میں چغتای خاں کے پڑپوتے براق خاں نے ۱۲۶۶ میں مسلمان ھو کر اپنا نام سلطان غیاث الدِّین رکھا قرآن کی تعلیم رواج پزیر ھوی مگر اس کی موت نے ایک دفعہ اور مغل وں کے قدیم مذھب کو زندہ کر دیا، اِسی اثنا میں سلطان کاشغر جس کا نام تغلق تیمور خاں تھا شیخ جمال الدِّین ایرانی کی تلقین سے مسلمان ھوا شیخ نے جب قرآن کی مجلّد اس مغرور بادشاہ کے ھات میں دی اور اُسے اس کی تعلیم سے آگہ کیا تو تغلق کا دل موم ھو گیا لیکن وہ علانیہ قرآن کا عَلَم بلند نھیں کر سکتا تھا جو اس نے بعد میں کیا ادھر سیرا اوردا کے اُمرا جوق در جوق مسلمان ھو رھے تھے اُزبک خاں (۱۳۱۳ سے ۱۳۲۷ تک) کے دستِ عمل نے راستا بالکل صاف کر دیا اور سارا مُلک اِسلام کے آغوش میں آ گیا قرآن ان خطوں میں ذوق وشوق کے ساتھ پڑھا جانے لگا جس کی آواز وسط ایشیا میں بھی اپنا اثر کرنے لگی اور رفتہ رفتہ اُزبک کے نام سے اُزبک قوم کی بنیاد پڑی جس نے قرآن کو اپنا رہ نُما بنایا اُزبک نے یھاں سے اپنا رُخ رُوس کی طرف پھیرا مگر اسے کام یابی نہ ھوی، اس نے عیسای وں کو پوری مذہبی آزادی دے رکھی تھی اور ان کے مذھب میں کسی قسم کی مداخلت روا نہ رکھتا تھا

Marfat.com

عظیم الشان کام کرنا چاھتا ھے پھلے عام لوگ وں کے دِلوں میں گھر بنا تا ھے اور کیا بہ لحاظ معاشرت اور کیا بہ اعتبار جذبات اپنے آپ کو عوام کی سطح پر لے آ تا ھے اور اس ڈھنگ سے کلام کرتا ھے جو ان کے استدراک سے بلند نھیں ھوتا اس کی زندہ مثال مجھے آں حضرت (ﷺ) میں نظر آ ئی''

[ دنیاے ڈراما کی تاریخ: نورالٰہی محمد عمر، ص ۲۷۰]

## مُغلوں اور تا تاری وں کی اِسلام دشمنی

مشرقی یورپ میں قرآن تُرک وں کے ذریعے پھُنچا تاریخ اس الم ناک سانحۂ عظیم کو فراموش نھیں کرسکتی جب مغل وں اور تا تاری وں نے (اِسلام لانے سے قبل) اِسلامی ممالک کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا، انھوں نے بخارا کی مسجدوں میں گھوڑے باندھے قرآن پھاڑ پھاڑ کر ان کی بے ادبی کی شھروں کو جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دیا سمرقند، بلخ اور وسط ایشیا کے دیگر شھروں کا بھی یھی حال کِیا بغداد کو پامال کِیا اور اِسلامی تھذیب و تمدن کو مٹانے میں کوئی کسر اٹھا نھیں رکھی لیکن جب کہ سلطنتِ مغلیہ اِسلام اور مسلمان وں کو مٹانے میں مصروف تھی، اِسلام اپنا اثر کیے جا رھا تھا

## قرآن چینی ترکستان میں

چینی ترکستان میں قرآن ستوق بغراخاں کے عھدِ حکومت میں پھُنچ چکا تھا بغراخاں اس مُلک میں سب سے بڑا سلطان گزرا ھے ترکستانی وں کی روایت ھے کہ ۳۵۰ ھجری میں بغراخاں نے قرآن کو سینے سے لگایا اور اِسلام قبول کر کے اپنا نام عبدُالکریم ستوق بغراخاں رکھا سلطان بغراخاں کے قبولِ اِسلام نے دینِ حنیف کی اشاعت میں بھُت مدد دی اور ترکستانی نہ صرف خود ذوق و شوق سے مسلمان ھوے بل کہ تبت، مغلستان اور پڑوس کے چینی علاقوں میں بھی قرآن کا پیغام پھُنچایا عھدِ حاضر کے ترکستانی ادیب منصور چنگیز کا دعوا ھے کہ مشرقی چین کو چھوڑ کر جھاں عرب تاجروں نے قرآن کی اشاعت کی تھی باقی مُلک میں ترکستانی وں ھی کے ذریعے قرآن کی اشاعت ھوئی

## قرآن مُغلستان میں

ترکستانی وں کی سعی سے مغل وں کی وسیع مگر ظالم سلطنت میں ہر جگھ ایسے مسلمان موجود ھو گیے جو قرآن کی اشاعت خفیہ طور پر کرتے تھے اور قرآن کی اعجاز آفریں تعلیم پیش کر کے دشمن وں کو رام اور منکروں کو مسلمان کر لیتے تھے تیرھ ویں صدی عیسوی میں حاکم ایران کرگزنے، قوبلای خاں کے پوتے خان انندا نے برکہ خاں، خاں سیر اوردا نے قرآن کے آگے اپنے سرِ تفاخُر جھکا دیے اور جب

Marfat.com

اُزبک سے قریباً ایک صدی قبل بلغاری مسلمان وں نے رُوس کوقرآن کی روشنی سے منور کرنا چاھا تھا مگرانھیں بھی کام یابی نھیں ھوی تھی

## قرآن بلغاریہ میں

بلغاریہ کے مسلمان ان مسلمان تاجر وں کی ہدایت سے مسلمان ھوے تھے جو شمالی مُلک وں میں پشمینہ وغیرہ کی تجارت کرتے تھے، یھ تاجر رُوسی وں میں غالباً ۹۲۱ع میں پھُنچے کیوں کہ اِسی حال میں خلیفہ مقتدر باللّٰہ نے رُوسی وں کے پاس سفیر بھیجے تا کہ جو رُوسی اِسلام لے آے ھیں، ان کے دین کو متحکم ِکیا جاے اورعلمِ دین کی ان کو تعلیم وتلقین ھو

اِسی خلیفہ کے زمانے میں شاہ بلغاریہ اپنے تمام خاندان سمیت مسلمان ھوگیا مسلمان ھونے کے بعد خلیفہ سے نماز اور شرایع اِسلام کی تعلیم کے لیے ایک آدمی طلب ِکیا مقتدر نے احمد بن فضلان کو اس فریضے کے لیے روانہ ِکیا احمد اپنے سفرنامہ میں لکھتا ھے [باشکر قوم کا بیان اِبن فضلان یاقُوت دعوتِ اِسلام]

''ھم ۲ محرّم ۳۱۰ کو اِتوار کے دن پھُنچے.. اور اس زمانۂ قیام میں اس مُلک کے بادشاہ اوراس کے خواص قرآن مجید سننے کے لیے حاضر ھوے...''

گویا بلغاریہ میں قرآن ۳۱۰ ہجری میں پھُنچ چکا تھا اوراس کی تعلیم اس وقت شروع ھو گیی تھی

رُوس ھی سے قرآن جزیرہ نُماے کریمیا اور رُوس کے تاتاری مسلمان وں کے توسط سے کوھستان کرغیز میں ۱۷۷۳ع میں پھُنچا، خود رُوس میں قرآن ۱۷۷۷ع میں مع تفسیر چار جِلد وں میں شایع ِکیا گیا اور اگرچہ ملکہ کیتھراین دوم کا مقصد اس سے صرف یھ تھا کہ اس سے ان تاتاری وں کو جو بہ ظاہر عیسای اور بہ باطن مسلمان تھے عیسای مذھب کا شیدا بنایا جاے مگر قرآن کی اشاعت وتعلیم نے الٹا اثر ِکیا اور بھُت سے رُوسی مسلمان ھوگیے

## قرآن دیگر حِصص عالم میں

قرآن کرۂ ارض کے دیگر مما لک میں کیوں کر پھُنچا، یھ ایک دل چسپ داستان ھے لیکن سرِ دست ھمارے مقصد کے لیے جو کچھ بیان ھو چکا کافی ھے ھم صرف اس قدر کہنا چاھتے ھیں کہ قرآن کی اشاعت میں مسلمان وں کی ہمت اور معاندین کی کوشش دونو کو دخل ھے جیسا کہ صفحات آیندہ سے ظاہر ھوگا

Marfat.com

مصر کے سلطان رکن الدّین نے برکہ خاں کو ایک خط لکھا تو قاصدوں نے واپس آ کر بیان کیا کہ برکہ خاں کے امیروں کے ھاں اور ہر ایک شہزادے کے ھاں ایک ایک امام اور مؤذن مقرر ھے اور بچوں کو مکتب میں قرآن پڑھایا جاتا ھے [مقریزی، ص ۲۱۵ دعوتِ اسلام] خود ہلاکو خاں کے بیٹے تکودار نے عیسایت کو ترک کر کے اِسلام اختیار کیا سلطان محمد (یا احمد) اپنا نام رکھا اور بھت سے تاتاریوں کو مسلمان کیا، اس نے سلطان مصر کو صحیح اِسلامی رنگ میں ایک خط لکھا جس میں یہ فقرات بھی درج تھے

> ''اللہ نے اپنی عنایت اور ہدایت کی روشنی سے آغاز نوجوانی کے زمانے میں ھم کو اپنی اُلوہیت اور وحدانیت کا اقرار کرنے اور محمد (ﷺ) کی تصدیق کرنے اور اپنے دوستوں اور نیک بندوں کی نسبت خوش اعتقاد رھنے کی ہدایت کی ھے، وہ جس کسی کو ہدایت پر لانا چاھتا ھے، اس کے دل کو دینِ اِسلام قبول کرنے کے لیے کھول دیتا ھے'' [سورہ ۶:۱۲۵]

تکودار ایک باغی کے ھات سے قتل ھوا اور کچھ مدت کے لیے اس مُلک میں اِسلام کی روشنی پھر کسوف میں پڑ گیی لیکن اِسی سلسلے میں سلطان غازان کو جو بدھ مذہب کا پیرو تھا اللہ نے ہدایت کی روشنی بخشی اور وہ مسلمان ھو گیا، اس نے اِسلام کی ویران کھیتی کو پھر ہرا کیا اور ایران کے مغلوں میں اِسلام کی جڑ مضبوط ھو گیی بلادِ متوسط میں چغتای خاں کے پڑپوتے براق خاں نے ۱۲۶۶ میں مسلمان ھو کر اپنا نام سلطان غیاث الدّین رکھا قرآن کی تعلیم رواج پزیر ھوی مگر اس کی موت نے ایک دفعہ اور مغلوں کے قدیم مذہب کو زندہ کر دیا، اِسی اثنا میں سلطان کاشغر جس کا نام تغلق تیمور خاں تھا شیخ جمال الدّین ایرانی کی تلقین سے مسلمان ھوا شیخ نے جب قرآن کی مجلّد اس مغرور بادشاہ کے ھات میں دی اور اُسے اس کی تعلیم سے آگہ کیا تو تغلق کا دل موم ھو گیا لیکن وہ علانیہ قرآن کا علَم بلند نھیں کر سکتا تھا جو اس نے بعد میں کیا اِدھر سیر اوار دا کے اُمرا جوق در جوق مسلمان ھو رھے تھے اُزبک خاں (۱۳۱۳ سے ۱۳۲۷ تک) کے دستِ عمل نے راستا بالکل صاف کر دیا اور سارا مُلک اِسلام کے آغوش میں آ گیا قرآن ان خطوں میں ذوق و شوق کے ساتھ پڑھا جانے لگا جس کی آواز وسط ایشیا میں بھی اپنا اثر کرنے لگی اور رفتہ رفتہ اُزبک کے نام سے اُزبک قوم کی بنیاد پڑی جس نے قرآن کو اپنا رہ نُما بنایا اُزبک نے یھاں سے اپنا رُخ رُوس کی طرف پھیرا مگر اسے کامیابی نہ ھوی، اس نے عیسایوں کو پوری مذہبی آزادی دے رکھی تھی اور ان کے مذہب میں کسی قسم کی مداخلت روا نہ رکھتا تھا

Marfat.com

# یورپ میں قرآن کی عربی اشاعتیں

قرآن کا ایک عربی نسخہ الگ زینڈر پگ نینی (Alexender Pagnini) نے وینس سے ۱۵۳۰ء میں شایع کیا، یہ نسخہ پوپ کے حکم سے جلا دیا گیا اور اس کی کوئی نقل موجود نھیں

فریڈرک دوم (جو چھٹی صلیبی جنگ کا سپہ سالار تھا) عربی میں پوری طرح ماہر تھا، اس کے عہد میں اٹلی کے کیی علم دوست امرای خاندانوں نے مشرقی اور عربی کتابوں کی طباعت شروع کی بحرایڈریاٹک پر پہلا مطبع شہر رانو میں قایم ھوا ۱۶۲۴ء میں اس میں قرآن مجید اور عربی زبان کی متعدد طبی اور علمی کتابیں چھاپی گییں

ایک عربی نسخہ 'القرآنس سن لیکس اِسلامٹیکا' (Al Coranus Sen lex Islamitica) کے نام سے اِے ھنکل من (A Hinkelmann) نے ۱۶۴۹ء میں ھمبرگ سے شایع کیا بعد ازاں ۱۸۳۴ سے ۱۸۵۳ء تک اس کے پانچ مختلف تقطیع اور خصوصیات کی اشاعتیں ھویں

قرآن کی ایک عربی اشاعت 'القرآن' کے نام سے مع تفسیر کیتھراین دوم (Catherine) شھنشہ بیگم رُوس کے حکم اور خرچ سے بہ مقام سینٹ پیٹرز برگ ۱۷۷۷ء میں چار جلدوں میں شایع کیا گیا، اس کی چار اور طباعتیں اِسی شہر میں یکے بعد دیگرے ۱۷۹۰، ۱۷۹۳، ۱۷۹۶ اور ۱۷۹۸ میں اور قازان Kasan میں تین اور طباعتیں ۱۸۰۳، ۱۸۰۹ اور ۱۸۳۹ میں ھویں

اس کی چند اور معرّا اشاعتیں قازان میں ۱۸۱۷، ۱۸۲۱، ۱۸۴۳ میں ھویں اور آخری اشاعت چھے جلدوں میں وھیں ۱۸۹۱ء میں ھوی

ایک عربی اشاعت 'قرآنی ٹیکس ٹس عربین' (Qorani Textus Arabians etc) کے نام سے مشہور جرمن مستشرق جی فلوگل (G.Flugal) نے لِپسا (لپزگ) سے مع تنقید ۱۸۲۴ء میں شایع کیا، اس کی دوسری اشاعت ۱۸۴۲ میں اور تیسری ۱۸۶۹ء میں زیورِ طبع سے آراستہ ھوی جی فلوگل نے قرآن کریم کی فہرستِ الفاظ 'نجوم الفرقان' کے نام سے اس کے آخر میں درج کی ھے جس کی مدد سے قرآن کی ہر آیت حسبِ موقع وحاجت بآسانی نکالی جاسکتی ھے فلوگل ۱۸۰۲ء میں پیدا ھوا، اس کی سعی سے عربی زبان کی قریباً پچاس کتابیں شایع ھویں

عام طور پر خیال کیا جاتا ھے کہ فہرستِ الفاظ کے بارے میں اوّلیت کا سہرا جی فلوگل کے سر ھے لیکن

Marfat.com

اُزبک سے قریباً ایک صدی قبل بلغاری مسلمانوں نے رُوس کو قرآن کی روشنی سے منور کرنا چاہا تھا مگر انھیں بھی کامیابی نھیں ھوی تھی

## قرآن بلغاریہ میں

بلغاریہ کے مسلمان ان مسلمان تاجروں کی ہدایت سے مسلمان ھوے تھے جو شمالی مُلکوں میں پشمینہ وغیرہ کی تجارت کرتے تھے۔ یھ تاجر رُوسیوں میں غالباً ۹۲۱ء میں پھُنچے کیوں کہ اِسی حال میں خلیفہ مقتدر باللہ نے رُوسیوں کے پاس سفیر بھیجے تاکہ جو رُوسی اِسلام لے آے ھیں، ان کے دین کو مستحکم کیا جاے اور علمِ دین کی ان کو تعلیم و تلقین ھو

اِسی خلیفہ کے زمانے میں شاہ بلغاریہ اپنے تمام خاندان سمیت مسلمان ھوگیا مسلمان ھونے کے بعد خلیفہ سے نماز اور شرایع اِسلام کی تعلیم کے لیے ایک آدمی طلب کیا مقتدر نے احمد بن فضلان کو اس فریضے کے لیے روانہ کیا احمد اپنے سفرنامہ میں لکھتا ھے [باشکر قوم کا بیان ابن فضلان یاقوت دعوتِ اِسلام]

> ''ھم ۲ محرّم ۳۱۰ کو اتوار کے دن پھُنچے.. اور اس زمانۂ قیام میں اس مُلک کے بادشاہ اور اس کے خواص قرآن مجید سننے کے لیے حاضر ھوے...''

گویا بلغاریہ میں قرآن ۳۱۰ ہجری میں پھُنچ چکا تھا اور اس کی تعلیم اس وقت شروع ھو گیی تھی

رُوس ھی سے قرآن جزیرہ نُماے کریمیا اور رُوس کے تاتاری مسلمانوں کے توسط سے کوھستان کرغیز میں ۱۷۷۳ء میں پھُنچا، خود رُوس میں قرآن ۱۷۷۷ء میں مع تفسیر چار جلدوں میں شایع کیا گیا اور اگرچہ ملکہ کیتھراین دوم کا مقصد اس سے صرف یھ تھا کہ اس سے ان تاتاریوں کو جو بہ ظاھر عیسای اور بہ باطن مسلمان تھے عیسای مذھب کا شیدا بنایا جاے مگر قرآن کی اشاعت و تعلیم نے الٹا اثر کیا اور بھُت سے رُوسی مسلمان ھوگیے

## قرآن دیگر حِصصِ عالم میں

قرآن کرۂ ارض کے دیگر ممالک میں کیوں کر پھُنچا، یھ ایک دل چسپ داستان ھے لیکن سرِ دست ھمارے مقصد کے لیے جو کچھ بیان ھو چکا کافی ھے ھم صرف اس قدر کہنا چاھتے ھیں کہ قرآن کی اشاعت میں مسلمانوں کی ھمت اور معاندین کی کوشش دونو کو دخل ھے جیسا کہ صفحات آیندہ سے ظاھر ھوگا

Marfat.com

یہ خیال غلط ہے مصطفیٰ خاں بن محمد سعید ایک افغان حضرت اورنگ زیب عالم گیر کے عہد میں ایک جلیل القدر عہدے پر ممتاز تھے، انھوں نے 'نجوم الفرقان' ۱۶۹۱ء میں تصنیف کی جس کے ذریعہ ہر ایک لفظ کا محلِ وقوع نہایت آسانی کے ساتھ معلوم ہوسکتا ہے یہ کتاب مبسوط اور جامع ہے اور جی فلوگل کی مطبوعہ 'نجوم الفرقان' حقیقت میں اِسی تالیف کی ایک اصلاح یافتہ صورت ہے

اِسی اشاعت کو بعد نظر ثانی جی ایم ریڈسلاب (G.M.Redslob) نے 'قرآنس عربیٰ' (Coranus Arabic) کے نام سے بہ مقام لپسا ۱۸۳۷ء میں شایع کیا

ایک اور عربی اشاعت مع تفسیر بیضاوی ایچ ایل فلیشر (H.L.Fleischer) نے لپسا سے بیاوی کمن ٹیریس اِن قرانم (Beiahawii Commentarius Coranum&c) کے نام سے دو جلدوں میں ۱۸۴۶ء میں شایع کیا

قریباً ۲۶ سال پیش تر علامہ اسماعیل غصب نسکی بے نے سینٹ پیٹرز برگ اور قازان میں قرآن کی خاص عربی اشاعتیں طبع کیں علامہ کی رائے تھی کہ قسطنطنیہ اور قاہرہ میں قرآن کے جو عربی نسخے شایع کیے گیے ھیں، ان میں کتابت کی غلطیاں راہ پا گیی ھیں، اس لیے انھوں نے یہ جدید اشاعت طبع کرائے جن میں سے ایک کا نام 'کلامِ قدیم' رکھا

# تراجمِ قرآن: مغربی زبانوں میں

اس باب میں بتایا گیا ہے کہ مغرب کی کون کون سی زبانوں میں قرآن کریم کا ترجمہ ہوچکا ہے، کن لوگوں نے ترجمے کیے؟ کیوں کیے؟ کب کیے؟ اور کہاں شایع ہوے؟

السنہ مغربی میں قرآن کریم کا ترجمہ کرنے کا خیال سب سے اوّل مقام کلونی (فرانس) کے راہب پطرس نرابلس کے دل میں پیدا ہوا جس نے قرآن کو پہلی مرتبہ لاطینی زباں کے سانچے میں ڈھالا راہب مذکور کا انتقال ۱۱۵۷ء میں ہوگیا اور ترجمہ ایک انگریز رابرٹ آف رے ٹینا (Robert of Retina) اور ایک جرمن ھرمن آوڈالے تیا (Herman of Dalmatia) کی مساعی سے تکمیل کو پھنچا اگرچہ ترجمہ ۱۱۴۳ء میں مکمّل ہوچکا تھا، تاہم قریباً چارسو سال تک وہ ایک خانقاہ میں پوشیدہ پڑا رہا اور اسے کھلم کھلا شایع کرنے کی کسی کو جرأت نہ ھوی حتا کہ ۱۵۴۳ء میں تھیوڈور بلی انڈر

Marfat.com

# یورپ میں قرآن کی عربی اشاعتیں

قرآن کا ایک عربی نسخہ الگ زینڈر پگ نینی (Alexender Pagnini) نے وینس سے ۱۵۳۰ء میں شایع کیا، یہ نسخہ پوپ کے حکم سے جلا دیا گیا اور اس کی کوی نقل موجود نھیں

فریڈرک دوم (جو چھٹی صلیبی جنگ کا سپہ سالار تھا) عربی میں پوری طرح ماہر تھا، اس کے عہد میں اٹلی کے کیی علم دوست امرای خاندانوں نے مشرقی اور عربی کتابوں کی طباعت شروع کی بحرایڈریاٹک پر پہلا مطبع شہر رانو میں قایم ھوا ۱۶۲۴ء میں اس میں قرآن مجید اور عربی زبان کی متعدد طبی اور علمی کتابیں چھاپی گییں

ایک عربی نسخہ 'القرآنس سن لیکس اِسلامٹیکا' (Al Coranus Sen lex Islamitica) کے نام سے اِے ھنکل مَن (A Hinkelmann) نے ۱۶۴۹ء میں ھمبرگ سے شایع کیا بعد ازاں ۱۸۳۴ سے ۱۸۵۳ء تک اس کے پانچ مختلف تقطیع اور خصوصیات کی اشاعتیں ھویں

قرآن کی ایک عربی اشاعت 'القرآن' کے نام سے مع تفسیر کیتھراین دوم (Catherine) شہنشہ بیگم رُوس کے حکم اور خرچ سے بہ مقام سینٹ پیٹرز برگ ۱۷۷۷ء میں چار جلدوں میں شایع کیا گیا، اس کی چار اور طباعتیں اِسی شہر میں یکے بعد دیگرے ۱۷۹۰، ۱۷۹۳، ۱۷۹۶ اور ۱۷۹۸ میں اور قازان Kasan میں تین اور طباعتیں ۱۸۰۳، ۱۸۰۹ اور ۱۸۳۹ میں ھویں

اس کی چند اور معرّا اشاعتیں قازان میں ۱۸۱۷، ۱۸۲۱، ۱۸۴۳ میں ھویں اور آخری اشاعت چھے جلدوں میں وھیں ۱۸۹۱ء میں ھوی

ایک عربی اشاعت 'قرآنی ٹیکس ٹس عربین' (Qorani Textus Arabians etc) کے نام سے مشھور جرمن مستشرق جی فلوگل (G.Flugal) نے لِپسا (لپزگ) سے مع تنقید ۱۸۲۴ء میں شایع کیا، اس کی دوسری اشاعت ۱۸۴۲ میں اور تیسری ۱۸۶۹ء میں زیورِ طبع سے آراستہ ھوی جی فلوگل نے قرآن کریم کی فہرستِ الفاظ 'نجوم الفرقان' کے نام سے اس کے آخر میں درج کی ھے جس کی مدد سے قرآن کی ہر آیت حسبِ موقع وحاجت بآسانی نکالی جاسکتی ھے فلوگل ۱۸۰۲ء میں پیدا ھوا، اس کی سعی سے عربی زبان کی قریباً پچاس کتابیں شایع ھویں

عام طور پر خیال کیا جاتا ھے کہ فہرستِ الفاظ کے بارے میں اوّلیت کا سہرا جی فلوگل کے سر ھے لیکن

Marfat.com

(Theodore Bibliendre) نے اسے باسل وسویزرلینڈ سے شایع کیا، یہ ترجمہ بعد ازاں تین مختلف زبانوں اطالی، جرمن اورڈچ (ولندیزی) میں شایع ہوا
دوسرا لاطینی ترجمہ مع متن، شرح اور تردیدی حواشی ۱۶۹۸ء میں فادر لیوس مراکشی (Father Lewis Maracci.) نے مقام پدوا (اٹلی) سے چالیس برس کی محنتِ شاقہ کے بعد شایع کیا مراکشی پوپ انوسنٹ یازدہم کا رفیقِ طریق اورنہایت متعصب راہب تھا
اس ترجمہ کی نسبت جارج سیل (George Sale) کی رائے ہے کہ ''عام طور پر وہ بالکل صحیح ہے، مگرعربی محاورے کا اس درجہ خیال رکھا گیا ہے کہ آسانی سے سمجھ میں نہیں آسکتا......شرح بہت مفید ہے لیکن تردیدی حواشی غیرتسلی بخش اور بعض حالتوں میں خارج البحث ہیں''
موسیوسیوا (M.Savay) شی (اس ترجمہ کی نسبت لکھتا ہے کہ اس نے ترجمہ لفظی کیا ہے اور قرآن کے مضمون کو بیان نہیں کیا بل کہ اس کو لاطینی وحشی زباں میں پریشان کردیا ہے گو اصل عبارت کی خوبیاں جاتی رہیں'' تاہم اس ترجمہ کوموسیوا ے ڈورایر (AndrewDuRyer) کے ترجمہ پر ترجیح ہے''
بلی انڈر کے شایع کردہ ترجمہ کی اشاعت بعد میں ۱۵۵۰ء اور ۱۷۲۱ء میں لپسا سے شایع ہوا لپسا ھی میں ایک عربی لاطینی قرآن جسٹس فریڈریکس (JusticeFerweripF) نے ۱۷۶۸ء میں طبع کیا اور اِسی قسم کی ایک اشاعت ۱۶۴۶ء میں امسٹرڈم (ہالینڈ) سے شایع ہوا پیٹرز ماکر نے اندلس کا سفرکرکے عربی زباں سے واقفیت حاصل کی قرآن کریم کا عربی ترجمہ کیا اور آں حضرت (ﷺ) کے سوانحِ عمری بھی لاطینی میں ترتیب دیے..
ایم انڈریوڈورایر نے جو سترہ ویں صدی مسیحی میں مصر میں فرانسیسی قونصل تھا اور عربی اور ترکی زبانیں بہ خوبی جانتا تھا، قرآن کا ترجمہ فرانسیسی زباں میں کرکے ۱۶۴۷ء میں پیرس میں چھپوایا، یہ ترجمہ روٹن ان سس کے ترجمہ سے بہ تر ہے مگر بہ قول جارج سیل اس کا ہر صفحہ اغلاط سے پُر ہے سیواری نے اس ترجمہ کو ایک ''نثر غیر منتظم و بے رونق'' بتاتے ہوے لکھا ہے کہ ''اس ترجمہ میں کوئی نہیں خیال کرسکتا کہ قرآن عربی زباں میں فرد اور وحید ہے ''
اس کے بعد ایک ترجمہ موسیو سیواری نے ۱۷۵۳ء میں ایک موسیو گارسن ڈی ٹاسی (Garsin de Tacy) نے ۱۸۲۹ء میں اور ایک ترجمہ کازی مرسکی (Kasimirski) نے جو عربی وفرنچ ڈکشنری کا مؤلف ہے ۱۸۴۰ء میں چھپوایا کازیمرسکی پولینڈ میں پیدا ھوا اور فرانس میں سکونت اختیار کی، اپنی سلاست اور روانی کے لیے اس کا ترجمہ فرانس کے علمی حلقوں میں مشہور ہے،

Marfat.com

یہ خیال غلط ہے مصطفٰی خاں بن محمد سعید ایک افغان حضرت اورنگ زیب عالم گیر کے عہد میں ایک جلیل القدر عہدے پر ممتاز تھے، انھوں نے 'نجوم الفرقان' ۱۶۹۱ء میں تصنیف کی جس کے ذریعہ ہر ایک لفظ کا محلِ وقوع نہایت آسانی کے ساتھ معلوم ہوسکتا ہے یہ کتاب مبسوط اور جامع ہے اور جی فلوگل کی مطبوعہ 'نجوم الفرقان' حقیقت میں اسی تالیف کی ایک اصلاح یافتہ صورت ہے

اِسی اشاعت کو بعد نظرثانی جی ایم ریڈسلاب (G.M.Redslob) نے 'قرآنس عربی' (Coranus Arabic) کے نام سے بہ مقام لپسا ۱۸۳۷ء میں شایع کیا

ایک اور عربی اشاعت مع تفسیر بیضاوی ایچ ایل فلیشر (H.L.Fleischer) نے لپسا سے بیاوی کمن ٹیریس اِن قرانم (Beiahawii Commentarius Coranum&c) کے نام سے دوجلدوں میں ۱۸۴۶ء میں شایع کیا

قریباً ۲۶ سال پیش تر علامہ اسماعیل غصب نسکی بے نے سینٹ پیٹرز برگ اور قازان میں قرآن کی خاص عربی اشاعتیں طبع کیں علامہ کی رائے تھی کہ قسطنطنیہ اور قاہرہ میں قرآن کے جو عربی نسخے شایع کیے گیے ہیں، ان میں کتابت کی غلطیاں راہ پا گیی ہیں، اس لیے انھوں نے یہ جدید اشاعت طبع کرائے جن میں سے ایک کا نام 'کلامِ قدیم' رکھا

# تراجمِ قرآن: مغربی زبانوں میں

اس باب میں بتایا گیا ہے کہ مغرب کی کون کون سی زبانوں میں قرآن کریم کا ترجمہ ہوچکا ہے، کن لوگوں نے ترجمے کیے؟ کیوں کیے؟ کب کیے؟ اور کہاں شایع ہوے؟

السنہ مغربی میں قرآن کریم کا ترجمہ کرنے کا خیال سب سے اوّل مقام کلونی (فرانس) کے راہب پطرس نرابلس کے دل میں پیدا ہوا جس نے قرآن کو پہلی مرتبہ لاطینی زباں کے سانچے میں ڈھالا راہب مذکور کا انتقال ۱۱۵۷ء میں ہوگیا اور ترجمہ ایک انگریز رابرٹ آف رِیے ٹینا (Robert of Retina) اور ایک جرمن ہرمن آوڈالمے تیا (Herman of Dalmatia) کی مساعی سے تکمیل کو پھُنچا اگرچہ ترجمہ ۱۱۴۳ء میں مکمّل ہوچکا تھا، تاہم قریباً چارسو سال تک وہ ایک خانقاہ میں پوشیدہ پڑا رہا اور اسے کُھلم کُھلا شایع کرنے کی کسی کو جرأت نہ ہوی تا کہ ۱۵۴۳ء میں تھیوڈور بلی انڈر

Marfat.com

اس کے ۱۸۴۱ء اور ۱۸۷۵ء میں دو اور اشاعتیں ہوئیں، سیواری اور کازی مرسکی کے ترجمے بعد ازاں کئی مرتبہ شایع ہو چکے ہیں
جی پاتھیر (G.Pathier) نے بھی ۱۸۵۲ء میں پیرس سے ایک فرانسیسی ترجمہ شایع کیا موسیو سالمان ریناش نے بھی ایک ترجمہ فرانسیسی میں چھپوایا ڈاکٹر موریس نے جو فرانس کے نام ور مستشرق اور ماہر علوم عربیہ ہیں گورنمنٹ فرانس کے حکم سے قرآن کریم کا ترجمہ فرانسیسی زباں میں شایع کیا ۱۹۲۶ء میں پیرس کی ایک علمی مجلس نے قرآن کریم کا ایک حصہ 'لی قرآن' کے نام سے چھاپا جھاں تک معلوم ہو سکا ہے ڈن مارک یا ناروے میں کوئی ترجمہ قرآن کا شایع نھیں ہوا ایک ترجمہ سویڈن کی زباں میں تارن برگ (Tarinburg) نے ۱۸۷۴ء میں چھپوایا جو بالکل غلط ہے، اس کے پورے ساٹھ سال بعد یعنی ۱۹۳۴ء میں ایک ترجمہ مسٹر انوکلر (Uno Kallor) نے کیا مسٹر موصوف سویڈن کے ایک عالم آدمی ہیں اور اب اِسلام لے آے ہیں ترجمہ ودکنگ مشن کی مدد سے کیا گیا ہے اور اچھا ہے
سورۃ المعراج کا ترجمہ الفانسو (دہُم) کی درخواست پر تیرھ ویں صدی میں اس کے حکیم ابراہیم نے ھسپانی زباں میں کیا جس کا فرانسیسی ترجمہ بوناونچراوی سیو نے کیا پورے قرآن کا ترجمہ ھسپانی زباں میں نھیں ہوا اور نہ یونانی میں ہوا ہے حال آں کہ مُلک یونان مدت سے اِسلامی ممالک کا ہم سایہ ہے قدیم عبرانی زباں میں قرآن کے ترجمے کا پتا نھیں چلا، لیکن یھودی قاموس العلوم (جیوش انسایکلو پیڈیا) سے عبرانی ترجموں کے بعض ٹکڑوں کا پتا چلتا ہے، علاوہ ازیں ایک کُتب فروش کی فہرست میں بھی قرآن کا ذکر ہے سترھ ویں صدی میں یعقوب بن اسرائیل نے جس کا انتقال ۱۶۴۳ء میں ہوا، قرآن کا لاطینی سے عبرانی میں ترجمہ کیا زمانۂ حال میں قرآن کا عبرانی ترجمہ ہرمن رکنڈرف نے کیا ہے جو لپسا سے ۱۸۵۷ء میں شایع ہوا
جرمن زباں میں قرآن کا ترجمہ سب سے پہلے مشھور جرمن مصلح اور پروٹسٹنٹ فرقہ کے بانی مارٹن لوتھر (Martin Luther) نے کیا جو ۱۰ نومبر ۱۴۸۳ کو پیدا ہوا اور جس نے اندلس میں عربی زباں سیکھی اور اٹلی کی جامعہ میں تعلیم پائی جن میں اس وقت ارسطالیسی اور عربی کا درس دیا جاتا تھا، یھ ترجمہ ایک لاطینی ترجمے کی مدد سے اصل عربی زباں میں کیا گیا، لوتھر پر اس ترجمے کا یھ اثر ہوا کہ اس نے دین مسیحی کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا جس پر اسے سخت اذیتیں دی گییں لیوس مراکشی (Lewis Maracci) نے قرآن اور لُوتھر کے اصول بُت شکنی کو باہم مطابق بتایا ہے لوتھر کی تعلیم قرآن کی تعلیم سے اس

Marfat.com

(Theodore Bibliendre) نے اسے باسل وسویزرلینڈ سے شایع کیا، یہ ترجمہ بعد ازاں تین مختلف زبان وں اطالی، جرمن اورڈچ (ولندیزی) میں شایع ھوا

دوسرا لاطینی ترجمہ مع متن، شرح اور تردیدی حواشی ۱۶۹۸ع میں فادرلیوس مراکشی (Father Lewis Maracci.) نے مقام پدوا (اٹلی) سے چالیس برس کی محنتِ شاقہ کے بعد شایع کیا مراکشی پوپ انوسنٹ یازدہم کا رفیقِ طریق اورنہایت متعصب راہب تھا

اس ترجمہ کی نسبت جارج سیل (George Sale) کی راے ھے کہ ''عام طور پر وہ بالکل صحیح ھے، مگر عربی محاورے کا اس درجہ خیال رکھا گیا ھے کہ آسانی سے سمجھ میں نھیں آ سکتا......شرح بھت مفید ھے لیکن تردیدی حواشی غیر تسلی بخش اور بعض حالت وں میں خارج البحث ھیں''

موسیو سیوا (M.Savay) شی (اس ترجمہ کی نسبت لکھتا ھے کہ اس نے ترجمہ لفظی کیا ھے اور قرآن کے مضمون کو بیان نھیں کیا بل کہ اس کو لاطینی وحشی زَباں میں پریشان کردیا ھے گو اصل عبارت کی خوبیاں جاتی رھیں'' تاہم اس ترجمہ کو موسیوا ے ڈوراپر (AndrewDuRyer) کے ترجمہ پر ترجیح ھے''

بلی انڈر کے شایع کردہ ترجمہ کی اشاعت بعد میں ۱۵۵۰ع اور ۱۷۲۱ع میں لپسا سے شایع ھوا لپسا ھی میں ایک عربی لاطینی قرآن جسٹس فریڈریکس (JusticeFerweripF) نے ۱۷۶۸ع میں طبع کیا اور اِسی قسم کی ایک اشاعت ۱۶۴۶ع میں امسٹرڈم (ھالینڈ) سے شایع ھوا پیٹرز ماکر نے اندلس کا سفر کر کے عربی زَباں سے واقفیت حاصل کی قرآن کریم کا عربی ترجمہ کیا اور آں حضرت (ﷺ) کے سوانحِ عمری بھی لاطینی میں ترتیب دیے..

ایم انڈریوڈوراپر نے جو سترھ ویں صدی مسیحی میں مصر میں فرانسیسی قونصل تھا اور عربی اور ترکی زبانیں بہ خوبی جانتا تھا، قرآن کا ترجمہ فرانسیسی زَباں میں کر کے ۱۶۴۷ع میں پیرس میں چھپوایا، یھ ترجمہ روٹن ان سس کے ترجمہ سے بہ تر ھے مگر بہ قول جارج سیل اس کا ہر صفحہ اغلاط سے پُر ھے سیواری نے اس ترجمہ کو ایک ''نثر غیر منتظم و بے رونق'' بتاتے ھوے لکھا ھے کہ ''اس ترجمہ میں کویی نھیں خیال کرسکتا کہ قرآن عربی زَباں میں فرد اور وحید ھے ''

اس کے بعد ایک ترجمہ موسیو سیواری نے ۱۷۵۳ع میں ایک موسیو گارسن ڈی ٹاسی (Garsin de Tacy) نے ۱۸۲۹ع میں اور ایک ترجمہ کازی مرسکی (Kasimirski) نے جو عربی وفرنچ ڈکشنری کا مؤلف ھے ۱۸۴۰ع میں چھپوایا کازیمرسکی پولینڈ میں پیدا ھوا اور فرانس میں سکونت اختیار کی، اپنی سلاست اور روانی کے لیے اس کا ترجمہ فرانس کے علمی حلقوں میں مشہور ھے،

Marfat.com

درجہ مشابہ تھی کہ جرمنی کے متعصب پادری وں نے اس پر در پردہ اِسلام پھیلانے کا الزام لگایا اور حقیقت میں لوتھر کی اصلاحی تحریک تعلیم قرآن ھی کا پرتو تھی

ایک جرمن ترجمہ شویگر (Schweigger) نے اطالی سے تارِن برگ میں چھپوایا، اسی طرح فریڈرک میگرلین (Frederik Megerlin) نے بھی ایک ترجمہ ۱۷۷۲ء میں جرمن میں شایع کیا سیل کے انگریزی ترجمہ قرآن کا جرمن ترجمہ تھیوڈور آرنلڈ (Theodore Arnold) نے ۱۷۴۶ء میں لگو (جرمنی) سے شایع کیا لیکن قرآن کریم کا بہ ترین جرمن ترجمہ وہ ھے جو سی بوایسن (C.Boyson) نے ۱۷۷۳ء میں کیا اور مع دیباچہ وحواشی شایع کیا، اس ترجمہ کو جی واہل نے بعد نظر ثانی ۱۸۲۸ء میں چھپوایا ۱۸۵۳ء میں ایک ترجمہ المان (Ullmann) نے کیا جس کی کیی اشاعتیں ھو چکی ھیں ایک ترجمہ ھنگ (Henning) نے بہ مقام لِپسا اور ایک ترجمہ گریگل (Grigull) نے بالی سے شایع کیا فریڈرک روکرٹ (Fredrich Rukart) کے ترجمہ کردہ حصص قرآن کو آگسٹ ملر (AugustMuller) نے ۱۸۸۸ء میں طبع و شایع کیا

ایم کلامراتھ (M.Klamroth) نے پچاس قدیم سورت وں کا ترجمہ ڈای فونزک السٹس ٹن سورن کے نام سے ۱۸۹۰ء میں ھیم برگ سے شایع کیا جس میں سورت وں کی ترتیب کو پورے طور پر ملحوظ رکھا گیا ھے لِپسا کے مشہور عالم عربی ایچ ایل فلیشر (H.L.Fleisher) نے بھی قرآن کا جرمن میں ترجمہ کیا مگر وہ انطباع پزیر نھیں ھوا

ڈاکٹر نولڈیکی (Dr.Noldeke) کا خیال ھے کہ جرمن ترجمے انگریزی ترجموں کے برابر اچھے نھیں احمدیہ انجمنِ اشاعتِ اِسلام لاھور کا جرمن ترجمۃ القرآن مع تفسیر بہ مقام برلن ۱۹۳۸ء میں شایع ھوا، یہ جرمن زَباں میں پھلا مستند اور صحیح ترجمہ ھے تفسیر یورپ کے مذاق اور ضروریات کو پیشِ نظر رکھ کر لکھی گیی ھے

ڈچ (ولن دیزی) زَباں میں سب سے پھلا ترجمہ 'دِعریش القرآن' کے نام سے شویگر کے ترجمہ کی بنا پر ۱۶۴۱ء میں ھم برگ سے شایع کیا گیا ایک اور ترجمہ دوراِیر کے ترجمے سے جے ایچ گلیس سیکر نے لیڈن میں ۱۶۵۸ء میں چھاپا جس کے بعد چھے اشاعتیں ھویں ڈیلفٹ (ھالینڈ) کے پروفیسر شرع محمدی (ﷺ) ڈاکٹر کیرز نے بھی ایک ترجمہ ۱۸۶۰ء میں ھارلم سے شایع کیا بعد ازاں ڈاکٹر ڈی کیسر نے سیل کے انگریزی ترجمہ کو ڈچ زَباں کا لباس پہنا کر چھاپا اور وھی اس وقت ھالینڈ میں رائج ھے ۱۹۳۰ء میں ایک اور ترجمہ ڈچ زَباں میں ھیگ کے ایک ڈچ مسلمان فاضل نے شایع کیا، جو

Marfat.com

اس کے ۱۸۴۱ء اور ۱۸۷۵ء میں دو اور اشاعتیں ہوئیں، سیواری اور کازی مرسکی کے ترجمے بعد ازاں کئی مرتبہ شائع ہو چکے ہیں

جی پاتھیر (G.Pathier) نے بھی ۱۸۵۲ء میں پیرس سے ایک فرانسیسی ترجمہ شائع کیا موسیو سالمان ریناش نے بھی ایک ترجمہ فرانسیسی میں چھپوایا ڈاکٹر موریس نے جو فرانس کے نام ور مستشرق اور ماہر علوم عربیہ ہیں گورنمنٹ فرانس کے حکم سے قرآن کریم کا ترجمہ فرانسیسی زبان میں شائع کیا ۱۹۲۶ء میں پیرس کی ایک علمی مجلس نے قرآن کریم کا ایک حصہ 'لی قرآن' کے نام سے چھاپا جہاں تک معلوم ہو سکا ہے ڈن مارک یا ناروے میں کوئی ترجمہ قرآن کا شائع نہیں ہوا ایک ترجمہ سویڈن کی زبان میں تارن برگ (Tarinburg) نے ۱۸۷۴ء میں چھپوایا جو بالکل غلط ہے، اس کے پورے ساٹھ سال بعد یعنی ۱۹۳۴ء میں ایک ترجمہ مسٹر انوکلر (Uno Kallor) نے کیا مسٹر موصوف سویڈن کے ایک عالم آدمی ہیں اور اب اسلام لے آئے ہیں ترجمہ ودکنگ مشن کی مدد سے کیا گیا ہے اور اچھا ہے

سورۃ المعراج کا ترجمہ الفانسو (دہم) کی درخواست پر تیرھویں صدی میں اس کے حکیم ابراہیم نے ھسپانی زبان میں کیا جس کا فرانسیسی ترجمہ بوناونچراوی سیو نے کیا پورے قرآن کا ترجمہ ھسپانی زبان میں نہیں ہوا اور نہ یونانی میں ہوا ہے حال آں کہ ملک یونان مدت سے اسلامی ممالک کا ہم سایہ ہے قدیم عبرانی زبان میں قرآن کے ترجمے کا پتا نہیں چلا، لیکن یہودی قاموس العلوم (جیوش انسائیکلوپیڈیا) سے عبرانی ترجموں کے بعض ٹکڑوں کا پتا چلتا ہے، علاوہ ازیں ایک کتب فروش کی فہرست میں بھی قرآن کا ذکر ہے سترھویں صدی میں یعقوب بن اسرائیل نے جس کا انتقال ۱۶۴۳ء میں ہوا، قرآن کا لاطینی سے عبرانی میں ترجمہ کیا زمانۂ حال میں قرآن کا عبرانی ترجمہ ہرمن رکنڈرف نے کیا ہے جو لپسا سے ۱۸۵۷ء میں شائع ہوا

جرمن زبان میں قرآن کا ترجمہ سب سے پہلے مشہور جرمن مصلح اور پروٹسٹنٹ فرقہ کے بانی مارٹن لوتھر (Martin Luther) نے کیا جو ۱۰ نومبر ۱۴۸۳ کو پیدا ہوا اور جس نے اندلس میں عربی زبان سیکھی اور اٹلی کی جامعہ میں تعلیم پائی جن میں اس وقت ارسطالیسی اور عربی کا درس دیا جاتا تھا، یہ ترجمہ ایک لاطینی ترجمے کی مدد سے اصل عربی زبان میں کیا گیا، لوتھر پر اس ترجمے کا یہ اثر ہوا کہ اس نے دین مسیحی کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا جس پر اسے سخت اذیتیں دی گئیں لیوس مراکشی (Lewis Maracci) نے قرآن اور لوتھر کے اصول بت شکنی کو باہم مطابق بتایا ہے لوتھر کی تعلیم قرآن کی تعلیم سے اس

Marfat.com

ڈچ زبان کے تمام سابقہ ترجموں سے بہتر ھے
قرآن کریم کا سب سے پہلا رُوسی ترجمہ ۱۷۷۶ء میں سینٹ پیٹرز برگ (حال پردگراڈ) میں انطباع پزیر ہوا اطالی زبان میں 'القرآنو دی مکومیٹو' کے نام سے انڈریا اراوی بین (AndriaArravabene) نے وینس میں ۱۸۴۷ء میں شایع کیا، لیکن چوں کہ وہ بلی انڈر کے لاطینی ترجمہ سے اخذ کیا گیا تھا، اس لیے نقایص سے لبریز تھا قرآن کا ایک اطالی ترجمہ رائیل ٹک نی کل سکول آف میلانو کے پروفیسر اکولیوفرکاسی نے ۱۹۱۴ء میں شایع کیا، اس کے مقدمے میں پہلے ترجموں کی کیفیت اور اس کے بعد مختلف ابواب قرآن کی توضیح کی گیی ھے
پندرہ ویں صدی مسیحی میں جان انڈریز (Jhonnes Andreas) نے جو اگزاٹو (وین شیا) کا باشندہ تھا بشپ بارسلونا اور حاکم ارگون کے حکم سے نہ صرف قرآن کا ترجمہ ارگونی زبان میں کیا بل کہ اس کی شرح بھی چھاپی، یہ شخص پہلے ایک مسلمان فقیہ تھا پھر ولن شیا صوبہ اندلس میں عیسای ھو گیا، اس نے کتُب احادیث کا بھی ترجمہ کیا..
۱۷۰۱ء میں برنسٹڈٹ (ریوشیا) کے ایک درویش بیٹوریا اکولوتھو نے قرآن کی ایک اشاعت برلن میں چھاپی جس میں عربی کے علاوہ فارسی ترکی، اور لاطینی ترجمہ بھی تھا، یہ اشاعت اب نایاب ھے
کچھ زمانہ ھوا خالد شیلڈرک صاحب نے قرآن کا ترجمہ اسپرنٹو میں کرنا شروع کیا تھا ڈاکٹر صاحب موصوف کا خیال ھے کہ اسلام اور اسپرنٹو میں عام طور پر ایک ھی مقصد پیشِ نظر ھے یعنی یہ دونو نسل و رنگ وذات کے مصنوعی حدود کو توڑنا چاھتے ھیں
اب ھم قرآن کے انگریزی تراجم کی طرف متوجّہ ھوتے ھیں: پہلا انگریزی ترجمہ دوورایر کے فرانسیسی ترجمہ سے الگزنڈر راس (Alexander Ross) نے ۱۶۴۹ء میں کیا جو عربی سے محض نابلد تھا اور فرانسیسی میں شُدبُد رکھتا تھا، اس لیے اس کا ترجمہ انتہادرجہ ناقص ھے
جارج سیل کا ترجمہ ۱۷۳۴ء میں شایع ھوا، اس کی کیی اشاعتیں اب تک ھو چکی ھیں، لیکن اس نے خود تسلیم کیا ھے کہ جس طرح پہلے ترجمے ناقص تھے، اِسی طرح اس کا ترجمہ بھی نقایص سے خالی نھیں سمجھنا چاھیے ریورنڈ جے ایم راڈویل ایم اے (Rev.J.M Rodwell. M.A.) اس کی بابت لکھتا ھے کہ سیل نے ترجمہ قرآن میں مراکشی کے تتبع میں تفسیری فقرے بھی متن میں لکھے ھیں اور یہ کہ سیکسنی کی زبان کے عوض اکثر الفاظ لاطینی زبان کے لکھ دیے ھیں "
ریورنڈ راڈویل نے ایک ترجمہ بہ ترتیب نزول سورہ ۱۸۶۱ء میں کیا، اگر چہ ڈاکٹر مارگولیتھ اور دوسرے

Marfat.com

درجہ مشابہ تھی کہ جرمنی کے متعصب پادری وں نے اس پر در پردہ اِسلام پھیلانے کا الزام لگایا اور حقیقت میں لوتھر کی اصلاحی تحریک تعلیم قرآن ہی کا پَر تو تھی

ایک جرمن ترجمہ شویگر (Schweigger) نے اطالی سے تارِن برگ میں چھپوایا، اِسی طرح فریڈرک میگرلین (Frederik Megerlin) نے بھی ایک ترجمہ ۱۷۷۲ء میں جرمن میں شایع کیا سیل کے انگریزی ترجمہ قرآن کا جرمن ترجمہ تھیوڈور آرنلڈ (Theodore Arnold) نے ۱۷۴۶ء میں لگو (جرمنی) سے شایع کیا لیکن قرآن کریم کا بہ ترین جرمن ترجمہ وہ ہے جو سی بوایسن (C.Boyson) نے ۱۷۷۳ء میں کیا اور مع دیباچہ وحواشی شایع کیا، اس ترجمہ کو جی واہل نے بعد نظر ثانی ۱۸۲۸ء میں چھپوایا ۱۸۵۳ء میں ایک ترجمہ المان (Ullmann) نے کیا جس کی کئی اشاعتیں ہو چکی ہیں ایک ترجمہ ہننگ (Henning) نے بہ مقام لِپسا اور ایک ترجمہ گریگل (Grigull) نے بالی سے شایع کیا فریڈرک روکرٹ (Fredrich Rukart) کے ترجمہ کردہ حصص قرآن کو آگسٹ ملر (AugustMuller) نے ۱۸۸۸ء میں طبع و شایع کیا

ایم کلامراتھ (M.Klamroth) نے پچاس قدیم سورت وں کا ترجمہ ڈای فونزک السٹس ٹن سورن کے نام سے ۱۸۹۰ء میں ہیم برگ سے شایع کیا جس میں سورت وں کی ترتیب کو پورے طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے لِپسا کے مشہور عالم عربی ایچ ایل فلیشر (H.L.Fleisher) نے بھی قرآن کا جرمن میں ترجمہ کیا مگر وہ انطباع پزیر نہیں ہوا

ڈاکٹر نولڈیکی (Dr.Noldeke) کا خیال ہے کہ جرمن ترجمے انگریزی ترجموں کے برابر اچھے نہیں احمدیہ انجمنِ اشاعتِ اِسلام لاہور کا جرمن ترجمۃ القرآن مع تفسیر بہ مقام برلن ۱۹۳۸ء میں شایع ہوا، یہ جرمن زباں میں پہلا مستند اور صحیح ترجمہ ہے تفسیر یورپ کے مذاق اور ضروریات کو پیشِ نظر رکھ کر لکھی گئی ہے

ڈچ (ولن دیزی) زباں میں سب سے پہلا ترجمہ 'دِعریش القرآن' کے نام سے شویگر کے ترجمہ کی بنا پر ۱۶۴۱ء میں ہم برگ سے شایع کیا گیا ایک اور ترجمہ دورایر کے ترجمے سے جے ایچ گلیس سیکر نے لیڈن میں ۱۶۵۸ء میں چھاپا جس کے بعد چھ اشاعتیں ہویں ڈیلفٹ (ہالینڈ) کے پروفیسر شرع محمدی (ﷺ) ڈاکٹر کیرز نے بھی ایک ترجمہ ۱۸۶۰ء میں ہارلم سے شایع کیا بعدازاں ڈاکٹر ڈی کیسر نے سیل کے انگریزی ترجمہ کو ڈچ زباں کا لباس پہنا کر چھاپا اور وہی اس وقت ہالینڈ میں رائج ہے ۱۹۳۰ء میں ایک اور ترجمہ ڈچ زباں میں ہیگ کے ایک ڈچ مسلمان فاضل نے شایع کیا، جو

Marfat.com

لوگ وں نے اُس ترجمہ کی بھت تعریف کی ھے تاہم یہ ظاہر ھے کہ اس ترجمہ میں بھی بھت سی غلطیاں موجود ھیں، اس ترجمہ کی دوسری اشاعت ۱۸۷۶ء میں ھوی

قرآن کا ایک اور انگریزی ترجمہ مع مقدمہ ایڈورڈ ھنری پامر (Edward Henry Palmer) نے 'مشرق' کی کتب مقدسہ کے سلسلے میں ۱۸۸۰ ع میں شایع کیا

اس کے علاوہ بابیلوتھی کا اوریئنس میں قرآن کے ایک عربی نسخہ کا ذکر ھے جو ۱۸۳۳ء میں سیرامپور میں مع انگریزی ترجمے کے چھاپا گیا تھا

یہ تمام ترجمے نومسلموں کی کوشش وں سے شایع ھوے ھیں اور یہ ثابت ھو چکا ھے کہ ان میں ترجمے کی صحت سے زیادہ اپنی زباں کی سلاست یا اپنے خیالات کی برتری واشاعت کا لحاظ رکھا گیا ھے

۱۹۰۵ء میں ڈاکٹر محمد عبدُ الحکیم خاں نے ایک انگریزی ترجمہ ہندستان میں چھپوایا اور ۱۹۱۱ء میں اصغر اینڈ کمپنی الہ آباد نے عربی متن مَع انگریزی ترجمہ کے شایع کیا، یہ ترجمہ میرزا ابوالفضل نے کیا تھا، اس کی بڑی تعریف یہ ھے کہ اس کی تعریف مشہور بدخواہِ اِسلام پادری زویمر نے کی ھے

ایک انگریزی ترجمہ قادیان سے ۱۹۱۵ء میں شایع ھونا شروع ھوا تھا جس کا پہلا پارہ ایڈیسن پریس مدراس میں طبع ھوا اصل عربی متن صفحے کے بالای حصہ میں دیا گیا ھے اور ترجمہ وتفسیر زیریں حصہ میں دیے گیے ھیں، اس کے باقی ماندہ پارے نظر سے نھیں گزرے

قرآن کریم کا ایک مکمّل تر انگریزی ترجمہ مولوی محمد علی (ایم اے ایل ایل بی) امیر جماعت احمدیہ لاھور نے کیا ھے جو بڑے اہتمام سے گریشم پریس وِدکنگ میں طبع ھو کر احمدیہ انجمن اشاعتِ اِسلام کی طرف سے ۱۹۱۷ء میں شایع ھوا عربی متن اور انگریزی ترجمہ صفحے کے بالای حصہ میں ایک دوسرے کے مقابل درج کیے گیے ھیں اور تفسیر زیریں حصہ میں درج کی گیی ھے شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ھے جس میں تعلیم قرآن کا مفاد دیا گیا ھے

انگریزی ترجمے کی وہ کوشش بھی قابلِ ذکر ھے جس کی تحریک علامہ شبلی نعمانی مرحوم نے شروع کی تھی، یہ ترجمہ نواب عمادالُملک بہادُر نے شروع کیا تھا مگر مکمّل نھیں ھوا

ایک انگریزی ترجمہ مرزا حیرفت دہلوی (اڈیٹر کرزن گزٹ) نے مع حواشی وتفسیر ۱۹۱۹ء میں شایع کیا، یہ ترجمہ سلیس انگریزی میں ھے اور اس میں زیادہ تر قدیم خیالات کی پیروی کی گیی ھے

اگر لفظی و تاریخی اعتبار سے شائستگی و معقولیت (Rationalism) کے معانی کو بہت زیادہ وقعت دی جائے تو اِسلام یقیناً ایک معقول مذہب ہے، اس قاعدے کے مطابق جو دلایل کی رُو سے قایم کردہ اصولوں پر مذہبی اعتقادات کی بنیاد رکھتا ہے اِسلام پر 'معقولیت' کی تعریف ہُو بہ ہُو صادق آتی ہے، یہ سچ ہے کہ محمد (ﷺ) پیکرِ ذوق و ہیکل جذبہ تھے اور حضور (ﷺ) کا آیئنۂ قلب جوشِ ایمان کی ضیا اور یقین کامل کے لمعات سے روشن تھا آں حضرت (ﷺ) نے اس بیش بہا وصف کی جلوہ باریوں سے اپنے کثیر التعداد پیروؤں کے سینوں کو منوّر کردیا حضور (ﷺ) نے اپنے اس آیین اصلاح کو الہام کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کیا لیکن اس قسم کا الہام ایک قسم کا کشف ہے حضور (ﷺ) کا مذہب تمام کا تمام ایسے اصولوں کا مجموعہ ہے جو معقولیّت کے اُمورِ مسلّمہ پر مبنی ہیں مسلمانوں کے نزدیک عقیدۂ اِسلام کو مجملاً یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ اللّٰہ ایک ہے اور اس کا رسول (برحق) ہے اور ہم جو ٹھنڈے دل سے حضور کی تعلیم و اصول پر نہایت دقت نظر سے غور کرتے ہیں، اس مذہب کے عقیدے کو مختصراً ان الفاظ میں ادا کرتے ہیں 'توحید و رسالت کا یقین' اور اللّٰہ و عاقبت کا ایمان' یہ دو اصول جو مذہبی عقیدے کی اساس اور مذہبی افراد کے نزدیک استدلال و معقولیت کے سنگِ بنیاد پر قایم ہیں قرآن کریم کی مقدس تعلیم کو لبِ لباب ہیں، اس تعلیم کی سادگی اور صفائی فی الواقع وہ زبردست قوّتیں ہیں جو مذہب اور اِسلام اور اس کی تبلیغ و ترقی میں برابر عمل کررہی ہیں لیکن پیغمبرِ عالم (ﷺ) کی مقدس تعلیم و تلقین کی ہر معنا میں عالم گیر ترقی کے باوجود قرآن کریم مسلمانوں کا

Marfat.com

## قرآن مسحور کُن اعجاز کا حامل ھے

ریورنڈ جی ایم راڈویل جنھوں نے قرآن کریم کا ترجمہ بہ ترتیب نزول سورہ کیا ھے اور بڑے متعصب پادری ھیں آخر اس قدر تسلیم کرنے پر مجبور ھوے کہ

"(قرآن کی تعلیم سے) عرب کے سیدھے سادے خانہ بدوش بدّو ایسے بدل گیے جیسے کسی نے سحر کر دیا ھو، بُت پرستی کو مٹانے، جنّات اور مادیات کے شرک کے عوض اللّٰہ کی عبادت قایم کرنے، اطفال کُشی کی رسم کو نیست و نابود کرنے، بھت سے توہّمات کو دور کرنے، اور ازدواج کی تعداد گھٹا کر اُس کی ایک حد معیّن کرنے میں قرآن بے شک عرب وں کے لیے برکت قدوم حق تھا گو عیسای مذاق پر وحی نہ ھو"

## قرآن مُلک فتح کرنے والی سلطنت یں قایم کرسکتا ھے

راڈویل صاحب ھی کا ارشاد ھے کہ "قرآن نے جس طور پر اللّٰہ کی ذات کی تعریف بہ لحاظ اس کی وحدانیت اور تمام جہان کا پروردگار اور عالم الغیب اور قادرِ مطلق ھونے کے بیان کی ھے، اس کے لیے وہ نہایت اعلا درجے کی تعریف کا مستحق ھے اور یہ بھی مان لینا واجب ھے کہ قرآن کو صرف اللّٰہ واحد پر نہایت پُرجوش اور گہرا یقین ھے...... اس میں ایک نہایت اعلا درجے کی عمیق سچای ھے جو ایسے الفاظ میں بیان کی گیی ھے جو باوجود اختصار کے قوی اور کثیر الدلالۃ اور مُلہمانہ حکمت سے بھرے ھوے ھیں اور اس نے ثابت کر دیا ھے کہ اس میں ایسے اصول موجود ھیں جن پر نہایت قوی قومیں اور گو مستقل اور قیام پزیر بادشاہتیں تو شاید نھیں مگر مُلک فتح کرنے والی سلطنت یں ضرور قایم ھوسکتی ھیں

## قرآن میں ایک وسیع قوّت موجود ھے

وہ مزید فرماتے ھیں: یہ زیادہ تر قرآن ھی کی تعلیم کا نتیجہ ھے کہ ایک بے آب و علف جزیرہ نُما کے باشندے جن کے افلاس کی برابری صرف ان کی جہالت ھی کرسکتی تھی، نہ صرف نیے مذھب کے پُرجوش اور سچے پیرو بن گیے بل کہ حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) اور بھت سے اور لوگ وں کی طرح اس کے بہ زورِ شمشیر پھیلانے والے ھوگیے، وہ لوگ مملکت وں کے بانی، شہروں کے آباد کنندہ اور جتنے کُتب خانے انھوں نے خراب کیے تھے ان میں سے زیادہ کُتب خانوں کے جمع کرنے والے ھوگیے فسطاط، بغداد، قرطبہ اور دہلی کو وہ قوّت حاصل ھوی کہ عیسای یورپ کو کپکپا دیا اور اس طرح سے قرآن جس

Marfat.com

ہمیشہ ملجاو ماوا رہا ہے اور یہ وہ کتاب ہے جس میں مسئلہ توحید ایسی نفاست اور پاکیزگی اور ایسے جلال و جبروت اور کمال یقین کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ اسلام کے سوا کسی اور مذہب میں اس کی مثال مشکل سے ملے گی ایک ایسے مذہب کے متعلق جو ایسا مکمل روحانیات کی تمام پیچیدگیوں سے اس قدر مبرا اور ایسا آسان ہو کہ ہر شخص اس کے مسائل فوراً سمجھ سکتا ہو، توقع کی جاسکتی ہے کہ اس میں لوگوں کے دلوں میں گھر کرنے کی معجزانہ طاقت ہوگی اور حقیقتاً اسلام میں ایسی طاقت موجود ہے"

## قرآن پر عمل کرنے سے سارے جہاں کی حکم رانی مل سکتی ہے

موسیو لیون روش فرانسیسی حکومت کے ایک نہایت معتمد کارندے اور جاسوس کی سطور ذیل خاص طور پر قابلِ غور ہیں موسیو موصوف کو حکومت فرانس نے امیر عبدالقادر الجزایری پر جاسوس مقرر کیا اور یہ بھی اشارہ کر دیا تھا کہ اس کے پاس بہ ظاہر مسلمان بن کر رہے اور کوئی ایسی سبیل نکالے کہ اس پر اس کا پورا پورا اعتماد جم جائے، اس نے ایسا کیا اور کام یاب ہوا، اور مسلمانوں کے ملک میں تیس برس اقامت رکھی، اس اثنا میں عربی زبان اور اس کے فنون، اسلام اور اس کے علوم کی تعلیم حاصل کی، اور الجزایر، تونس، مصر، حجاز اور قسطنطنیہ جیسے عظیم الشان اسلامی ملکوں کے حالات اچھی طرح معلوم کیے اور ایک کتاب لکھی جس کا نام "اسلام میں تیس سال" ہے، اس میں وہ لکھتا ہے:

"میں طویل زمانے تک اسلام کو اس واسطے گلے لگائے رہا کہ امیر عبدالقادر کو حکومت فرانس کی کسی چال میں پھنسالوں، میں اس حیلے میں کام یاب ہوا اور امیر نے پورے وثوق کے ساتھ مجھ کو اپنا معتمد بنالیا، میں نے اس دین کو جس کو ہم میں بہت لوگ معیوب کہتے ہیں جہاں تک میرا عرفان ہے ہر دین سے افضل دیکھا، یہ ایک انسانی، طبعی، اقتصادی اور ادبی دین ہے ہمارے قوانینِ وضعیہ میں کوئی ایسا قانون مجھ کو یاد نہیں جو قرآن میں مشروع و موجود نہ ہو میں نے اس قانون کی طرف بھی رجوع کیا جس کو جول سمیون 'شریعتِ طبعیہ' کہتا ہے، تو اس کو بھی ایسا ہی پایا کہ گویا سر بہ سر قرآن کی شریعت اسلامی سے ماخوذ ہے پھر میں نے یہ دریافت کیا کہ مسلمانوں کے نفوس میں اس دین کی تاثیر کیا ہے! تو دیکھا کہ اس نے ان کو شجاعت و شہامت، حلم و خاکساری اور جمال و کرم سے بھرپور کر رکھا ہے، بل کہ میں نے ان کو بھلائی، مہربانی اور احسان میں ان نفوس کے نمونے پر پایا جن کا تصور فلسفی لوگ کسی ایسے عالم میں کیا کرتے ہیں جو شرارت، بے ہودگی اور ناراستی سے نا آشنا سمجھا جاتا ہے پس مسلمان ایک ایسا سادہ آدمی ہے جو کسی سے بدگمانی نہیں کرتا، پھر وہ روزی کی طلب میں کسی حرام

Marfat.com

میں یہ وسیع قوّت پائی جاتی ہے اور جس میں ایسے اصول ہیں کہ جو اس قوّت کے ظہور کا منبع ہیں اِس قابل ہے کہ اس کی قدر ہمیشہ بہ لحاظ ایک مجموعہ قوانین اور سلسلۂ تعلیم مذہبی کے ان تبدیلیوں کے اندازے سے ہونی چاہیے، جو اس نے ان لوگوں کی عادات و اعتقادات میں کیں جنھوں نے اس کو طوعاً خواہ کرہاً قبول کیا''

ا +۲: یہ ہر دو الزامات قطعاً بے بنیاد ہیں اور اب کے لغو اور بے بنیاد ہونے کو خود مخالفین بھی تسلیم کرتے ہیں، پہلے الزام کے لیے 'پریچنگ آو اِسلام' مُصنّف ٹی ڈبلیو آرنلڈ اور دوسرے کے لیے علامہ شبلی کے کتب خانے اسکندریہ کا مطالعہ ضروری ہے (منہاس)

## قرآن ہمیشہ مسلمانوں کا ملجاو ماوا رہا ہے

پروفیسر اڈورڈ مونتے اپنی تالیف 'عیسائی مذہب کی اشاعت اور اس کے مخالف مسلمان'' (ص ۱۷، ۱۸ پیرس ۱۸۹۰ع) میں لکھتے ہیں:

اگر لفظی و تاریخی اعتبار سے شائستگی و معقولیت (Rationalism) کے معانی کو بہت زیادہ وقعت دی جاے تو اِسلام یقیناً ایک معقول مذہب ہے، اس قاعدے کے مطابق جو دلایل کی رُو سے قایم کردہ اصولوں پر مذہبی اعتقادات کی بنیاد رکھتا ہے اِسلام پر 'معقولیت' کی تعریف ہُو بہ ہُو صادق آتی ہے، یہ سچ ہے کہ محمد (ﷺ) پیکرِ ذوق و ہیکل جذبہ تھے اور حضور (ﷺ) کا آیینۂ قلب جوشِ ایمان کی ضیا اور یقین کامل کے لمعات سے روشن تھا آں حضرت (ﷺ) نے اس بیش بہا وصف کی جلوہ باریوں سے اپنے کثیر التعداد پیرووں کے سینوں کو منوّر کردیا حضور (ﷺ) نے اپنے اس آیین اصلاح کو الہام کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کیا لیکن اس قسم کا الہام ایک قسم کا کشف ہے حضور (ﷺ) کا مذہب تمام کا تمام ایسے اصولوں کا مجموعہ ہے جو معقولیّت کے اُمورِ مسلمہ پر مبنی ہیں مسلمانوں کے نزدیک عقیدۂ اِسلام کو مجملاً یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ اللّٰہ ایک ہے اور اس کا رسول (برحق) ہے اور ہم جو ٹھنڈے دل سے حضور کی تعلیم و اصول پر نہایت دقتِ نظر سے غور کرتے ہیں، اس مذہب کے عقیدے کو مختصراً ان الفاظ میں ادا کرتے ہیں 'توحید و رسالت کا یقین' اور اللّٰہ و عاقبت کا ایمان' یہ دو اصول جو مذہبی عقیدے کی اساس اور مذہبی افراد کے نزدیک استدلال و معقولیت کے سنگِ بنیاد پر قایم ہیں قرآن کریم کی مقدس تعلیم کو لبِ لباب ہیں، اس تعلیم کی سادگی اور صفائی فی الواقع وہ زبردست قوّتیں ہیں جو مذہب اور اِسلام اور اس کی تبلیغ و ترقی میں برابر عمل کررہی ہیں لیکن پیغمبرِ عالم (ﷺ) کی مقدس تعلیم و تلقین کی ہر معنا میں عالم گیر ترقی کے باوجود قرآن کریم مسلمانوں کا

Marfat.com

چیز کو حلال نھیں سمجھا کرتا، اِسی لیے وہ اسرائیلی وں اور بعض مسیحی وں سے مال و دولت میں کم تر رھتا ھے
میں نے اسلام میں دو ایسے اجتماعی مسئلوں کا حل دریافت کیا ھے جنھوں نے سارے جہاں کو مشغول رکھا ھے

- قرآن کے اس قول میں ھے اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ ایمان دار بھای بھای ھی ھوتے ھیں، یھ اشتراکیت کا بہ ترین قاعدہ ھے اور
- زکات کے ہر مال دار پر فرض ھونے اور مُفلس وں کو (اگر مال دار بہ رغبت ادا نہ کریں) تو زبردستی اس کے وصول کر لینے کا حق بخش دینے میں (یعنی مسلمان حاکم کی وساطت سے) یھ فوضویت یعنی برچھا گردی کا درماں ھے

اِسلام محامد و فضایل کا دین ھے، اگر اس کو کھیں ایسے اشخاص مل جاتے جو لوگ وں کو جیسی کہ چاھیے اس کی تعلیم دیتے اور اس کی پوری پوری تفسیر کرتے تو مسلمان آج سارے جہان سے ھوتے اور ہر میدان میں اسبق ھوتے لیکن ان کے درمیان ایسے شیوخ پیدا ھو گیے ھیں جو اس کے کلمات کو تحریف، اس کے جمال کو مسخ اور اس میں نی نی باتیں شامل کر رھے ھیں میں قیروان، اسکندریہ اور مکہ میں ایسے ایسے کیی مولوی وں اور مرشدوں کو اس مضمون کے فتوے لکھ لکھ کر بھیجے کہ ان پر فرانسیسی وں کی اطاعت واجب اور ان کے برخلاف شورش کرنا حرام ھے اور یھ بھی لکھا کہ فرانسیسی حکومت خلق کے لیے اللّٰہ پاک کی بہ ترین نعمت ھے اور اس مطلب کو نکالنے کے لیے مجھ کو اس سے زیادہ کوی کلفت نھیں ھوی کہ چند سونے کے برتن نذر کرنے پڑے "

## قرآن ضرور الہامی کتاب ھے

ریورنڈ آرمیک سویل کنگ اپنی تقریر دین اِسلام میں جو ۷ اجنوری 1915 کو قدیم پربی ٹیرین چرچ نیوٹو نارڈز میں کی گیی، فرماتے ھیں: اِسلام کی آسمانی کتاب قرآن ھے جو حضرت محمد (ﷺ) کے زمانہ نبوت کے الہامات کا مجموعہ ھے اس میں نہ صرف مذہب اِسلام کے اصول و قوانین مندرج ھیں بل کہ اخلاق کی تعلیم، روزمرّہ کے کاروبار کے متعلق ہدایات اور قانون بھی ھیں، اس لحاظ سے مسلمان وں کو عیسای وں پر فوقیت ھے کہ اِسلام کی مذہبی تعلیم اور قانون علاحدہ چیزیں نھیں..

قرآن نے یھودی وں، عیسای وں اور زرتشتی وں کے مذاہب پر پوری پوری روشنی ڈالی ھے جس طرح اللّٰہ نے یھودی وں کی تورات سے، عیسای وں کی انجیل سے رہ نُمای کی، اِسی طرح مسلمان وں کو قرآن سے صراطِ مستقیم دکھای..

مذہب اِسلام کی بنا جمہوریت پر ھے، وہ تمام بنی نوع بشر کو برابر سمجھتا ھے اور انسانی روح کو اس ذاتِ

Marfat.com

ہمیشہ ملجاو ماوا رہا ہے اور یہ وہ کتاب ہے جس میں مسئلہ توحید ایسی نفاست اور پاکیزگی اور ایسے جلال و جبروت اور کمال یقین کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ اسلام کے سوا کسی اور مذہب میں اس کی مثال مشکل سے ملے گی ایک ایسے مذہب کے متعلق جو ایسا مکمل روحانیات کی تمام پیچیدگیوں سے اس قدر مبرا اور ایسا آسان ہو کہ ہر شخص اس کے مسائل فوراً سمجھ سکتا ہو، توقع کی جاسکتی ہے کہ اس میں لوگوں کے دلوں میں گھر کرنے کی معجزانہ طاقت ہوگی اور حقیقتاً اسلام میں ایسی طاقت موجود ہے"

## قرآن پر عمل کرنے سے سارے جہاں کی حکمرانی مل سکتی ہے

موسیو لیون روش فرانسیسی حکومت کے ایک نہایت معتمد کارندے اور جاسوس کی سطور ذیل خاص طور پر قابلِ غور ہیں موسیو موصوف کو حکومت فرانس نے امیر عبدالقادر الجزایری پر جاسوس مقرر کیا اور یہ بھی اشارہ کردیا تھا کہ اس کے پاس بہ ظاہر مسلمان بن کر رہے اور کوئی ایسی سبیل نکالے کہ اس پر اس کا پورا پورا اعتماد جم جائے، اس نے ایسا کیا اور کامیاب ہوا، اور مسلمانوں کے ملک میں تیس برس اقامت رکھی، اس اثنا میں عربی زبان اور اس کے فنون، اسلام اور اس کے علوم کی تعلیم حاصل کی، اور الجزایر، تونس، مصر، حجاز اور قسطنطنیہ جیسے عظیم الشان اسلامی ملکوں کے حالات اچھی طرح معلوم کیے اور ایک کتاب لکھی جس کا نام 'اسلام میں تیس سال' ہے، اس میں وہ لکھتا ہے:

"میں طویل زمانے تک اسلام کو اس واسطے گلے لگائے رہا کہ امیر عبدالقادر کو حکومت فرانس کی کسی چال میں پھنسالوں، میں اس حیلے میں کامیاب ہوا اور امیر نے پورے وثوق کے ساتھ مجھ کو اپنا معتمد بنالیا، میں نے اس دین کو جس کو ہم میں بہت لوگ معیوب کہتے ہیں جہاں تک میرا عرفان ہے ہر دین سے افضل دیکھا، یہ ایک انسانی، طبعی، اقتصادی اور ادبی دین ہے ہمارے قوانینِ وضعیہ میں کوئی ایسا قانون مجھ کو یاد نہیں جو قرآن میں مشروع و موجود نہ ہو میں نے اس قانون کی طرف بھی رجوع کیا جس کو جول سیمون 'شریعتِ طبعیہ' کہتا ہے، تو اس کو بھی ایسا ہی پایا کہ گویا سر بہ سر قرآن کی شریعت اسلامی سے ماخوذ ہے پھر میں نے یہ دریافت کیا کہ مسلمانوں کے نفوس میں اس دین کی تاثیر کیا ہے! تو دیکھا کہ اس نے ان کو شجاعت و شہامت، حلم و خاکساری اور جمال و کرم سے بھرپور کر رکھا ہے، بل کہ میں نے ان کو بھلائی، مہربانی اور احسان میں ان نفوس کے نمونے پر پایا جن کا تصور فلسفی لوگ کسی ایسے عالم میں کیا کرتے ہیں جو شرارت، بے ہودگی اور ناراستی سے ناآشنا سمجھا جاتا ہے پس مسلمان ایک ایسا سادہ آدمی ہے جو کسی سے بدگمانی نہیں کرتا، پھر وہ روزی کی طلب میں کسی حرام

Marfat.com

پاک سے اور بھی پیوستہ کرتا ہے جس سے وہ آگے ہی گہرا تعلق رکھتی ہے، نیز جو اس کا منبع ہے اِسلام کی جمہوری تعلیم میں ایک حصہ عورت وں کے متعلق بھی ہے قرآن میں جہاں کہیں عورت وں کا ذکر آیا ہے تعظیمی الفاظ استعمال کیے گیے ہیں ماں کے ساتھ محبت رکھنے اور اس کی تعظیم کرنے اور بیوی کے ساتھ محبت وشفقت کرنے پر پورا زور دیا گیا ہے

پیروانِ اِسلام کا حُسنِ اخلاق قابلِ تعریف ہے، ان کا طرزِ عمل اللّٰہ کے احکام کے تابع ہے تسلیم ورضا یعنی اپنے تمام امورِ اللّٰہ کے سپرد کر دینا مسلمان وں کی مذہبی زندگی کی ایک لازمی شرط ہے جو مذہب رضائے الٰہی پر راضی رہنے کی ایسی عمدہ تعلیم دے اس کے پیرو یقیناً صداقت، دوست اور انصاف پسند، داد و ستد کے کھرے اور عہد کے پکے ہوں گے، یہ قرآن سے ثابت ہوسکتا ہے اگر ہم اس کے برخلاف ثابت کرنا چاہیں تو ہماری اپنی عقل ہی انکار کردے گی

اکثر کہا جاتا ہے کہ قرآن محمد (ﷺ) کی تصنیف ہے اور اس میں جو کچھ ہے، وہ سب توریت اور انجیل وغیرہ سے لیا گیا ہے، مگر میرا ایمان ہے کہ اگر الہامی دنیا میں الہام کوئی شے ہے اور الہام کا وجود مُکمّل ہے تو قرآن شریف ضرور الہامی کتاب ہے عیسائی کہتے ہیں کہ ''پیغمبرِ اِسلام سچے نبی نہ تھے اور قرآن ان کی ذاتی تصنیف ہے'' اگر یہ ہو تو محمد (ﷺ) کو ایسی کتاب کی کیا ضرورت پڑی تھی کہ اپنے کو خود ہی ملامت کرتے اور پھر اس سرزنش کو قرآن میں رہنے دیتے۔۔

## قرآن کا نزول ضُرور وحیِ الٰہی سے ہوا ہے

ڈاکٹر پاؤل گرے نیر (Dr. Paul Grenier) سابق ممبر مجلسِ شُورا فرانس نے استاد محمود بک سالم سے اپنے قبولِ اِسلام کا سبب بیان کرتے ہوے کہا

''میں ایامِ شباب میں بحری طبیب تھا اور ہمیشہ جہازوں میں ماء وسما کے مابین دن گزارتا تھا، ایک دفعہ مجھ کو قرآن کا ایک نسخہ موسیو سا قاری کے قلم سے فرانسیسی میں ترجمہ کیا ہوا دست یاب ہوا، اس میں مَیں نے سورۂ نور کی ایک آیت کا ترجمہ پڑھا جس میں یہ ذکر تھا کہ وہ اپنے انکار کی حالت میں اِسی طرح دیوانہ وار ہاتھ پاؤں مارتا ہے جیسے کہ ڈوبنے والا جاڑوں کے دن جب کہ گھٹاٹوپ بادل چھا رہا ہو لہروں کی تاریکی وں میں بے ہُودہ تگ ودو کرتا ہے اور وہ آیت یہ تھی اَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ، مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِنْ نُّورٍ ٥ (ترجمہ) یا جیسے کہ تاریکیاں کسی گہرے سمندر میں جس کو ڈھانپے ہوے ہو ایک لہر اس کے اوپر سے ایک اور لہر اس کے اوپر سے بادل،

Marfat.com

چیز کو حلال نھیں سمجھا کرتا، اِسی لیے وہ اسرایلی وں اور بعض مسیحی وں سے مال و دَولت میں کم تر رھتا ھے
میں نے اِسلام میں دوایسے اِجتماعی مسلوں کا حل دریافت کیا ھے جنھوں نے سارے جہاں کو مشغول رکھا ھے

- قرآن کے اس قول میں ھے اِنَّمَا الْمُؤمِنُوْن اِخْوَۃٌ ایمان دار بھای بھای ھی ھوتے ھیں، یھ اشتراکیت کا بہ ترین قاعدہ ھے اور
- زکات کے ہر مال دار پر فرض ھونے اور مُفلس وں کو (اگر مال دار بہ رغبت ادا نہ کریں) تو زبردستی اس کے وصول کر لینے کا حق بخش دینے میں (یعنی مسلمان حاکم کی وساطت سے) یھ فوضویت یعنی بر چھا گردی کا درماں ھے

اِسلام محامد و فضایل کا دین ھے، اگر اس کو کھیں ایسے اشخاص مل جاتے جو لوگ وں کو جیسی کہ چاھیے اس کی تعلیم دیتے اور اس کی پوری پوری تفسیر کرتے تو مسلمان آج سارے جہان سے ھوتے اور ہر میدان میں اسبق ھوتے لیکن ان کے درمیان ایسے شیوخ پیدا ھو گیے ھیں جو اس کے کلمات کو تحریف، اس کے جمال کو مسخ اور اس میں نئی نئی باتیں شامل کر رھے ھیں میں قیروان، اسکندریہ اور مکہ میں ایسے ایسے کئی مولوی وں اور مرشدوں کو اس مضمون کے فتوے لکھ لکھ کر بھیجے کہ ان پر فرانسیسی وں کی اطاعت واجب اور ان کے برخلاف شورش کرنا حرام ھے اور یھ بھی لکھا کہ فرانسیسی حکومت خلق کے لیے اللہ پاک کی بہ ترین نعمت ھے اور اس مطلب کو نکالنے کے لیے مجھ کو اس سے زیادہ کوئی کلفت نھیں ھوی کہ چند سونے کے برتن نذر کرنے پڑے ''

## قرآن ضرور الھامی کتاب ھے

ریورنڈ آر میک سویل کنگ اپنی تقریرِ ’دینِ اِسلام‘ میں جو ۷ جنوری 1915 کو قدیم پربی ٹیرین چرچ نیوٹو نارڈز میں کی گیی، فرماتے ھیں: اِسلام کی آسمانی کتاب قرآن ھے جو حضرت محمد (ﷺ) کے زمانۂ نبوت کے الھامات کا مجموعہ ھے اس میں نہ صرف مذھب اِسلام کے اصول و قوانین مندرج ھیں بل کہ اخلاق کی تعلیم، روزمرّہ کے کاروبار کے متعلّق ہدایات اور قانون بھی ھیں، اس لحاظ سے مسلمان وں کو عیسای وں پر فوقیت ھے کہ اِسلام کی مذہبی تعلیم اور قانون علاحدہ چیزیں نھیں..
قرآن نے یھودی وں، عیسای وں اور زرتشتی وں کے مذاھب پر پوری پوری روشنی ڈالی ھے
جس طرح اللہ نے یھودی وں کی تورات سے، عیسای وں کی انجیل سے رہ نُمای کی، اِسی طرح مسلمان وں کو قرآن سے صراطِ مستقیم دکھای..
مذھب اِسلام کی بِنا جمہوریت پر ھے، وہ تمام بنی نوعِ بشر کو برابر سمجھتا ھے اور انسانی روح کو اس ذاتِ

Marfat.com

تاریکیاں بھی کیسی کہ ایک اوپر دوسری، جب وہ اپنا ھات نکالے تو اس کو وہ دکھای دیتا نظر نہ آے اور وہ شخص جس کے لیے اللہ کوی روشنی نہ کرے اس کے لیے کچھ روشنی نہ ہوگی

جس زمانے میں یہ آت میں نے پڑھی تھی ابھی ہدایتِ اِسلام سے مشرّف نہ ھوا تھا اور نہ مجھے مرشدِ اعظم (ﷺ) کا کچھ حال معلوم تھا، ھاں اس سے میرے دل میں یہ خیال بیٹھ گیا کہ محمد (ﷺ) ضرور کوی ایسا شخص ھے جس نے اپنی ساری زندگی سمندروں میں گزاری ھے لیکن باوجود اس کے بھی مجھے حیرت تھی کہ کسی شخص سے یہ کیسے ممکن ھے کہ گم رہ وں کی آوارگی کا ایسا مختصر حاصل بیان کردے جس کے تھوڑے سے لفظ وں میں سمندروں کے تمام خطرات اور طبعی حالات اس جامعیت کے ساتھ آجایں گویا ان کو انسان اپنے حواس سے مشاہدہ کررھا ھے اور پھر اس اسلوب کو لے کر سمندروں کے خطرات کا کوی بلیغ ترین ماہر بھی اس طرح بیان نہ کرسکے۔۔

پھر جب اس کے بعد مجھ کو یہ معلوم ہوا کہ محمد (ﷺ) نے کبھی سمندر پر سواری نھیں کی اور علاوہ بریں وہ اُمّی بھی تھے میں نے قرآن کو پھر ھات میں لیا، اور سورۂ نور اور اس کتاب کی باقی آیت وں میں خوب غور کیا تو مجھے یقین ھوگیا کہ یہ کسی بشر کا کلام تو ھو نھیں سکتا ضرور اللہ تعالیٰ کی وحی ھی سے اس کا نزول ھوا ھے پس میں مسلمان ھوگیا اور ہمیشہ اس پر فخر کرتا رھوں گا جو میری نگہ میں ایک معقول فطری دین ھے اور جو چیزیں دوسرے مذاہب میں بُت پرستی کی باتی ھیں، ان سب سے پاک

اَفَلا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرآن

## قرآن ایک عظیم الشان ملکی اور تمدُّنی نظام پیش کرتا ھے

موسیو اوجین کلافل نام ور فرانسیسی مستشرق جنھوں نے یھودی وں عیسای وں اور مسلمان وں کے مذہبی مسائل وعقاید کی تحقیق وتدقیق میں اپنی تمام عمر صرف کردی اپنے ایک مضمون کے تحت میں جو 1901 میں فرانسیسی اخبارات میں شایع ہوا رقم طراز ھیں

"قرآن مذہبی مسائل وعقاید ھی کا مجموعہ نھیں بل کہ اس میں اجتماعی (سوشل) احکام بھی ھیں جو نوعِ انسان کے لیے زندگی کی ہر حالت میں مفید ھیں، اس لحاظ سے ھم کہ سکتے ھیں کہ وہ ایک ایسا مجموعہ ھے جس سے تمدن کے قوانین، جرایم اور ان کی سزاوں کے قوانین اور وہ قوانین جن میں دنیا کی مختلف اقوام کے درمیان تعلق کا سلسلہ قایم ھوتا ھے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ حفظانِ صحت کے قوانین بھی معلوم ھوتے ھیں، اس میں شک نھیں کہ محمد (ﷺ) اس نظام کو جس کا دایرہ وسیع ھے دنیا کی تمام قوم وں کے درمیان پھیلانا چاھتے تھے بل کہ ان کو مجبور کرنا چاھتے تھے کہ وہ اس نظام کو قبول

Marfat.com

پاک سے اور بھی پیوستہ کرتا ہے جس سے وہ آگے بھی گہرا تعلق رکھتی ہے، نیز جو اس کا منبع ہے اِسلام کی جمہوری تعلیم میں ایک حصہ عورتوں کے متعلق بھی ہے قرآن میں جہاں کہیں عورتوں کا ذکر آیا ہے تعظیمی الفاظ استعمال کیے گیے ہیں ماں کے ساتھ محبت رکھنے اور اس کی تعظیم کرنے اور بیوی کے ساتھ محبت و شفقت کرنے پر پورا زور دیا گیا ہے

پیروانِ اِسلام کا حُسنِ اخلاق قابلِ تعریف ہے، ان کا طرزِ عمل اللہ کے احکام کے تابع ہے تسلیم و رضا یعنی اپنے تمام امور اللہ کے سپرد کر دینا مسلمانوں کی مذہبی زندگی کی ایک لازمی شرط ہے جو مذہب رضائے الٰہی پر راضی رہنے کی ایسی عمدہ تعلیم دے اس کے پیرو یقیناً صداقت، دوست اور انصاف پسند، داد و ستد کے کھرے اور عہد کے پکے ہوں گے، یہ قرآن سے ثابت ہو سکتا ہے اگر ہم اس کے برخلاف ثابت کرنا چاہیں تو ہماری اپنی عقل ہی انکار کر دے گی

اکثر کہا جاتا ہے کہ قرآن محمد (ﷺ) کی تصنیف ہے اور اس میں جو کچھ ہے، وہ سب توریت اور انجیل وغیرہ سے لیا گیا ہے، مگر میرا ایمان ہے کہ اگر الہامی دنیا میں الہام کوئی شے ہے اور الہام کا وجود مُتَمَثّل ہے تو قرآن شریف ضرور الہامی کتاب ہے عیسائی کہتے ہیں کہ ''پیغمبرِ اِسلام سچے نبی نہ تھے اور قرآن ان کی ذاتی تصنیف ہے'' اگر یہ ہو تو محمد (ﷺ) کو ایسی کتاب کی کیا ضرورت پڑی تھی کہ اپنے کو خود ہی ملامت کرتے اور پھر اس سرزنش کو قرآن میں رہنے دیتے..

## قرآن کا نزول ضرور وحیِ الٰہی سے ہوا ہے

ڈاکٹر پاؤل گرے نیر (Dr. Paul Grenier) سابق ممبر مجلسِ شورا فرانس نے استاد محمود بک سالم سے اپنے قبول اِسلام کا سبب بیان کرتے ہوئے کہا

''میں ایامِ شباب میں بحری طبیب تھا اور ہمیشہ جہازوں میں ماء و سما کے مابین دن گزارتا تھا، ایک دفعہ مجھ کو قرآن کا ایک نسخہ موسیو سا قاری کے قلم سے فرانسیسی میں ترجمہ کیا ہوا دست یاب ہوا، اس میں مَیں نے سورۂ نور کی ایک آیت کا ترجمہ پڑھا جس میں یہ ذکر تھا کہ وہ اپنے انکار کی حالت میں اسی طرح دیوانہ وار ہاتھ پاؤں مارتا ہے جیسے کہ ڈوبنے والا جاڑوں کے دن جب کہ گھٹا ٹوپ بادل چھا رہا ہو، لہروں کی تاریکیوں میں بے ہودہ تگ و دو کرتا ہے اور وہ آیت یہ تھی اَوْ كَظُلُمَاتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍ يَغْشَاهُ، مَوْجٌ مِّنْ فَوقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰاهَاُ وَ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُوْرٍ ٥ (ترجمہ) یا جیسے کہ تاریکیاں کسی گہرے سمندر میں جس کو ڈھانپے ہوئے ہو ایک لہر اس کے اوپر سے ایک اور لہر اس کے اوپر سے بادل،

Marfat.com

کریں، پس ان کا مقصدِ اعظم یہ تھا کہ مسلمانوں کو مادّی ترقی کا بلند ترین درجہ حاصل ہو، اس لحاظ سے مسلمانوں کے قومی اتفاق کا مسئلہ جو آج کل یورپ میں زیرِ بحث ہے کوئی نئی بات نہیں کیوں کہ مذہبِ اسلام کی بنیاد ہی اس اصول پر رکھی گئی ہے اور اس کی غرض ہی یہ ہے کہ دنیا کی مختلف قومیں اسلام کے علم کے نیچے جمع ہوں مسلمانوں کے اتفاق کا مسئلہ سلافی اور جرمن اقوام کے خیالات سے بالکل مختلف ہے اور دونو کی ایک غرض نہیں

جب ہم اس زمانہ پر خیال کرتے ہیں جس میں پیغمبرِ اسلام (ﷺ) نے اپنی نبوت اور رسالت کا علم بلند کیا اور جس میں ایک ایسا کامل مجموعہ قوانین تیار کیا گیا جو دنیا کی ملکی، مذہبی اور تمدنی ہدایت وں کے لیے کافی ہے تو ہم نہایت حیران ہوتے ہیں کہ ایک ایسا عظیم الشان ملکی اور تمدنی نظام جس کی بنیاد کامل اور سچی آزادی پر ہے، کس طرح قایم کیا گیا! پس ہم دل سے اقرار کرتے ہیں کہ اسلام ایک ایسا مجموعۂ قوانین ہے جو ایک بلند ترین انسانی دماغ کا نتیجہ ہے

## قرآن سے بہتر کوئی دستور العمل انسان کے لیے موجود نہیں

مسٹر جان ڈیون پورٹ جو ایک مشہور ادیب اور مایہ ناز سیرت نگار ہے اپنی تصنیف دی گریٹ ٹیچر (The Great Teacher) میں لکھتا ہے:

’’قرآن ایک آسان اور عام فہم مذہبی قانون ہے جس میں انسانی زندگی کی اصلاح کے لیے سب کچھ موجود ہے، اس کی ایک امتیازی شان یہ ہے کہ اس کی تعلیمات انسانی فطرت کے مطابق ہیں اور یہ دل کش انداز میں اصلاح کی دعوت دیتا ہے، اس کی عام فہم تعلیمات سے عرب کے جُہلا وحشی سمجھ دار اور پرہیز گار بن گیے، اس کے مذہبی قانون نے ایک طرف روح کی اصلاح کے لیے ہدایت کی ہے اور دوسری جانب دُنیوی ترقی کے بھی بیش بہا اصول تعلیم کیے ہیں

وہ کہتا ہے کہ اپنی روزی کے لیے محنت کرو، انسان کے لیے کچھ ہے تو یہ کہ وہ محنت کرے! کیا یہ ایک زرّیں ہدایت نہیں؟ اور کیا اس کو پڑھنے کے بعد یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس کی تعلیمات فطرت انسانی کے مطابق نہیں؟ تاریخ شاہد ہے کہ جن اشخاص نے قرآن پر عمل کیا، وہ روحانی اعتبار سے کام یاب تھے اور دُنیوی حیثیت سے بھی جو اس کی ہدایت وں کو پیشِ نظر رکھتے تھے وہ حیرت انگریز تدبّر کے مالک تھے، ان کے دماغی اوصاف غیر معمولی اور ان کا تخیّل اعلا درجے کا تھا، وہ اپنے نفس پر پورا قابو رکھتے تھے اور امیر و غریب کے ساتھ یکساں برتاو کرتے تھے ہم انصاف کی روشنی میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ قرآن سے بہتر کوئی دستور العمل انسان کو عملاً نیکی کی طرف راغب کرنے اور

Marfat.com

تاریکیاں بھی کیسی کہ ایک اوپر دوسری، جب وہ اپنا ھات نکالے تو اس کو وہ دکھای دیتا نظر نہ آے اور وہ شخص جس کے لیے اللہ کوی روشنی نہ کرے اس کے لیے کچھ روشنی نہ ھوگی

جس زمانے میں یہ آت میں نے پڑھی تھی ابھی ہدایت اِسلام سے مشرّف نہ ھوا تھا اور نہ مجھے مرشدِ اعظم (ﷺ) کا کچھ حال معلوم تھا، ھاں اس سے میرے دل میں یہ خیال بیٹھ گیا کہ محمد (ﷺ) ضرور کوی ایسا شخص ھے جس نے اپنی ساری زندگی سمندروں میں گزاری ھے لیکن باوجود اس کے بھی مجھے حیرت تھی کہ کسی شخص سے یہ کیسے ممکن ھے کہ گم رہ وں کی آوارگی کا ایسا مختصر حاصل بیان کردے جس کے تھوڑے سے لفظ وں میں سمندروں کے تمام خطرات اور طبعی حالات اس جامعیت کے ساتھ آجایں گویا ان کو انسان اپنے حواس سے مشاہدہ کر رھا ھے اور پھر اس اسلوب کو لے کر سمندروں کے خطرات کا کوی بلیغ ترین ماہر بھی اس طرح بیان نہ کر سکے۔۔

پھر جب اس کے بعد مجھ کو یہ معلوم ھوا کہ محمد (ﷺ) نے کبھی سمندر پر سواری نھیں کی اور علاوہ بریں وہ اُمّی بھی تھے میں نے قرآن کو پھر ھات میں لیا، اور سورۂ نور اور اس کتاب کی باقی آیت وں میں خوب غور کیا تو مجھے یقین ھوگیا کہ یہ کسی بشر کا کلام تو ھو نھیں سکتا ضرور اللہ تعالیٰ کی وحی ھی سے اس کا نزول ھوا ھے پس میں مسلمان ھوگیا اور ھمیشہ اس پر فخر کرتا رھوں گا جو میری نگہ میں ایک معقول فطری دین ھے اور جو چیزیں دوسرے مذاھب میں بُت پرستی کی باقی ھیں، ان سب سے پاک

اَفَلا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرآن

## قرآن ایک عظیم الشان ملکی اور تمدُّنی نظام پیش کرتا ھے

موسیو اوجین کلافل نام ور فرانسیسی مستشرق جنھوں نے یھودی وں عیسای وں اور مسلمان وں کے مذہبی مسائل وعقاید کی تحقیق و تدقیق میں اپنی تمام عمر صرف کردی اپنے ایک مضمون کے تحت میں جو 1901 میں فرانسیسی اخبارات میں شایع ھوا رقم طراز ھیں

"قرآن مذہبی مسائل و عقاید ھی کا مجموعہ نھیں بل کہ اس میں اجتماعی (سوشل) احکام بھی ھیں جو نوعِ انسان کے لیے زندگی کی ہر حالت میں مفید ھیں، اس لحاظ سے ھم کہ سکتے ھیں کہ وہ ایک ایسا مجموعہ ھے جس سے تمدن کے قوانین، جرایم اور ان کی سزاوں کے قوانین اور وہ قوانین جن میں دنیا کی مختلف اقوام کے درمیان تعلق کا سلسلہ قایم ھوتا ھے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ حفظانِ صحت کے قوانین بھی معلوم ھوتے ھیں، اس میں شک نھیں کہ محمد (ﷺ) اس نظام کو جس کا دایرہ وسیع ھے دنیا کی تمام قوم وں کے درمیان پھیلانا چاھتے تھے بل کہ ان کو مجبور کرنا چاھتے تھے کہ وہ اس نظام کو قبول

Marfat.com

برائیوں سے بچانے کے لیے رہ نُما نہیں ہوسکتا (دی گریٹ ٹیچر ص ۹۶۰)

## قرآن ایک مشترکہ قانون اور ایک زبردست تحریکِ عمل ہے

یہی مُصنِف اپنی کتاب موسومہ 'محمد (ﷺ) اور قرآن' میں قرآن کے صحیفۂ آسمانی ہونے کے متعلق لکھتا ہے

''قرآن عالمِ اسلامی کا ایک مشترکہ قانون ہے، یہ معاشرتی، ملکی، تجارتی، فوجی، عدالتی اور تعزیری معاملات پر حاوی ہے لیکن بایں ہمہ ایک مذہبی ضابطہ ہے، اس نے ہر ایک چیز کو باقاعدہ بنایا ہے مذہبی رسوم سے لے کر حیاتِ روزمرہ کے افعال روحانی نجات سے جسمانی صحت، اجتماعی حقوق سے انفرادی حقوق شرافت سے دنایت اور دنیوی سزا سے لے کر اُخروی عقوبت تک تمام امور کو مُلکِ ضابطہ میں منسلک کر دیا ہے

ایک اور مقام پر لکھا ہے ''قرآن کے بے شمار اوصاف میں سے دو زیادہ واضح ہیں: اوّل وہ ہیبت و احترام کا لہجہ جو اس خالق اکبر کے متعلق ہر جگہ اس میں ملحوظ رکھا گیا ہے جس کی طرف کوئی انسانی کم زوری اور انسانی خواہش منسوب نہیں کی گئی، دوسری خوبی یہ ہے کہ اس میں اوّل سے آخر تک غیر فصیح، مخربِ اخلاق اور نامناسب خیالات/محاورات اور حکایات کا نام و نشان تک نہیں، تمام خرابیاں، افسوس ہے کہ اس کتاب میں بہ کثرت موجود ہیں جس کا نام پیروانِ مسیح نے 'عہدِ قدیم' رکھا ہے عیسائیت اور اسلام کا مقابلہ کرتے ہوے لکھتے ہیں

''یہ امر ذہن نشیں کر لینا چاہیے کہ عیسائی فطرتاً یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ان پر عیسائیت کا اثر و گرفت اس کے اصولوں کی بنا پر ہے، اس طرح عیسائی مذہب اور اخلاقیات کو ایک دوسرے سے مختلف و متباین قرار دیتے ہیں مگر بہ خلاف اس کے اسلام نے اپنے اصولوں کے بل پر نہیں بل کہ عملاً اپنے پیروؤں کے اخلاقی، اجتماعی، آئینی اور سیاسی خیالات و حالات پر اثر کیا ہے، اس لیے مسلمانوں کے نزدیک ایک لفظ 'اسلام' حُبِّ وطن، شریعت اور روایت آئینِ حکومت حق کے تمام معانی کو محیط ہے قرآن کریم نے جس مذہب کی بنیاد ڈالی ہے، وہ زبردست اور مُکمّل وحدانیت ہے، اس میں ہر جگہ صاف طور پر الوہیت کا جلوہ نظر آتا ہے ''

ایک اور جگہ لکھتے ہیں ''اس زمانے کے عیب اور ان لوگوں کی کوئی بات میرے خیال میں نہیں آتی جو کہتے ہیں کہ آں حضرت (ﷺ) معاذ اللہ جعل ساز تھے اور انھوں نے قرآن ایسا لکھا ہے یعنی انھوں نے قصداً فریب کیا ہے جیسے کہ جعل ساز لکھے میری راے میں جو منصف آدمی قرآن کو

Marfat.com

...ں، پس ان کا مقصد اعظم یہ تھا کہ مسلمانوں کو مادّی ترقی کا بلند ترین درجہ حاصل ہو، اس لحاظ
...مسلمانوں کے قومی اتفاق کا مسئلہ جو آج کل یورپ میں زیر بحث ہے کوئی نئی بات نہیں
...وں کہ مذہبِ اِسلام کی بنیاد ہی اس اصول پر رکھی گئی ہے اور اس کی غرض ہی یہ ہے کہ دنیا کی
مختلف قومیں اِسلام کے علم کے نیچے جمع ہوں مسلمانوں کے اتفاق کا مسئلہ سلافی اور جرمن اقوام
کے خیالات سے بالکل مختلف ہے اور دونوں کی ایک غرض نہیں

جب ہم اس زمانہ پر خیال کرتے ہیں جس میں پیغمبرِ اِسلام (ﷺ) نے اپنی نبوت اور رسالت کا
علم بلند کِیا اور جس میں ایک ایسا کامل مجموعہ قوانین تیار کِیا گیا جو دنیا کی ملکی، مذہبی اور تمدنی ہدایت
وں کے لیے کافی ہے تو ہم نہایت حیران ہوتے ہیں کہ ایک ایسا عظیم الشان ملکی اور تمدنی نظام جس کی
بنیاد کامل اور سچی آزادی پر ہے، کس طرح قایم کِیا گیا! پس ہم دل سے اقرار کرتے ہیں کہ اِسلام
ایک ایسا مجموعۂ قوانین ہے جو ایک بلند ترین انسانی دماغ کا نتیجہ ہے

## قرآن سے بہتر کوئی دستورُ العمل انسان کے لیے موجود نہیں

مسٹر جان ڈیون پورٹ جو ایک مشہور ادیب اور مایہ ناز سیرت نگار ہے اپنی تصنیف دی گریٹ ٹیچر
(The Great Teacher) میں لکھتا ہے:

''قرآن ایک آسان اور عام فہم مذہبی قانون ہے جس میں انسانی زندگی کی اصلاح کے لیے سب کچھ
موجود ہے، اس کی ایک امتیازی شان یہ ہے کہ اس کی تعلیمات انسانی فطرت کے مطابق ہیں اور
یہ دل کش انداز میں اصلاح کی دعوت دیتا ہے، اس کی عام فہم تعلیمات سے عرب کے جُہلا وحشی
سمجھ دار اور پرہیز گار بن گیے، اس کے مذہبی قانون نے ایک طرف روح کی اصلاح کے لیے ہدایت
کی ہے اور دوسری جانب دُنیوی ترقی کے بھی بیش بہا اصول تعلیم کیے ہیں

وہ کہتا ہے کہ اپنی روزی کے لیے محنت کرو، انسان کے لیے کچھ ہے تو یہ کہ وہ محنت کرے! کیا یہ
ایک زرّیں ہدایت نہیں؟ اور کیا اس کو پڑھنے کے بعد یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کی تعلیمات فطرت
انسانی کے مطابق نہیں؟ تاریخ شاہد ہے کہ جن اشخاص نے قرآن پر عمل کِیا، وہ روحانی اعتبار سے
کام یاب تھے اور دُنیوی حیثیت سے بھی جو اس کی ہدایتوں کو پیش نظر رکھتے تھے وہ حیرت انگیز
تدبّر کے مالک تھے، ان کے دماغی اوصاف غیر معمولی اور ان کا تخیّل اعلا درجے کا تھا، وہ اپنے نفس پر
پورا قابو رکھتے تھے اور امیر و غریب کے ساتھ یکساں برتاو کرتے تھے ہم انصاف کی روشنی میں یہ
کہہ سکتے ہیں کہ قرآن سے بہتر کوئی دستور العمل انسان کو عملاً نیکی کی طرف راغب کرنے اور

Marfat.com

پڑھے گا اس کا یقین اس قول سے بالکل مختلف ہوگا۔

## قرآن کا مخرج وہ ہستی ہے جس کی گہرائی کسی نے نہیں پائی

کارلائل ایک مشہور فاضل اور محقق گزرا ہے، وہ کیمبرج یونی ورسٹی میں عربی کا پروفیسر تھا جمال الدین ابن تغری بروی کی کتاب مورد لطافت کے ایک حصہ کا اس نے لاطینی میں ترجمہ کیا تھا کارلائل اگرچہ مسیحیت کا حلقہ بہ گوش تھا لیکن قرآن کا جب اس نے مطالعہ کیا تو اسے مجبوراً یہ لکھنا پڑا کہ
”جب تم ایک دفعہ قرآن کریم کو بہ غور پڑھ چکو تو اس کی خصوصیتیں منکشف ہونے لگتی ہیں، اس کتاب میں ایک خوبی ایسی ہے جو ادبی خوبیوں سے بالکل مختلف ہے اگر ایک کتاب کا مضمون مصنف نے دلی توجہ سے ادا کیا ہے تو اس کے الفاظ دوسرے لوگوں کے دلوں پر بھی اثر ڈالتے ہیں اور اس صفت کے مقابلہ میں ہر قسم کی مہارت اور تجربہ کاری ہیچ ہے، یہ کہا جاسکتا ہے کہ قرآن کی پہلی خصوصیت اس کی اصلیت میں مضمر ہے یعنی اس حقیقت میں کہ وہ حقیقی معانی میں ایک کتاب ہے میرے نزدیک قرآن میں خلوص اور سچائی کا وصف ہر پہلو سے موجود ہے اور یہ وہ خوبی ہے جو کتاب میں جو فی الواقع کتاب کہلانے کی مستحق ہے موجود ہونی چاہیے دیگر اوصاف اس خوبی سے پیدا ہوتے ہیں بل کہ سچ ہے کہ اگر کوئی خوبی پیدا ہوسکتی ہے تو اسی سے ہوسکتی ہے“

ایک اور مقام پر لکھتا ہے:

”جو سخت اور کرخت پیغام اس پیغمبرِ اسلام نے دنیا کو دیا بہ ہر حال وہ ایک سچا اور حقیقی پیغام ہے اور اگرچہ وہ ایک غیر مرتب کلام تھا مگر اس کا مخرج وہی ہستی تھی جس کی گہرائی کسی نے بھی نہیں پائی“

”قوم عرب میں ایک اُولُو العزم پیغمبر ایسے کلام (قرآن) کے ساتھ جس پر وہ یقین کرتے تھے بھیجا گیا ایک صدی کے اندر عرب کے ایک طرف غرناطہ اور دوسری طرف دہلی ہوگیی گویا ایک چنگاری ایسے مُلک میں پڑی جس کو اندھیرے میں کسم پُرس ریگستان نے زور شور سے اڑ جانے والی بارود کی طرح نیلے آسمان پر اٹھتے ہوئے شعلوں سے دہلی سے غرناطہ تک روشن کردیا“

کارلائل اپنی کتاب کی جلد 6 ص 214 میں لکھتا ہے ”قرآن کے پڑھنے سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ وہ صادق کا کلام ہے اور صداقت سے مملو ہے“

## قرآن نے دنیا کی کایا پلٹ دی

یہی مُصنِّف اپنی گراں قدر تصنیف [دی پاپولر ریلیجَن آف دی ورلڈز The Popular Religion of

Marfat.com

برای وں سے بچانے کے لیے رہ نُما نھیں ھوسکتا (دی گریٹ ٹیچر ص ۹۶۰)

## قرآن ایک مشترکہ قانون اور ایک زبردست تحریکِ عمل ھے

یھی مُصنِف اپنی کتاب موسومہ 'محمد (ﷺ) اور قرآن' میں قرآن کے صحیفۂ آسمانی ھونے کے متعلق لکھتا ھے

''قرآن عالمِ اِسلامی کا ایک مشترکہ قانون ھے، یہ معاشرتی، ملکی، تجارتی، فوجی، عدالتی اور تعزیری معاملات پر حاوی ھے لیکن بایں ہمہ ایک مذہبی ضابطہ ھے، اس نے ہر ایک چیز کو باقاعدہ بنایا ھے مذہبی رسوم سے لے کر حیاتِ روزمرہ کے افعال روحانی نجات سے جسمانی صحت، اجتماعی حقوق سے انفرادی حقوق شرافت سے دنایت اور دنیوی سزا سے لے کر اُخروی عقوبت تک تمام امور کو مُلکِ ضابط میں منسلک کر دیا ھے

ایک اور مقام پر لکھا ھے ''قرآن کے بے شمار اوصاف میں سے دو زیادہ واضح ھیں: اوّل وہ ہیبت و احترام کا لہجہ جو اس خالق اکبر کے متعلّق ہر جگہ اس میں ملحوظ رکھا گیا ھے جس کی طرف کوئی انسانی کم زوری اور انسانی خواہش منسوب نھیں کی گیی، دوسری خوبی یہ ھے کہ اس میں اوّل سے آخر تک غیر فصیح، مخربِ اخلاق اور نامناسب خیالات/محاوراث اور حکایات کا نام و نشان تک نھیں، تمام خرابیاں، افسوس ھے کہ اس کتاب میں بہ کثرت موجود ھیں جس کا نام پیروانِ مسیح نے 'عہدِ قدیم' رکھا ھے عیسایت اور اِسلام کا مقابلہ کرتے ھوے لکھتے ھیں

''یہ امر ذہن نشیں کر لینا چاہیے کہ عیسای فطرتاً یہ ظاہر کرتے ھیں کہ ان پر عیسایت کا اثر و گرفت اس کے اصولوں کی بنا پر ھے، اس طرح عیسای مذہب اور اخلاقیات کو ایک دوسرے سے مختلف و متباین قرار دیتے ھیں مگر بہ خلاف اس کے اِسلام نے اپنے اصولوں کے بل پر نھیں بل کہ عملاً اپنے پیرووں کے اخلاقی، اجتماعی، آیینی اور سیاسی خیالات و حالات پر اثر کیا ھے، اس لیے مسلمان وں کے نزدیک ایک لفظ 'اِسلام' 'حُبِ وطن، شریعت اور روایت آیینِ حکومت حق کے تمام معانی کو محیط ھے قرآن کریم نے جس مذہب کی بنیاد ڈالی ھے، وہ زبردست اور مُکمّل وحدانیت ھے، اس میں ہر جگہ صاف طور پر الُوہیت کا جلوہ نظر آتا ھے''

ایک اور جگہ لکھتے ھیں ''اس زمانے کے عیب اور ان لوگ وں کی کوئی بات میرے خیال میں نھیں آتی جو کہتے ھیں کہ آں حضرت (ﷺ) معاذ اللہ جعل ساز تھے اور انھوں نے قرآن ایسا لکھا ھے یعنی انھوں نے قصداً فریب کیا ھے جیسے کہ جعل ساز لکھے میری راے میں جو منصف آدمی قرآن کو

Marfat.com

the World] میں لکھتا ھے:

"قرآن ایک آسان اور عام فہم مذہبی کتاب ھے جس کی نسبت مسلمانوں کا یھ عقیدہ ھے کہ وہ اللہ کی طرف سے نازل ھوی ھے، یھ کتاب ایسے وقت میں دنیا کے سامنے آی جب کہ طرح طرح کی گم راہ یاں مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک پھیلی ھوی تھیں، انسانیت و شرافت اور تہذیب و تمدن کا نام و نشان تک مٹ چکا تھا ہر طرف بے چینی اور بدامنی نظر آتی تھی اور نفس پروری کی ظلمت وں کا طوفان اُمنڈ آیا تھا قرآن نے اپنی تعلیمات سے امن و سکون اور محبت کے جذبات پیدا کیے، بے حیای کی ظلمتیں کافور ھوگییں اور ظلم و ستم کا بازار سرد ھوگیا ہزاروں گم کردگانِ رہ، راہِ راست پر آگیے اور بے شمار وحشی تہذیب کے پرستار بن گیے، اس کتاب نے دنیا کی کایا پلٹ دی جاہل وں کو عالم ظالم وں کو رحم دل اور عیش پرست وں کو پرہیزگار بنا دیا، یھی وہ کتاب ھے جو آج بھی چالیس کرور اِنسان وں (...تا ۱۳۵۰ ہجری) کے دِل وں پر حکومت کرتی ھے (ص ۱۱۵)

## قرآن کے کلام پر عقل حیرت زدہ ھے

کونٹ ھنری دی کاسٹری اپنی کتاب 'الِاسلام' میں جو کونٹ موصوف نے فرنچ میں لکھی اور جس کا ترجمہ مصر کے مشہور مُصنِف احمد فتحی بک زاغلول نے ۱۸۹۸ع میں شایع کیا لکھتے ھیں:

"قرآن کی وحی کا مسئلہ اور بھی زیادہ مشکل اور پیچیدہ مسئلہ ھے کیوں کہ ارباب بحث اس کو معقول طور پر حل نھیں کر سکے عقل بِالکل حیرت زدہ ھے کہ اس قسم کا کلام اس شخص کی زَباں سے کیوں کر ادا ھوا جو بِالکل اُمّی تھا تمام مشرق نے اقرار کیا ھے کہ یھ وہ کلام ھے کہ نوعِ انسان لفظاً اور معناً ہر لحاظ سے اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ھے، یھ وھی کلام ھے جس کی بلند انشا پردازی نے عمر (رضی اللہ عنہ) بن خطاب کو مطمین کر دیا اور وہ اللہ کے معترف ھوگیے، یھ وھی کلام ھے کہ جب یحییٰؑ کی ولادت کے متعلق اس کے جملے جعفر بن ابی طالب نے نجاشی کے سامنے پڑھے تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ھوگیے اور بشپ چلاّ اُٹھا کہ یھ کلام اِسی سرچشمہ سے نکلا ھے جس سے عیسیٰؑ کا کلام نکلا تھا"

"محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) قرآن کو اپنی رسالت کی دلیل کے طور پر لاے اور وہ اس وقت سے تا ایں دم ایک ایسا مبہم بالشان راز چلا آتا ھے جس کے طلسم کا توڑنا انسان کی طاقت میں نھیں

ایشیا اور شمالی افریقا میں اِسلام کے پھیلنے اور مختلف قوم وں کو اپنا زیر بنانے کی ایک اور بھی وجہ ھے......

اِسلام کا اصول یھ تھا کہ جو قوم اِسلام قبول کر لیتی تھی، اس کے جان و مال ہر طرح محفوظ ھو جاتے تھے لیکن جو قوم آبای مذہب پر رھنے کو ترجیح دیتی تھی، اس پر ایک خفیف سا محصول بہ نام جزیہ لگا کر اِس

Marfat.com

پڑھے گا اس کا یقین اس قول سے بالکل مختلف ہوگا..

## قرآن کا مخرج وہ ہستی ہے جس کی گہرائی کسی نے نہیں پائی

کارلایل ایک مشہور فاضل اور محقق گزرا ہے، وہ کیمبرج یونی ورسٹی میں عربی کا پروفیسر تھا جمال الدین ابن تغری بردی کی کتاب موردِ لطافت کے ایک حصہ کا اس نے لاطینی میں ترجمہ کیا تھا کارلایل اگر چہ مسیحیت کا حلقہ بہ گوش تھا لیکن قرآن کا جب اس نے مطالعہ کیا تو اسے مجبوراً یہ لکھنا پڑا کہ ''جب تم ایک دفعہ قرآن کریم کو بہ غور پڑھ چکو تو اس کی خصوصیتیں منکشف ہونے لگتی ہیں، اس کتاب میں ایک خوبی ایسی ہے جو ادبی خوبیوں سے بالکل مختلف ہے اگر ایک کتاب کا مضمون مُصنّف نے دلی توجّہ سے ادا کیا ہے تو اس کے الفاظ دوسرے لوگوں کے دِلوں پر بھی اثر ڈالتے ہیں اور اس صفت کے مقابلہ میں ہر قسم کی مہارت اور تجربہ کاری ہیچ ہے، یہ کہا جا سکتا ہے کہ قرآن کی پہلی خصوصیت اس کی اصلیت میں مضمر ہے یعنی اس حقیقت میں کہ وہ حقیقی معانی میں ایک کتاب ہے میرے نزدیک قرآن میں خلوص اور سچائی کا وصف ہر پہلو سے موجود ہے اور یہ وہ خوبی ہے جو کتاب میں جو فی الواقع کتاب کہلانے کی مستحق ہے موجود ہونی چاہیے دیگر اوصاف اس خوبی سے پیدا ہوتے ہیں بل کہ سچ ہے کہ اگر کوئی خوبی پیدا ہو سکتی ہے تو اِسی سے ہو سکتی ہے ''

ایک اور مقام پر لکھتا ہے:

''جو سخت اور کرخت پیغام اس پیغمبرِ اِسلام نے دنیا کو دیا بہ ہر حال وہ ایک سچا اور حقیقی پیغام ہے اور اگر چہ وہ ایک غیر مرتب کلام تھا مگر اس کا مخرج وہی ہستی تھی جس کی گہرائی کسی نے بھی نہیں پائی ''

''قوم عرب میں ایک اُولو العزم پیغمبر ایسے کلام (قرآن) کے ساتھ جس پر وہ یقین کرتے تھے بھیجا گیا ایک صدی کے اندر عرب کے ایک طرف غرناطہ اور دوسری طرف دہلی ہوگیی گویا ایک چنگاری ایسے مُلک میں پڑی جس کو اندھیرے میں کسم پُرس ریگستان نے زور شور سے اڑ جانے والی بارود کی طرح نیلے آسمان پر اٹھتے ہوے شعلوں سے دہلی سے غرناطہ تک روشن کر دیا ''

کارلایل اپنی کتاب کی جلد 6 ص 214 میں لکھتا ہے'' قرآن کے پڑھنے سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ وہ صادق کا کلام ہے اور صداقت سے مملو ہے ''

## قرآن نے دنیا کی کایا پلٹ دی

یہی مُصنِّف اپنی گراں قدر تصنیف [دی پاپولر رلی جنن آف دی ورلڈ، The Popular Religion of

Marfat.com

کے ساتھ وہی سلوک کیا جاتا تھا جس کا مستحق عام مسلمانوں کو سمجھا جاتا تھا اور دینِ اسلام کے مبلّغین ان سے کسی قسم کا تعرض نہیں کرتے تھے، یہ قرآن کریم کی تعلیم کا اثر تھا اور خلفاء راشدین کا اسی پر عمل رہا

''اسلام کے سایے میں عیسائی مطمئن ہوگیے دعوتِ اسلام میں کوئی شخص ان کے مذہب سے متعارض نہیں ہوتا تھا دراصل عیسائی اور مرتدوں میں کوئی فرق نہیں کیا جاتا تھا، یہ برتاو وہ تھا جس کا خود قرآن نے حکم دیا تھا اور خلفاء اوّلیں اس پر کاربند تھے''

## قرآن کی نظیر سارے جہاں میں نہیں مل سکتی

انگلستان کا نامور مؤرخ ڈاکٹر گبن اپنی مشہور تصنیف 'سلطنت روما کا انحطاط و زوال' کی جلد ۵ باب ۵۰ میں لکھتا ہے :

''قرآن کی نسبت بحرِ اٹلانٹک سے لے کر دریاے گنگا تک نے مان لیا ہے کہ یہ دستورِ اساسی ہے صرف اصولِ مذہب ہی کے لیے نہیں بل کہ دیوانی اور فوج داری نظام کے لیے بھی اور جن قوانین پر نظامِ عمران کا مدار ہے جن سے نوعِ انسان کی زندگی وابستہ ہے جن کی حیاتِ اجتماعی کی ترتیب و تنسیق سے تعلق ہے، ان کو اللہ کی مرضی کے ماتحت نقایص و عیوب سے بالکل مبرّا سمجھا جاتا ہے حقیقت یہ ہے کہ محمد (ﷺ) کی شریعت سب پر حاوی ہے، وہ اپنے تمام احکام میں بڑے سے بڑے شہنشاہ سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے فقیر و گداگر تک کے لیے مسائل و مبانی رکھتی ہے، یہ وہ شریعت ہے اور ایسے دانش مندانہ اصول اور اس قسم کے عظیم الشان قانونی انداز پر مرتب ہوی ہے کہ سارے جہان میں اس کی نظیر نہیں مل سکتی''

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

''تثلیث اور اللہ کے مجسّم ہونے کے رموز و اسرار وحدۃ الوجود کے عقیدہ اصول کی نفی و تکذیب کرتے ہیں مزبورہ رموز و اسرار سے صاف ظاہر ہے کہ وہ تین ہم مرتبہ خداوں کی تعلیم دیتے ہیں اور حضرت مسیح کو جو ایک انسان ہیں اللہ کا بیٹا ظاہر کرتے ہیں قدیم زمانے کی تفسیر صرف ایک راسخ العقیدہ عیسائی کو مطمین کرسکتی ہے حضرت محمد (ﷺ) کا ایمان و عقیدہ ہر قسم کی پیچیدگی و ابہام سے پاک وصاف ہے اور قرآن کریم اللہ کی وحدانیت کی ایک زبردست شہادت ہے''

اپنی تالیف میں ایک اور جگہ رقم فرماتے ہیں:

''قرآن وحدانیتِ اللہ کا ایک شاہدِ عظیم ہے ایک فلسفی موحّد بے تکلف مذہب اسلام میں شریک

Marfat.com

the World] میں لکھتا ھے:

"قرآن ایک آسان اور عام فہم مذہبی کتاب ھے جس کی نسبت مسلمانوں کا یہ عقیدہ ھے کہ وہ اللہ کی طرف سے نازل ھوی ھے، یہ کتاب ایسے وقت میں دنیا کے سامنے آی جب کہ طرح طرح کی گم راہیاں مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک پھیلی ھوی تھیں، انسانیت وشرافت اور تہذیب وتمدن کا نام ونشان تک مٹ چکا تھا ہر طرف بے چینی اور بدامنی نظر آتی تھی اور نفس پروری کی ظلمتوں کا طوفان اُمنڈ آیا تھا" قرآن نے اپنی تعلیمات سے امن وسکون اور محبت کے جذبات پیدا کیے، بے حیای کی ظلمتیں کافور ھوگییں اور ظلم وستم کا بازار سرد ھوگیا ہزاروں گم کردگانِ رہ، راہِ راست پر آگیے اور بے شمار وحشی تہذیب کے پرستار بن گیے، اس کتاب نے دنیا کی کایا پلٹ دی جاہلوں کو عالم ظالموں کو رحم دل اور عیش پرستوں کو پرہیزگار بنا دیا، یھی وہ کتاب ھے جو آج بھی چالیس کروڑ انسانوں (...تا ۱۳۵۰ ہجری) کے دلوں پر حکومت کرتی ھے (ص ۱۱۵)

## قرآن کے کلام پر عقل حیرت زدہ ھے

کونٹ ھنری دی کاسٹری اپنی کتاب 'الاسلام' میں جو کونٹ موصوف نے فرنچ میں لکھی اور جس کا ترجمہ مصر کے مشہور مُصنف احمد فتحی بک زاغلول نے ۱۸۹۸ع میں شایع کیا لکھتے ھیں:

"قرآن کی وحی کا مسئلہ اور بھی زیادہ مشکل اور پیچیدا مسئلہ ھے کیوں کہ ارباب بحث اس کو معقول طور پر حل نھیں کرسکے عقل بالکل حیرت زدہ ھے کہ اس قسم کا کلام اس شخص کی زباں سے کیوں کر ادا ھوا جو بالکل اُمّی تھا تمام مشرق نے اقرار کیا ھے کہ یہ وہ کلام ھے کہ نوعِ انسان لفظاً اور معناً ہر لحاظ سے اس کی نظیر پیش کرنے سے عاجز ھے، یہ وھی کلام ھے جس کی بلند انشا پردازی نے عمر (ﷺ) بن خطاب کو مطمین کردیا اور وہ اللہ کے معترف ھوگیے، یہ وھی کلام ھے کہ جب یحیاؑ کی ولادت کے متعلق اس کے جملے جعفر بن ابی طالب نے نجاشی کے سامنے پڑھے تو اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ھوگیے اور بشپ چلاّ اُٹھا کہ یہ کلام اِسی سرچشمہ سے نکلا ھے جس سے عیسیٰؑ کا کلام نکلا تھا"

"محمد (ﷺ) قرآن کو اپنی رسالت کی دلیل کے طور پر لاے اور وہ اس وقت سے تا ایں دم ایک ایسا مہتم بالشان راز چلا آتا ھے جس کے طلسم کا توڑنا انسان کی طاقت میں نھیں

ایشیا اور شمالی افریقا میں اِسلام کے پھیلنے اور مختلف قوموں کو اپنا زیر بنانے کی ایک اور بھی وجہ ھے......
اِسلام کا اصول یہ تھا کہ جو قوم اِسلام قبول کرلیتی تھی، اس کے جان ومال ہر طرح محفوظ ھوجاتے تھے لیکن جو قوم آبای مذہب پر رھنے کو ترجیح دیتی تھی، اس پر ایک خفیف سا محصول بہ نام جزیہ لگا کر اِس

Marfat.com

ھوسکتا ھے ایک مذہب جو شاید ھم لوگ وں کی موجودہ سمجھ کے لیے بھُت عالی ھے "

گبن اپنی مشہور تاریخ 'ہسٹری آف دی ورلڈ' میں لکھتا ھے

"ہر انصاف پسند آدمی اس حقیقت کا اقرار کرنے کے لیے مجبور ھے کہ قرآن ایک بے نظیر قانونِ ہدایت ھے، اس کی تعلیمات انسانی فطرت کے مطابق ھیں اور وہ اپنے اثر کے لحاظ سے ایک حیرت انگیز پوزیشن رکھتا ھے، اس نے وحشی عرب وں کی زبردست اصلاح کی ہم دردی اور محبت کے جذبات سے ان کے دِل وں کو معمور کردیا اور قتل وخوں ریزی کو ممنوع قرار دیا، یھ اس کا عظیم الشان کارنامہ ھے" ص ۲۲۸

## قرآن ھی مسلمان وں کی ترقی کا ذریعہ ھے

ڈاکٹر ڈریپر اپنی مشہور تصنیف 'ان ٹلک چوِل ڈولپ منٹ آف یورپ' (یورپ کا ذہنی ارتقا) کی جلد اوّل میں لکھتے ھیں:

"یھ امر قابلِ غور ھے کہ عیسایت کی عمر اس وقت جب کہ اِسلام ہجرت کے قریباً چھے سو برس کا عرصہ طے کر چکا تھا تیرھ سو برس سے زیادہ تھی لیکن اگر بہ لحاظ تہذیب وتمدن معاشرت وسیاست وغیرہ ہر دو مذاہب کا مقابلہ کیا جاے تو لابدی اور یقینی نتیجہ یھ ھے کہ عیسایت مانع ترقی ھے

عیسای یورپ کی اس جہالت اور وحشت پر غور کرو اور نیز ان واقعات کو تنقیدی نظر سے دیکھو جن کا تذکرہ ھم کریں گے اور اس کے مقابلے میں اس علم وفضل اور تہذیب وتمدن کو اِسلام کی سرپرستی اور حمایت میں ترقی کرتا ھوا دیکھو، جس سے دنیا بعثت سے پیش تر نا آشنا تھی تو بلا شایبہٗ ریب دوسرا نتیجہ یھ ھے کہ ترقی کا ذریعہ صرف اِسلام ھے

اور اگر ان تاریخی واقعات کو بھی پیش نظر رکھا جاے جو مسلمان اور عیسای وں کی موجودہ حالت کا باعث ھیں تو بلا ریب تیسرا نتیجہ جو ہر دو دعاوی متذکرہ صدر کا ثبوت ھوسکتا ھے، یھ ھے کہ عیسای دنیا کی ترقی کا آغاز اس وقت سے ھوا ھے جب سے تعلیم اِسلام سے واقفیت پیدا کرنے کا موقع ملا اور اس لیے لوگ عیسایت سے عملاً کنارہ کش ھوتے گیے اور مسلمان وں کا تنزل مقابلتاً اس وقت سے شروع ھوا جب اِسلام کے اصولوں پر ان کا عمل نہ رہا یعنی جب تک عیسای عیسایت پر عامل رھے، وہ ترقی کے دشمن اور جاہل اور وحشی تھے جب عیسایت کو عملاً ترک کردیا اور اِسلامی اصولوں کے پابند ھوے، ترقی کے میدان میں قدم رکھا، اس کے برخلاف جب مسلمان وں کا دستور العمل قرآن تھا، وہ روز افزوں ترقی کرتے چلے گیے، جب اس سے غافل ھوگیے پستی کی طرف رجوع کیا

Marfat.com

کے ساتھ وہی سلوک کیا جاتا تھا جس کا مستحق عام مسلمانوں کو سمجھا جاتا تھا اور دینِ اسلام کے مبلّغین ان سے کسی قسم کا تعرض نہیں کرتے تھے، یہ قرآن کریم کی تعلیم کا اثر تھا اور خلفاے راشدین کا اسی پر عمل رہا

''اسلام کے سایے میں عیسای مطمین ھوگیے دعوتِ اسلام میں کوی شخص ان کے مذہب سے متعارض نہیں ھوتا تھا دراصل عیسای اور مرتدوں میں کوی فرق نہیں کیا جاتا تھا، یہ برتاوہ تھا جس کا خود قرآن نے حکم دیا تھا اور خلفاے اوّلیں اس پر کاربند تھے''

## قرآن کی نظیر سارے جہاں میں نہیں مل سکتی

انگلستان کا نامور مورّخ ڈاکٹر گبن اپنی مشہور تصنیف 'سلطنت روما کا انحطاط و زوال' کی جلد ۵ باب ۵۰ میں لکھتا ھے :

''قرآن کی نسبت بحرِ اتلانتک سے لے کر دریاے گنگا تک نے مان لیا ھے کہ یہ دستورِ اساسی ھے صرف اصولِ مذہب ھی کے لیے نہیں بل کہ دیوانی اور فوج داری نظام کے لیے بھی اور جن قوانین پر نظامِ عمران کا مدار ھے جن سے نوعِ انسان کی زندگی وابستہ ھے جن کی حیاتِ اجتماعی کی ترتیب و تنسیق سے تعلق ھے، ان کو اللہ کی مرضی کے ماتحت نقایص و عیوب سے بالکل مبرّا سمجھا جاتا ھے حقیقت یہ ھے کہ محمد (ﷺ) کی شریعت سب پر حاوی ھے، وہ اپنے تمام احکام میں بڑے سے بڑے شہنشاہ سے لے کر چھوٹے سے چھوٹے فقیر و گداگر تک کے لیے مسائل و مبانی رکھتی ھے، یہ وہ شریعت ھے اور ایسے دانش مندانہ اصول اور اس قسم کے عظیم الشان قانونی انداز پر مرتب ھوی ھے کہ سارے جہان میں اس کی نظیر نہیں مل سکتی''

ایک اور جگہ فرماتے ھیں:

''تثلیث اور اللہ کے مجسّم ھونے کے رموز و اسرار وحدۃ الوجود کے عقیدہ اصول کی نفی و تکذیب کرتے ھیں مزبورہ رموز و اسرار سے صاف ظاہر ھے کہ وہ تین ہم مرتبہ خداوں کی تعلیم دیتے ھیں اور حضرت مسیح کو جو ایک انسان ھیں اللہ کا بیٹا ظاہر کرتے ھیں قدیم زمانے کی تفسیر صرف ایک راسخ العقیدہ عیسای کو مطمین کرسکتی ھے حضرت محمد (ﷺ) کا ایمان و عقیدہ ہر قسم کی پیچیدگی و ابہام سے پاک و صاف ھے اور قرآن کریم اللہ کی وحدانیت کی ایک زبردست شہادت ھے''

اپنی تالیف میں ایک اور جگہ رقم فرماتے ھیں:

''قرآن وحدانیتِ اللہ کا ایک شاہدِ عظیم ھے ایک فلسفی موحّد بے تکلف مذہب اسلام میں شریک

Marfat.com

ڈاکٹر موصوف اپنی کتاب کی جلد دوم کے باب دوم میں لکھتے ھیں کہ جب پیغم بر(ﷺ) اسلام سے ان کی رسالت کے ثبوت میں معجزہ طلب کیا گیا تو آپ نے اپنے اندازِ خاص میں قرآن کی ترتیب کی طرف اشارہ کیا جس کی خوبی کو کوئی چیز نھیں پہنچ سکتی اور جو اس کے الہامی ھونے کا بیّن ثبوت ھے"

## قرآن کی تعلیم ھی اخلاقی قانون کا کام دے سکتی ھے

مسٹر مارماڈیوک پک تھال (Mr. Marmaduke Pickthall.) نے 'اسلام اینڈ ماڈرنزم' پر لندن میں تقریر کرتے ھوے بیان کیا:

"وہ قوانین جو قرآن میں درج ھیں اور جو پیغم بر(ﷺ) اسلام نے سکھاے ھیں صرف وھی اخلاقی قوانین کا کام بھی دے سکتے ھیں آپ اس سے کسی طرح انکار نھیں کر سکتے کہ یھی ایک قانون ھے جس پر ہر مُلک و ملت کے وہ باشندے عمل پیرا ھو سکتے ھیں جو انسانی بھلای اور ترقی کے ذریعے اللّٰہ کا قرب حاصل کرنا چاھتے ھیں، صرف اِسی مذھب کے دونو رکن یعنی حقوق اللّٰہ و حقوق العباد کو کامل طور پر مواصلت دی گیی ھے، اس بات کا اقرار نہ صرف مسلمانوں نے بل کہ اُن عیسائیوں اور یھودیوں نے بھی کیا ھے جنھوں نے اس کا مطالعہ کیا ھے

گزشتہ چند سالوں میں مسلمان اس قانون کے لفظوں کی اُپج کرتے رھے ھیں اور انھوں نے اصلی مدعا کو خبط کر دیا ھے، کسی شیخ الاسلام یا مجتھد کے فتوے کی اندھی تقلید کرنا یا کسی قانون کے معمولی سے اختلاف یا اجتہاد میں مبالغہ کرنا الغرض اس قسم کی تمام کاہلیت کو قرآن نے بھت مذموم قرار دیا ھے

مسٹر موصوف نے مسلمانانِ لندن کے رُوبہ رُو 'اللّٰہ کی بادشاہی' پر تقریر کرتے ھوے فرمایا:

"قرآن کے جس اعجاز کو خود محمد (ﷺ) نے اکثر اپنے ھی مقصد کے ثبوت کے طور پر پیش کیا حقیقت میں ایک معجزہ ھی معلوم ھوتا ھے، اس لیے کہ محمد (ﷺ) اگرچہ تہذیب یافتہ تھے مگر اُمّی تھے اور اس امر میں شک کی کوئی معقول وجہ موجود نھیں کہ اس عجیب و غریب فصاحت کا ایک بڑا حصہ آں حضرت (ﷺ) کے عالمِ بے ہوشی میں نازل ھوا...... اس کتاب کی سی کوئی اور کتاب صفحۂ عالم پر موجود نھیں، یہ کتاب فی الواقع عجوبۂ روزگار ھے"

## قرآن ایک بیّن معجزہ ھے

الکس لوازون ایک مشہور فرانسیسی فلاسفر اپنے ایک درس میں فرماتے ھیں:

"قرآن جس کو اللّٰہ نے محمد (ﷺ) کے دل پر انسان کی رہ نُمای کے لیے نازل کیا بے شک ایک

Marfat.com

ھوسکتا ھے ایک مذہب جو شاید ھم لوگ وں کی موجودہ سمجھ کے لیے بھُت عالی ھے ''
گبن اپنی مشہور تاریخ 'ہسٹری آف دی ورلڈ' میں لکھتا ھے

''ہر انصاف پسند آدمی اس حقیقت کا اقرار کرنے کے لیے مجبور ھے کہ قرآن ایک بے نظیر قانونِ ہدایت ھے، اس کی تعلیمات انسانی فطرت کے مطابق ھیں اور وہ اپنے اثر کے لحاظ سے ایک حیرت انگیز پوزیشن رکھتا ھے، اس نے وحشی عرب وں کی زبردست اصلاح کی ہم دردی اور محبت کے جذبات سے ان کے دِل وں کو معمور کردیا اور قتل وخوں ریزی کو ممنوع قرار دیا، یھ اس کا عظیم الشان کارنامہ ھے'' ص ۲۲۸

## قرآن ھی مسلمان وں کی ترقی کا ذریعہ ھے

ڈاکٹر ڈریپر اپنی مشہور تصنیف 'ان ٹلک چوُل ڈوِلپ منٹ آف یورپ' (یورپ کا ذہنی ارتقا) کی جلد اوّل میں لکھتے ھیں:

''یھ امر قابلِ غور ھے کہ عیسایت کی عمر اس وقت جب کہ اِسلام ہجرت کے قریباً چھے سو برس کا عرصہ طے کرچکا تھا تیرہ سو برس سے زیادہ تھی لیکن اگر بہ لحاظ تہذیب وتمدن معاشرت وسیاست وغیرہ ہر دو مذاہب کا مقابلہ کیا جاے تو لابدی اور یقینی نتیجہ یھ ھے کہ عیسایت مانع ترقی ھے

عیسای یورپ کی اس جہالت اور وحشت پر غور کرو اور نیز ان واقعات کو تنقیدی نظر سے دیکھو جن کا تذکرہ ھم کریں گے اور اس کے مقابلے میں اس علم وفضل اور تہذیب وتمدن کو اِسلام کی سرپرستی اور حمایت میں ترقی کرتا ھوا دیکھو، جس سے دنیا بعثت سے پیش تر نا آشنا تھی تو بلا شایبۂ ریب دوسرا نتیجہ یھ ھے کہ ترقی کا ذریعہ صرف اِسلام ھے

اور اگر ان تاریخی واقعات کو بھی پیش نظر رکھا جاے جو مسلمان اور عیسای وں کی موجودہ حالت کا باعث ھیں تو بلا ریب تیسرا نتیجہ جو ہر دو دعاوی متذکرہ صدر کا ثبوت ھوسکتا ھے، یھ ھے کہ عیسای دنیا کی ترقی کا آغاز اس وقت سے ھوا ھے جب سے تعلیم اِسلام سے واقفیت پیدا کرنے کا موقع ملا اور اس لیے لوگ عیسایت سے عملاً کنارہ کش ھوتے گیے اور مسلمان وں کا تنزل مقابلتاً اس وقت سے شروع ھوا جب اِسلام کے اصولوں پر ان کا عمل نہ رہا یعنی جب تک عیسای عیسایت پر عامل رھے، وہ ترقی کے دشمن اور جاہل اور وحشی تھے جب عیسایت کو عملاً ترک کردیا اور اِسلامی اصولوں کے پابند ھوے، ترقی کے میدان میں قدم رکھا، اس کے برخلاف جب مسلمان وں کا دستور العمل قرآن تھا، وہ روز افزوں ترقی کرتے چلے گیے، جب اس سے غافل ھوگیے پستی کی طرف رجوع کیا

Marfat.com

روشن اور پُر حکمت کتاب ہے، اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجایش نہیں کہ وہ سچا نبی، صدیق اور اس اللہ کا جوہر ایک کام کو پورا کرنے کی طاقت رکھتا ہے فرستادہ تھا بل کہ وہ ایک ایسا عظیم الشان اور جلیل القدر نبی تھا جس نے بہ ارادہ الٰہی اِسلام جیسے عالم گیر مذہب کی بنیاد رکھی اور اسے کتم عدم سے عالم وجود میں لانے کی توفیق پائی، اس کے پیروؤں کی تعداد تیس کرور (بل کہ چالیس کرور) سے بڑھ گئی جنھوں نے سلطنت روما کو اپنے گھوڑوں کی ٹاپوں سے پامال کر دیا اور اربابِ ضلالت کی جڑوں کو اپنے فتح مند نیزوں کی نوک وں سے کاٹ ڈالا، یہاں تک کہ ان کے ذکر سے مشرق و مغرب کی مقتدر طاقتیں کانپ اٹھیں"

یہی محقق اپنی کتاب' لائف آف محمد (ﷺ) 'میں لکھتا ہے :

"محمد (ﷺ) نے باوجود یہ کہ وہ اُمّی تھا اور لکھ پڑھ نہ سکتا تھا ایک ہی وقت میں تین عظیم مقاصد یعنی قومیت، دیانت اور شہنشاہیت کی بنیاد ڈالی، اس کے علاوہ ایک ایسی کتاب دنیا کے پیش کی جو بلاغت کا ایک زبردست نشان، شریعت کا واجب العمل دستور اور دین وعبادات کا قابل اذعان فرمان ہے یہ وہ مقدس کتاب ہے جو اس وقت تمام دنیا کے ۱/۶ حصہ میں معتبر اور مسلّم سمجھی جاتی ہے، اس کی انشا وحکمت کو ایک بیّن معجزہ مانا جاتا ہے اور خود اس کے مخاطب نے بھی اسے بہ طور اعجاز پیش کیا ہے "

ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

"جدید علمی انکشافات میں یا ان مسائل میں جن کو ہم نے اپنے علم کے زور سے حل کیا ہے یا ہُوز وہ زیر تحقیق ونظر ہیں، کوئی ایسی بات نہیں جو تعلیمات قرآنی کے مخالف ہو ہم عیسائی وں نے عیسائیت کو علم وسائنس کے ہم آہنگ وہم نشیں بنانے میں اب تک جتنی کوششیں کی ہیں اِسلام وقرآن میں یہ سب کچھ پہلے ہی موجود ہے اور پوری طرح موجود ہے "

Marfat.com

ڈاکٹر موصوف اپنی کتاب کی جلد دوم کے باب دوم میں لکھتے ہیں کہ جب پیغمبر (ﷺ) اسلام سے ان کی رسالت کے ثبوت میں معجزہ طلب کیا گیا تو آپ نے اپنے اندازِ خاص میں قرآن کی ترتیب کی طرف اشارہ کیا جس کی خوبی کو کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی اور جو اس کے الہامی ہونے کا بیّن ثبوت ہے ''

## قرآن کی تعلیم ہی اخلاقی قانون کا کام دے سکتی ہے

مسٹر مارماڈیوک پک تھال (Mr. Marmaduke Pickthall.) نے 'اسلام اینڈ ماڈرنزم' پر لندن میں تقریر کرتے ہوے بیان کیا:

"قرآن کی سب سے شان دار سورتیں وہ ھیں جن میں روزِ حشر کی آمد کی خبر سن کر مادرِ قدرت کا لرزہ بر اندام ھونا بیان کیا گیا ھے ایسا معلوم ھوتا ھے گویا ھم زمین کو ابھرتے اور پھولتے ھوئے پہاڑوں کو گرد و غبار میں تبدیل ھوتے اور ستاروں کو انتہا درجہ کی بے ترتیبی کے ساتھ منتشر و پراگندا ھوتے ھوئے اپنی آنکھوں سے دیکھتے ھیں "

## قرآن سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ھے

یھی مستشرق 'ان سائکلوپیڈیا برٹانی کا' (طبع نہم) کی جلد ۱۶ کے ص ۵۹۷ میں لکھتا ھے:

"قرآن مجید اسلام کی بنیاد ھے اور یہ کروروں انسان وں کی مقدس کتاب ھے جن میں سے بعض تہذیبِ قدیم کی یادگار قوم یں بھی ھیں: عبادات میں، درس گہ وں میں اور دوسرے طریق وں پر قرآن کی تلاوت بےنظیر وسعت کے ساتھ کی جاتی ھے نمونتاً بائبل کو لیجیے عیسای ممالک میں جتنی اس کی اشاعت ھے، اس سے کہیں زیادہ اسلامی ممالک میں قرآنِ حمید کو قبولیت حاصل ھے غرض قرآن حمید الہامی کتاب وں میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ھے "

## قرآن ھر زمانے میں، ھر سلطنت، ھر جماعت اور ھر متنفس کی رہ نمای کرتا ھے

مسٹر سٹین لی لین پول اپنے مقدمہ 'منتخبات القرآن' میں لکھتے ھیں:

"مدنی سورتیں خاص طور پر دل چسپ ھیں بالخصوص اس لیے کہ ان میں وہ قوانین مسطور ھیں جنھوں نے ھر ایک اسلامی سلطنت کی رہ بری ھر ایک سوسایٹی کی اصلاح، اور پیغمبرِ اسلام (ﷺ) کے زمانہ سے لے کر اس وقت تک تمام اقطاعِ عالم میں ھر ایک مسلم اور مسلمہ کے چھوٹے سے چھوٹے افعال و اعمال کی رہ نمای کی ھے قرآن کا وہ حصہ جس میں مدنی آیات ھیں اگر اس پر بہ حیثیت ایک مذھبی دستور العمل اور ایک ضابطہ اخلاق کے نظر ڈالی جائے تو وہ اسلام کے لیے قرآن کا اہم ترین حصہ قرار پاتا ھے سب سے اوّل جو وحی مکہ میں نازل ھوی اس میں وہ سب کچھ موجود ھے جو ایک عظیم و جلیل مذھب میں ھونا چاھیے اور جو ایک انسان بزرگ میں خالص ترین صورت میں موجود تھا "

Marfat.com

فوقیت حاصل کرلیں کیوں کہ میرا یہ یقین ہے کہ قرآن سیاست ہائے قدیم و جدید کے خزانوں کا گنجینہ ہے اور کُتب مقدمہ میں جامعیت کے لحاظ سے یگانہ اور اپنی مثال آپ ہے"

"قرآن کریم کے کئی ترجمے مجھ تک پہنچے ہیں اور ایک انگریز ترجمہ اس وقت بھی میرے ہاتھ میں آیا ہے اور میں اس کے مطالعہ میں مصروف ہوں، اس کتابِ مقدس کی حکمتِ بالغہ اور تنظیم عالی کے مطالعے سے میں دریائے حیرت میں غرق ہو جایا کرتا ہوں"

"میں مسلمانوں کی اس غفلت پر سخت متعجب رہتا ہوں کہ وہ امور دینی کا اہتمام اور اصول اِسلامی پر عمل کماحقہٗ نہیں کرتے، میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر مسلمان صدق و خلوص کے ساتھ احکام و اصولِ اِسلام کی پابندی کریں تو یہ قوم حتماً ترقی و تعالا کی انتہائی منزل تک پہنچ جائے گی"

(اخبار 'حمایتِ اسلام' لاہور مطبوعہ ۳۱ / اکتوبر ۱۹۳۵)

## قرآن ذات پات کے امتیازات کا واحد علاج ہے

پروفیسر ودی جاداس 'مسلم اوٹ لک' (لاہور) میں رقم فرماتے ہیں:

"قرآن کریم لاریب ایک ہندو کے لیے ایک نہایت بیش بہا خزانہ ہے قرآن بنی نوع کے ہر فرد کے لیے ظاہر ہوا، صرف ان لوگوں کی ہدایت کے لیے نہیں جو مسلم کہلاتے ہیں، اس نے حکم دیا ہے کہ کوئی شخص دوسرے کو مالک و معبود نہ قرار دے قرآن کی پیش کردہ اُخوت و مساوات جمہوریت کی جان ہے اور ذات پات کے امتیازات کا واحد اور یقینی علاج قُرآن اور صرف قرآن ہے"

پروفیسر موصوف اخیر میں لکھتے ہیں کہ 'آہ، وہ وقت کب آئے گا جب ہم ہندو، مسلمان، عیسائی قرآن کے بے بہا نصائح کو سنہری حروف سے اپنے دل پر نقش کرلیں گے اور ان نصائح و حکم پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے"

## قرآن کی مواخات

مشہور مُصنّف و افسانہ نویس ایچ جی ویلز لکھتا ہے:

"قرآن کو اہل یورپ نے بہت کم پڑھا ہے اور جہالت کی وجہ سے اس سے ایسی بہت سی باتیں منسوب کرتے ہیں جو دراصل اس میں موجود نہیں"

"قرآن نے اللہ کے حکم کے ماتحت اِسلام کو سخت مواخات میں جکڑ رکھا ہے اور یہ مواخات ایسی ہے کہ جو نسل، رنگ، زبان کے امتیازوں سے ارفع ہے اور اس کے سامنے مسیحی بھائی چارا کوئی حقیقت نہیں رکھتا، وہ فتوحات جنھوں نے اہل عرب کو اس قابل بنادیا کہ وہ علمِ جمادات، علمِ ہندسہ،

Marfat.com

## قرآن نے پوپ کی جابرانہ حکومت مٹا دی

یہی مشہورِ آفاق مورخ اسپین کے مسلمانوں کی حیرت انگیز ترقی کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتا ہے:
جب اسلام قرآن کی نورانی مشعل لے کر دنیا کی ظلمت گدوں کو منور کر رہا تھا: یورپ جہالت، اصنام و توہم پرستی، تعصب اور باہمی اختلافات میں گھرا ہوا تھا لیکن دسویں صدی اس کی تاریخ میں ایک نئے انقلاب کی داغ بیل ڈالنے والی تھی......اب وہ زمانہ نہیں رہا تھا کہ قرآن سے یورپ نا آشنا ہوتا، اس کی تعلیم آہستہ آہستہ اہلِ مغرب کے دلوں سے زنگِ جہالت دور کر رہی تھی قرآن کے مطالعے کا فطری نتیجہ یہ ہوا کہ ایک طرف تو اسلام کے اخلاق کا کبھی نہ مٹنے والا نقش ان کے دلوں پر قایم ہوگیا، دوسری طرف پاپائے روم کی جابرانہ حکومت اور اقتدار کے استیصال کا جذبہ دل میں پیدا ہوگیا سرفروشوں کی کوششیں دولت روما کو نہ صرف سرنگوں کر کے رہیں بل کہ ایک آزاد فرقہ قایم ہوگیا جس کا بانی لوتھر تھا اس نے اتالیا کے جامعۃ العلوم میں تعلیم پائی جہاں عربی فلسفہ کی تعلیم دی جاتی تھی"

## قرآن نے انسانوں کے اعتقاد اور چلن پر نمایاں اثر ڈالا ہے

مسٹر جے ٹی بٹانی (ایم اے) اپنی تالیف 'محمد نزم اینڈ رلی جی ینز آف میڈی ٹرینین کنٹریز' (اسلام اور مذاہبِ ممالک بحیرہ روم) میں لکھتے ہیں:
"قرآن میں اور جو کچھ بھی نقایص ہوں اس میں شک نہیں کہ اس نے عربی کو ایک ادبی زبان بنا دیا ہے، اس نے بے حد و شمار انسانوں کے اعتقاد اور چلن پر نمایاں اثر ڈالا ہے اور وہ آج کے دن روز افزوں تعداد افرادِ انسانی سے تعظیم و انقیاد کا خراج وصول کرتا ہے (ص ۱۱۲) (ص ۱۸۰):
"قرآن کا اثر بہ طور ایک تعلیم دہندہ کے افریقا میں نہایت نمایاں ثابت ہوا ہے جہاں اس نے منتشر عناصر کو باہم مربوط کرنے، غور و فکر اور عبادت و پرستش کے لیے ایک مشترک سطح بہم پہنچانے اور بُت پرستی کے خلاف عام مخالفت اور عداوت کا طوفان برپا کرنے کا فرض خاص طور سے انجام دیا ہے"

## قرآن سیاست ہائے قدیم و جدید کا گنجینہ ہے

قونصل جنرل جاپان (مقیم مصر) نے بندر سعید کی مسجد میں قرآن کا درس سننے کے بعد علمائے کرام کے رُوبہ رُو بیان کیا:
"اگر مسلمانانِ شرق و غرب احکام قرآن کریم کی مضبوطی سے پابندی کریں اور ان پر پورا پورا عمل پیرا ہو جایں تو یہ لازمی اور لابدی ہے کہ وہ حیاتِ دینی و سیاسی اور تمام امورِ اجتماعی کے اندر بہت بڑی

Marfat.com

علمِ نجوم، علمِ تعمیر، فنونِ لطیفہ اور فلسفے کو اعلا مدارج پر پہنچا دیں، صرف اس وجہ سے حاصل ہوں کہ قرآن کی تعلیم متحد کرنے والی اور مزید دولت و فضل و ہنر کے لیے اشتیاق دلانے والی تھی "

## قرآن نے غلاموں کو غلامی سے نجات دلائی

انگلستان کے مشہور اہلِ قلم مسٹر چارلس اوڈن برٹن 'لندن ٹائمز' کی اشاعت ۲ نومبر ۱۹۳۳ میں غلامی پر ایک مبسوط مضمون کے دوران میں لکھتے ہیں کہ اگر ہم بائبل (توریت اور زبور) کی طرف رجوع کرتے ہیں تو وہاں بھی غلامی کی قدیم رسم پائی جاتی ہے پولوس رسول یہ نہیں کہتا کہ عیسایت قبول کرنے والے غلاموں کو آزاد کر دیا جاے، بل کہ یہ کہتا ہے کہ ان کو اپنے آقاوں کے پاس واپس بھیج دیا جاے
غلامی کی اس بدترین رسم کی موجودی میں یاد رکھنا چاہیے کہ قرآن کریم نے غلاموں کے ساتھ مہربانی اور حسنِ سلوک کی تعلیم دی ہے اور اعلان کر دیا ہے کہ غلاموں کو آزاد کرنا ایک عظیم اور نیک کام ہے "

## قرآن امن و سلامتی کا مذہب پیش کرتا ہے

پادری والٹر میسن ڈی ڈی نے پٹس برگ کے گرجا میں 'امنِ عالم کا صحیح راستہ' کے موضوع پر درس دیتے ہوے عیسایت کے متعلق لکھا کہ وہ ایسے ممالک میں بھی امن قایم کرنے سے قاصر ہے جن میں عیسای ہی آباد ہیں اور اِسلام کی ان الفاظ میں تعریف کی:
"ان (مسلمانوں) کا مذہب جو قرآن کا مذہب ہے ایک امن و سلامتی کا مذہب ہے اور اس کا نام اِسلام ہے جو شخص اِسلام کی پیروی کرتا ہے، وہ مسلم کہلاتا ہے یعنی وہ شخص جو اللّٰہ کے ساتھ صلح کرتا اور خلقِ اللّٰہ میں امن قایم رکھتا ہے، مسلمان ایک دوسرے کو سلام کرتے ہوے کہتے ہیں اَلسَّلامُ عَلَیکُم یعنی تم امن و عافیت سے رہو (اِسلامک ریویو دسمبر ۱۹۱۶ص ۵۷۴)

## قرآن واقعی ایک معجزہ ہے

بوسورتھ سمتھ اپنی تالیف 'سیرتِ محمد (ﷺ) ' میں اعتراف کرتے ہیں کہ
"ایک ایسی خوش طالعی سے جس کی نظیر تاریخِ عالم میں قطعاً نایاب ہے، حضرت محمد (ﷺ) ایک قوم اور ایک سلطنت کے ساتھ ہی ایک مذہب کے بانی ہیں باوجود یہ کہ حضور (ﷺ) خود اُمی تھے پھر بھی حضور (ﷺ) نے ایک ایسا صحیفہ مقدس دنیا کے رُو بہ رُو پیش کیا جو نظم بھی ہے، ضابطہ قوانین بھی ہے،

Marfat.com

فوقیت حاصل کرلیں کیوں کہ میرا یہ یقین ہے کہ قرآن سیاست ہائے قدیم و جدید کے خزانوں کا گنجینہ ہے اور کتب مقدمہ میں جامعیت کے لحاظ سے یگانہ اور اپنی مثال آپ ہے"

"قرآن کریم کے کئی ترجمے مجھ تک پہنچے ہیں اور ایک انگریز ترجمہ اس وقت بھی میرے ہات میں آیا ہے اور میں اس کے مطالعہ میں مصروف ہوں، اس کتابِ مقدس کی حکمتِ بالغہ اور تنظیمِ عالی کے مطالعے سے میں دریائے حیرت میں غرق ہو جایا کرتا ہوں"

"میں مسلمانوں کی اس غفلت پر سخت متعجب رہتا ہوں کہ وہ امورِ دینی کا اہتمام اور اصولِ اسلامی پر عمل کماحقہ نہیں کرتے، میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر مسلمان صدق و خلوص کے ساتھ احکام و اصولِ اسلام کی پابندی کریں تو یہ قوم حتماً ترقی و تعالا کی انتہائی منزل تک پہنچ جائے گی"

(اخبار 'حمایتِ اسلام' لاہور مطبوعہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۵)

## قرآن ذات پات کے امتیازات کا واحد علاج ہے

پروفیسر ودی جاداس 'مسلم اوٹ لک' (لاہور) میں رقم فرماتے ہیں:

"قرآن کریم لاریب ایک ہندو کے لیے ایک نہایت بیش بہا خزانہ ہے قرآن بنی نوع کے ہر فرد کے لیے ظاہر ہوا، صرف ان لوگوں کی ہدایت کے لیے نہیں جو مسلم کہلاتے ہیں، اس نے حکم دیا ہے کہ کوئی شخص دوسرے کو مالک و معبود نہ قرار دے قرآن کی پیش کردہ اُخوت و مساوات جمہوریت کی جان ہے اور ذات پات کے امتیازات کا واحد اور یقینی علاج قُرآن اور صرف قرآن ہے"

پروفیسر موصوف اخیر میں لکھتے ہیں کہ "آہ، وہ وقت کب آئے گا جب ہم ہندو، مسلمان، عیسائی قرآن کے بے بہا نصائح کو سنہری حروف سے اپنے دل پر نقش کرلیں گے اور ان نصائح و حکم پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے"

## قرآن کی مواخات

مشہور مُصنِّف و افسانہ نویس ایچ جی ویلز لکھتا ہے:

"قرآن کو اہلِ یورپ نے بہت کم پڑھا ہے اور جہالت کی وجہ سے اس سے ایسی بہت سی باتیں منسوب کرتے ہیں جو دراصل اس میں موجود نہیں"

"قرآن نے اللہ کے حکم کے ماتحت اسلام کو سخت مواخات میں جکڑ رکھا ہے اور یہ مواخات ایسی ہے کہ جو نسل، رنگ، زباں کے امتیازوں سے ارفع ہے اور اس کے سامنے مسیحی بھائی چارا کوئی حقیقت نہیں رکھتا، وہ فتوحات جنھوں نے اہلِ عرب کو اس قابل بنا دیا کہ وہ علمِ جمادات، علمِ ہندسہ،

Marfat.com

اور انجیل کی طرح ایک مشترکہ نماز و دعا کی کتاب ہے دنیا کی تمام آبادی کا چھٹا حصہ دانش، فصاحت اور صداقت کی پاکیزگی کے اعتبار سے اسے ایک معجزہ سمجھ کر آنکھوں سے لگاتا ہے اور اس کی تعظیم وتکریم کرتا ہے محمد (ﷺ) کا دعوا ہے کہ یہ کتابِ مقدس ان کا مستقل اور دائمی معجزہ ہے اور واقعی یہ ایک معجزہ ہے ''

## قرآن اللہ تعالا کا ازلی و ابدی کلام ہے

ایک اہل قلم فرنگی خاتون انک ایچ کال اپنی کتاب موسومہ 'اِسلام' کے ص ۶۱ میں لکھتی ہیں:

''قرآن کریم دیگر کتُبِ سماویہ پر فوقیت رکھتا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کا دایمی و ابدی کلام ہے اور اب دنیا کے لیے کسی ایسی صداقت کی ضرورت نہیں جو اس کے بعد نازل ہونی ضروری خیال کی جائے، یہ اللہ تعالیٰ کا آخری الہام ہے جو بنی نوعِ انسان کے لیے نازل ہوا، انسانی زَبان کا اصل ذریعہ عربی زَبان ہی ہے اور چوں کہ اس زَبان کا ہر ایک لفظ مِن جانب اللہ ہے، اس لیے خود اس کے الفاظ نہایت پاکیزہ، متبرک اور مطہر ہیں، یقین کیا جاتا ہے کہ قرآن میں آج تک ایک نقطے کی بھی تبدیلی واقع نہیں ہوی کیوں کہ ان تمام اوراق کو جن پر قرآن کریم لکھا ہوا تھا، بہ کمال احتیاط وحفاظت آں حضرت (ﷺ) کی وفات کے بعد جمع کر لیا گیا، اس سے بڑھ کر اور کویی کتابِ الہامی ہونے کا حق نہیں رکھتی ''

## قرآن کا طرزِ بیاں پُرزور اور حیرت انگیز ہے

انگریزی زَبان کے یگانہ ادیب جارج برنارڈ شآ (George Bernard Shaw) نے ممباسہ میں مشہور مسلم مشنری مولانا ایم اے اے صدیقی سے 'فلسفہ امن و جنگ اور اِسلام کے نظامِ مذہبی' پر گفت گو کے دوران فرمایا:

''میں قرآن کے پُرزور اور حیرت انگیز طرزِ بیاں کا بے حد معترف ہوں، اس آیت میں کیسی دل کش اور دل آویز فضیلت اور خوب صورتی پای جاتی ہے جس میں میدانِ حشر کا نہایت ہول ناک نقشہ کھینچا گیا ہے اور اطفال کُشی کے بیان کو زندہ دفن یا قتل کیے جانے کو معصوم بچے سے یہ سوال کر کے کس قدر قوت اور رنگینی کے ساتھ ختم کر دیا گیا ہے کہ ''تجھ کو کس جرم کی پاداش میں قتل کیا گیا تھا ''

میری رائے میں لوگوں کے دِلوں پر ایک حقیقی اور پایہ دار نقش قایم کرنے کے لیے یہ ایک نہایت

Marfat.com

علمِ نجوم، علمِ تعمیر، فُنونِ لطیفہ اور فلسفے کو اعلا مدارج پر پہنچا دیں، صرف اس وجہ سے حاصل ہوئیں کہ قرآن کی تعلیم متحد کرنے والی اور مزید دولت وفضل وہنر کے لیے اشتیاق دلانے والی تھی "

## قرآن نے غلاموں کو غلامی سے نجات دلائی

انگلستان کے مشہور اہلِ قلم مسٹر چارلس اوڈن برٹن 'لندن ٹائمز' کی اشاعت ۲ نومبر۱۹۳۳ میں غلامی پر ایک مبسوط مضمون کے دوران میں لکھتے ہیں کہ اگر ہم بایبل (توریت اور زبور) کی طرف رجوع کرتے ہیں تو وہاں بھی غلامی کی قدیم رسم پائی جاتی ہے پولوس رسول یہ نہیں کہتا کہ عیسایت قبول کرنے والے غلاموں کو آزاد کر دیا جائے، بل کہ یہ کہتا ہے کہ ان کو اپنے آقاوں کے پاس واپس بھیج دیا جائے

غلامی کی اس بدترین رسم کی موجودگی میں یاد رکھنا چاہیے کہ قرآن کریم نے غلاموں کے ساتھ مہربانی اور حسنِ سلوک کی تعلیم دی ہے اور اعلان کر دیا ہے کہ غلاموں کو آزاد کرنا ایک عظیم اور نیک کام ہے "

## قرآن امن وسلامتی کا مذہب پیش کرتا ہے

پادری والٹر میسن ڈی ڈی نے پٹس برگ کے گرجا میں 'امنِ عالم کا صحیح راستہ' کے موضوع پر درس دیتے ہوئے عیسایت کے متعلق لکھا کہ وہ ایسے ممالک میں بھی امن قایم کرنے سے قاصر ہے جن میں عیسائی ہی آباد ہیں اور اسلام کی ان الفاظ میں تعریف کی:

"ان (مسلمانوں) کا مذہب جو قرآن کا مذہب ہے ایک امن وسلامتی کا مذہب ہے اور اس کا نام اسلام ہے جو شخص اسلام کی پیروی کرتا ہے، وہ مسلم کہلاتا ہے یعنی وہ شخص جو اللہ کے ساتھ صلح کرتا اور خلقِ اللہ میں امن قایم رکھتا ہے، مسلمان ایک دوسرے کو سلام کرتے ہوئے کہتے ہیں اَلسَّلامُ عَلَیکُم یعنی تم امن وعافیت سے رہو (اسلامک ریویو دسمبر ۱۹۱۶ص ۵۷۴)

## قرآن واقعی ایک معجزہ ہے

بوسورتھ سمتھ اپنی تالیف 'سیرتِ محمد (ﷺ) 'میں اعتراف کرتے ہیں کہ

"ایک ایسی خوش طالعی سے جس کی نظیر تاریخ عالم میں قطعاً نایاب ہے، حضرت محمد (ﷺ) ایک قوم اور ایک سلطنت کے ساتھ ہی ایک مذہب کے بانی ہیں باوجود یہ کہ حضور (ﷺ) خود اُمی تھے پھر بھی حضور (ﷺ) نے ایک ایسا صحیفہ مقدس دنیا کے رُوبہ رُو پیش کیا جو نظم بھی ہے، ضابطہ قوانین بھی ہے،

Marfat.com

مؤثر طریقہ ہے ''(اخبار استار الہ آباد ۱۸ جنوری ۱۹۳۷ ص ۵ کالم ۲)

## قرآن غریب آدمی کا دوست اور غم خوار ہے

گاڈفری ہیگنس لکھتا ہے:

''مسیح کی انجیل کی طرح قرآن غریب آدمی کا دوست اور غم خوار ہے، بڑے آدمیوں کی ناانصافی کی ہر جگہ مذمت کرتا ہے وہ آدمیوں کی بہ اعتبار مدارج کے توقیر نہیں کرتا، یہ امراس کے لازوال نیک نامی کا باعث ہے، اس میں ایسا ایک حکم بھی نہیں پایا جاتا جس میں سیاسی خوشامد و رواداری کی طرف زرا سا بھی میل ہو جیسا کہ 'وِسٹ منسٹر رویو' میں منصفانہ رائے دی گی ہے کہ اگر خود مختار و جابر ایشیای فرماں رواوں کو ان کے ارادے سے کبھی کوی چیز روک سکتی ہو تو وہ غالباً قرآن کی ایک بے تکلف آیت کسی ذی جرأت واعِظ کی زبانی ہوگی ''

## قرآن ہی صرف اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے

بیرونس مارگرٹ فان شاین (Baroness Margarette Von Stein) جرمنی کی ایک فصیح البیاں مقررہ ہیں جنھوں نے تمام مذاہب کا بہ غور مطالعہ کیا ہے ۸ مئی ۱۹۲۴ کو انھوں نے 'مذاہب کے مشترکہ اصول' پر مسجد برلن میں تقریر کرتے ہوے فرمایا:

''حضرت موسیٰؑ نے ادلے کا بدلہ کی تعلیم اور حضرت عیسیٰؑ نے درگزر اور معافی کی، لیکن حضرت محمد (ﷺ) نے اپنی تعلیم میں ان دونو کو ملا دیا، اِسی طرح اگر چہ تمام مذہبی صحایف اللّٰہ کی طرف سے نازل ہوے تاہم صرف قرآن کریم ہی ایک ایسا آسمانی صحیفہ ہے جس میں زرا بھی ردوبدل نہیں ہوا اور وہ اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے ''

## قرآن عظمت و تقدس کے لحاظ سے یکتا ہے

میجر لیونارڈ اپنی تالیف 'اِسلام اور اس کی اخلاقی اور رُوحانی قدر و قیمت' میں لکھتے ہیں:

ہر مسلمان کے لیے قرآنِ کریم میں کلام اللّٰہ ہونے کی حیثیت سے ایک ایسی شانِ تقدُّس جلوہ افروز ہے جو اِس عظمت سے جو عیسائیوں کے دِلوں میں انجیل کے لیے ہے، اِسی قدر فایق اور برتر ہے جس قدر کہ آفتاب کی خیرہ کُن روشنی ماہ تاب کی ہلکی سی ضیا سے جو اصلی و حقیقی (آفتاب کی) روشنی کا ایک کم ضو عکس ہے افضل و اعلا ہے اگر کسی کتاب کی عظمت و تقدیس کا اندازہ ان نتایج و اثرات سے کیا جاے جو وہ بہترین و قابل ترین انسانی دماغوں پر نقش کرتی ہے تو یقیناً قرآنِ کریم کو دنیا

Marfat.com

اور انجیل کی طرح ایک مشترکہ نماز و دعا کی کتاب ہے دنیا کی تمام آبادی کا چھٹا حصہ دانش، فصاحت اور صداقت کی پاکیزگی کے اعتبار سے اسے ایک معجزہ سمجھ کر آنکھوں سے لگاتا ہے اور اس کی تعظیم وتکریم کرتا ہے محمد (ﷺ) کا دعوا ہے کہ یہ کتابِ مقدس ان کا مستقل اور دایمی معجزہ ہے اور واقعی یہ ایک معجزہ ہے ''

## قرآن اللہ تعالا کا ازلی وابدی کلام ہے

ایک اہلِ قلم فرنگی خاتون انک ایچ کال اپنی کتاب موسومہ 'اسلام' کے ص ۶۱ میں لکھتی ہیں:

''قرآن کریم دیگر کتبِ سماویہ پر فوقیت رکھتا ہے، یہ اللہ تعالیٰ کا دایمی وابدی کلام ہے اور اب دنیا کے لیے کسی ایسی صداقت کی ضرورت نہیں جو اس کے بعد نازل ہونی ضروری خیال کی جائے، یہ اللہ تعالیٰ کا آخری الہام ہے جو بنی نوعِ انسان کے لیے نازل ہوا، انسانی زَبان کا اصل ذریعہ عربی زَبان ہی ہے اور چوں کہ اس زَبان کا ہر ایک لفظ مِن جانب اللہ ہے، اس لیے خود اس کے الفاظ نہایت پاکیزہ، متبرک اور مطہر ہیں، یقین کیا جاتا ہے کہ قرآن میں آج تک ایک نقطے کی بھی تبدیلی واقع نہیں ہوی کیوں کہ ان تمام اوراق کو جن پر قرآن کریم لکھا ہوا تھا، بہ کمال احتیاط وحفاظت آں حضرت (ﷺ) کی وفات کے بعد جمع کرلیا گیا، اس سے بڑھ کر اور کویی کتابِ الہامی ہونے کا حق نہیں رکھتی ''

## قرآن کا طرزِ بیاں پُرزور اور حیرت انگیز ہے

انگریزی زَباں کے یگانہ ادیب جارج برنارڈشا (George Bernard Shaw) نے ممباسہ میں مشہور مسلم مشنری مولانا ایم اے اے صدیقی سے 'فلسفہ امن و جنگ اور اِسلام کے نظامِ مذہبی' پر گفت گو کے دوران فرمایا:

''میں قرآن کے پُرزور اور حیرت انگیز طرزِ بیاں کا بے حد معترف ہوں، اس آیت میں کیسی دل کش اور دل آویز فضیلت اور خوب صورتی پای جاتی ہے جس میں میدانِ حشر کا نہایت ہول ناک نقشہ کھینچا گیا ہے اور اطفال کُشی کے بیان کو زندہ دفن یا قتل کیے جانے کو معصوم بچے سے یہ سوال کر کے کس قدر قوت اور رنگینی کے ساتھ ختم کردیا گیا ہے کہ ''تجھ کو کس جرم کی پاداش میں قتل کیا گیا تھا ''
میری رائے میں لوگوں کے دِلوں پر ایک حقیقی اور پایہ دار نقش قایم کرنے کے لیے یہ ایک نہایت

Marfat.com

کی بہ ترین ومقدّس ترین کتاب وں میں بلند وممتاز جگھ ملے گی ''

## قرآن جامع جمیع فوایدِ دین ودنیا اور ضرور مِن جانب اللّٰہ ھے

ڈاکٹر کینن آزک ٹیلر اپنی تصنیف 'التواریخ' میں لکھتے ھیں:

''ان لڑای وں کو کروسیڈ یا جہاد مقدس کہتے ھیں اور بھت سی پیش گوییاں ھیں جو سب مطابق ارشاد ظہور میں آیں بانی (ہادی) اِسلام حضرت محمد (ﷺ) کو کسی نے پڑھایا نہ لکھایا حضور کے والد قبلِ ولادت ھی انتقال کر چکے، والِدہ کو بھی بہ حالتِ ہوش نہ دیکھا، نہ کسی حکیم وفلاسفر کی صحبت سے واسطہ رھا، ان حالات پر ایسی مکمّل شریعت کا ظاہر ھونا اور قرآن جیسی کتاب فصیح وبلیغ جامع جمیع فوایدِ دین و دنیا کا نازل ھونا مِن جانب اللّٰہ نھیں تو اور کیا ھے ایسی یتیمی مسکینی کی حالت میں تمام جزیرہ نُمایے عرب میں اس زور شور سے توحید کا ڈنکا بجنا دین اِسلام کا تمام دنیا میں پھیل جانا، بڑے بڑے بادشہ وں کا مطیع وفرماں بردار ھونا قدم وں پر گرنا، صاف صاف اور کھلی ھوی دلیل دین اِسلام کے مِن جانب اللّٰہ ھونے، آں حضرت (ﷺ) کے سچّے نبی ھونے اور قرآن کے کتابِ ربانی ھونے کی دلیل ھے ''

## قرآن تہذیب وتمدّن کی بنیاد ھے

ڈاکٹر کینن آزک ٹیلر نے ۱۸۷۷ میں بہ حیثیت صدر نشیں کلیسایے اِنگ لِستان ایک تقریر کی تھی جو اُسی زمانے میں لندن ٹایمز میں شایع ھوی اس تقریر کا خلاصہ یہ ھے:

''اِسلام کی بنیاد قرآن پر ھے جو تمدن کا جھنڈا اڑاتا ھے جو تعلیم دیتا ھے کہ انسان جو نہ جانتا ھو، اس کو سیکھے جو بتاتا ھے کہ صاف کپڑے پہنو اور صفای سے رھو، جو حکم دیتا ھے کہ استقلال واستقامت و عزتِ نفس نہایت لازمی فرض ھے بے شبہ دین اِسلام کے فواید و منافع یقینی ھیں اور اس کی خصوصیات شایستگی وتمدن کی سب سے بڑی بنیاد بل کہ ارکانِ اعظم ھیں ''

## قرآن سیاسی اور اجتماعی زندگی کی توضیح کرتا ھے

علامہ مغنی مسیحی مستشرق مقدمہ 'ترجمۃ القرآن' میں لکھتا ھے:

مسلمان وں کا رہ نُما محض قرآن ھے اور وہ صرف مذہبی کتاب نھیں بل کہ علم وادب کا مجموعہ ھے جس کے اندر تم کو سیاسی واجتماعی زندگی پر مفصل بیانات کا ذخیرہ ملے گا، یھی نھیں بل کہ وہ انسان کے رُوزانہ وظایف اور امورِ متعلقہ کو بھی تفصیل کے ساتھ بیان کرتا ھے جو اِسلامی احکام قرآن میں

Marfat.com

مؤثر طریقہ ہے''(اخبار اسٹار الہ آباد ۱۸ جنوری ۱۹۳۷ ص ۵ کالم ۲)

## قرآن غریب آدمی کا دوست اور غم خوار ہے

گاڈفری ھیگنس لکھتا ہے:

''مسیح کی انجیل کی طرح قرآن غریب آدمی کا دوست اور غم خوار ہے، بڑے آدمیوں کی ناانصافی کی ہر جگہ مذمت کرتا ہے وہ آدمیوں کی بہ اعتبار مدارج کے توقیر نہیں کرتا، یہ امر اس کے لازوال نیک نامی کا باعث ہے، اس میں ایسا ایک حکم بھی نہیں پایا جاتا جس میں سیاسی خوشامد و رواداری کی طرف زرا سا بھی میل ہو جیسا کہ 'وِسٹ منسٹر رویو' میں منصفانہ رائے دی گیی ہے کہ اگر خودمختار و جابر ایشیای فرماں رواوں کو ان کے ارادے سے کبھی کوئی چیز روک سکتی ہو تو وہ غالباً قرآن کی ایک بے تکلف آیت کسی ذی جرأت واعِظ کی زبانی ہوگی''

## قرآن ہی صرف اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے

بیرونس مارگرٹ فان شٹاین (Baroness Margarette Von Stein) جرمنی کی ایک فصیح البیاں مقررہ ہیں جنھوں نے تمام مذاہب کا بہ غور مطالعہ کیا ہے ۸ مئی ۱۹۲۴ کو انھوں نے 'مذاہب کے مشترکہ اصول' پر مسجد برلن میں تقریر کرتے ہوے فرمایا:

''حضرت موسیٰؑ نے ادلے کا بدلہ کی تعلیم اور حضرت عیسیٰؑ نے درگزر اور معافی کی، لیکن حضرت محمد (ﷺ) نے اپنی تعلیم میں ان دونو کو ملا دیا، اِسی طرح اگرچہ تمام مذہبی صحایف اللہ کی طرف سے نازل ہوے تاہم صرف قرآن کریم ہی ایک ایسا آسمانی صحیفہ ہے جس میں زرا بھی ردوبدل نہیں ہوا اور وہ اپنی اصل شکل میں محفوظ ہے''

## قرآن عظمت و تقدس کے لحاظ سے یکتا ہے

میجر لیونارڈ اپنی تالیف 'اِسلام اور اس کی اخلاقی اور رُوحانی قدر و قیمت' میں لکھتے ہیں:

ہر مسلمان کے لیے قرآنِ کریم میں کلام اللہ ہونے کی حیثیت سے ایک ایسی شانِ تقدُّس جلوہ افروز ہے جو اِس عظمت سے جو عیسای وں کے دِل وں میں انجیل کے لیے ہے، اِسی قدر فایق اور برتر ہے جس قدر کہ آفتاب کی خیرہ کُن روشنی ماہ تاب کی ہلکی سی ضیا سے جو اصلی و حقیقی (آفتاب کی) روشنی کا ایک کم ضو عکس ہے افضل و اعلا ہے اگر کسی کتاب کی عظمت و تقدیس کا اندازہ ان نتایج و اثرات سے کیا جاے جو وہ بہ ترین و قابل ترین انسانی دماغ وں پر نقش کرتی ہے تو یقیناً قرآنِ کریم کو دنیا

Marfat.com

بالوضاحت مرقوم ھیں، وہ حدیث میں بھی موجود ھیں اور جو حدیث میں نھیں وہ فقہ کے اندر جس کو علم الحقوق کے ساتھ بھی تعبیر کیا جاتا ھے بالتفصیل مذکور ھیں (ص ۳۱)

## قرآن نے بیواوں کو سب سے زیادہ حقوق دیے ھیں

ایولیوشن آف میرج اینڈ آف دی فیملی( Evolution of the Marriage & the Family)کے مُصنِف ص ۲۵۹ میں لکھتے ھیں:

''بیواوں کے حقوق کے معاملے میں قرآن کی تعلیم دیگر کتب حتا کہ انجیل تک سے بھی بھت بلند ھے، اِسلامی شریعت خاوند کی وفات کے بعد عورت کو وارث قرار دیتی ھے خاوند اگر اس سے کوئی اولاد چھوڑ جاتا ھے تو اسے جایداد کا آٹھواں حصہ ملتا ھے اور لاولد ھونے کی صورت میں وہ کل جایداد کے چہارم حصے کی حق دار ھوتی ھے ''

## قرآن اللہ کی طرف سے ایک مُکمّل ضابطہ ہُدایت ھے

مشہور فلاسفر و محقق جارج ھاٹسن اپنی تصنیف 'اے لکچر آن اِسلام' میں لکھتا ھے:

میں اس بات پر حیران ھوں کہ ایک اُمی رسول نے جو ظاہری عُلوم سے نا آشنا تھا، قرآن جیسا مُکمّل ضابطہ ہُدایت دنیا کے سامنے کیوں کر پیش کیا، یھ قانون بے شبہ اللہ کی طرف سے ھے، اس کی یھ خصوصیت ھی لایق توجّہ ھے کہ یھ قانونِ ہدایت قریباً ساڑھے تیرہ سو برس سے بالکل اپنی اصلی شان کے ساتھ موجود ھے کیا یھ اس کے اللہ کی طرف سے ھونے کی ایک چمکتی ھوی دلیل نھیں! ''

## قرآن عربی زباں کا اعلانمونہ ھے

بن جمن ای سمتھ اے ایم ایچ ڈی. اپنی تالیف 'سنچری اِن سای کلوپی ڈیا آف ٹیمز' (ص ۵۷۷) میں لکھتے ھیں:

''یھ ایک نہایت اہم بنیاد ھے جس پر مذہب اِسلام قایم ھے اور تمام فرقہ اِسلام اس کی غایت درجے کی تحریم و تکریم کرتے ھیں، تلاوت کے وقت اس کو فرش سے بلند رحل پر رکھا جاتا ھے اور کوئی شخص اس کو طہارت کے بغیر پڑھ اور چھو نھیں سکتا، وہ عربی زباں میں ھے اور اس کا طرزِ تحریر عربی زباں کا اعلانمونہ ھے ''

## قرآن قابلِ تعریف اصول پر مشتمل ھے

'ھربرٹ لک چرز' میں یھ فقرات موجود ھیں:

Marfat.com

کی بہ ترین و مقدس ترین کتاب وں میں بلند و ممتاز جگھ ملے گی "

## قرآن جامع جمیع فواید دین و دنیا اور ضرور من جانب اللہ ھے

ڈاکٹر کینن آزک ٹیلر اپنی تصنیف 'التواریخ' میں لکھتے ھیں:

"ان لڑای وں کو کروسیڈ یا جہاد مقدس کہتے ھیں اور بھت سی پیش گوییاں ھیں جو سب مطابق ارشاد ظہور میں آیں بانی (ہادی) اسلام حضرت محمد (ﷺ) کو کسی نے پڑھایا نہ لکھایا حضور کے والد قبلِ ولادت ھی انتقال کر چکے، والدہ کو بھی بہ حالتِ ہوش نہ دیکھا، نہ کسی حکیم و فلاسفر کی صحبت سے واسطہ رھا، ان حالات پر ایسی مکمّل شریعت کا ظاہر ھونا اور قرآن جیسی کتاب فصیح و بلیغ جامع جمیع فواید دین و دنیا کا نازل ھونا من جانب اللہ نھیں تو اور کیا ھے ایسی یتیمی مسکینی کی حالت میں تمام جزیرہ نمایے عرب میں اس زور شور سے توحید کا ڈنکا بجنا دین اسلام کا تمام دنیا میں پھیل جانا، بڑے بڑے بادشہ وں کا مطیع و فرماں بردار ھونا قدم وں پر گرنا، صاف صاف اور کھلی ھوی دلیل دین اسلام کے من جانب اللہ ھونے، آں حضرت (ﷺ) کے سچے نبی ھونے اور قرآن کے کتابِ ربانی ھونے کی دلیل ھے "

## قرآن تہذیب و تمدّن کی بنیاد ھے

ڈاکٹر کینن آزک ٹیلر نے ۱۸۷۷ میں بہ حیثیت صدر نشیں کلیسائے انگ لستان ایک تقریر کی تھی جو اُسی زمانے میں لندن ٹایمز میں شایع ھوی اس تقریر کا خلاصہ یھ ھے:

"اسلام کی بنیاد قرآن پر ھے جو تمدن کا جھنڈا اڑاتا ھے جو تعلیم دیتا ھے کہ انسان جو نہ جانتا ھو، اس کو سیکھے جو بتاتا ھے کہ صاف کپڑے پھنو اور صفای سے رھو، جو حکم دیتا ھے کہ استقلال و استقامت و عزتِ نفس نہایت لازمی فرض ھے بے شبہ دین اسلام کے فواید و منافع یقینی ھیں اور اس کی خصوصیات شایستگی و تمدن کی سب سے بڑی بنیاد بل کہ ارکانِ اعظم ھیں "

## قرآن سیاسی اور اجتماعی زندگی کی توضیح کرتا ھے

علامہ مغنی مسیحی مستشرق مقدمہ 'ترجمۃ القرآن' میں لکھتا ھے:

مسلمان وں کا رہ نُما محض قرآن ھے اور وہ صرف مذہبی کتاب نھیں بل کہ علم و ادب کا مجموعہ ھے جس کے اندر تم کو سیاسی و اجتماعی زندگی پر مفصل بیانات کا ذخیرہ ملے گا، یھی نھیں بل کہ وہ انسان کے رُوزانہ وظایف اور امورِ متعلقہ کو بھی تفصیل کے ساتھ بیان کرتا ھے جو اسلامی احکام قرآن میں

Marfat.com

''اِسلامی قانون قابلِ تعریف اصول پر مشتمل ہے اور زیادہ قابل تعریف امر یہ ہے کہ اسے ان اصول کی تعمیل اور انجام دہی کی زبردست حمایت میں کامیابی حاصل ہوتی ہے ''

''شریعتِ اِسلام نہایت اعلا درجے کے عقلی احکام کا مجموعہ ہے جن فضایل واعمال کی اس میں ہدایت کی گیی ہے، وہ ایسے برگزیدہ اور شایستہ ہیں کہ کسی مشہور مسیحی قسیس کی ہدایتیں بھی ان کا مقابلہ نہیں کرسکتیں ''

## قرآن نے وحشی درندوں کو بھی انسانِ کامل بنایا

یورپ کا ایک مشہور ادیب ڈاکٹر سی ایم ینگ اپنی مشہور تصنیف کا یادی لایٹ آف ہولی قرآن'' میں یہ لکھتا ہے:

اگر یہ مقدس کلام خالقِ ارض وسما کی طرف سے نہ ہوتا تو اس کی آواز میں تاثیر نہ ہوتی اور یہ ہزاروں انسان وں کی اصلاح نہ کرسکتا، لیکن جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس کلام نے دنیا کی کایا پلٹ دی اور اس نے وحشی درندوں کو انسان کامل بنا دیا تو ہم اس کی صداقت پر یقین کرنے کے لیے مجبور ہوتے ہیں (ص ۱۲۷)

## قرآن کے حُسن وخوبی سے صرف بے عقلوں کو انکار ہے

لندن کا مشہور ہفتہ وار اخبار 'نیر ایسٹ' اپنی ۱۳ /اپریل ۱۹۲۲ کی اشاعت میں لکھتا ہے:

''ہم محمد (ﷺ) کے تعلیم وارشاد کے متعلق خواہ کچھ خیال کریں مگر یہ ہمیں ضرور تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ نزول وترتیب کے لحاظ سے قرآن کریم ایک محیّر العقول ومعجزنما صحیفہ ہے اور اگرچہ اس کی زبان اور خیالات جو اس میں درج ہیں ہماری اپنی زبان اور خیالات سے بہت مختلف ہیں لیکن اگر ہم ان کی قدر وقیمت اور عظمت وفضیلت اور اکثر حالات میں ان کے حُسن وخوبی (خواہ یہ خیالات ترجمے کی صورت میں ہمارے سامنے پیش کیے جایں) کو تسلیم نہ کریں تو ہم فی الحقیقت عقل ودانش سے بے گانہ ہیں ''

## قرآن بساط سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا

مسٹر چے ننگ پولک (Mr.channing Pollock) اپنی تالیف 'دی اینی می (The Enemy) کے ص ۹۶، ۹۷ میں لکھتے ہیں:

شاید ہمارے مذہب (عیسایت) میں خرابی یہ ہے کہ وہ فطرت انسانی پر اس کی بساط سے بڑھ کر

Marfat.com

بالوضاحت مرقوم ہیں، وہ حدیث میں بھی موجود ہیں اور جو حدیث میں نہیں وہ فقہ کے اندر جس کو علم الحقوق کے ساتھ بھی تعبیر کیا جاتا ہے بالتفصیل مذکور ہیں (ص ۳۱)

## قرآن نے بیواوں کو سب سے زیادہ حقوق دیے ہیں

ایولیوشن آف میرج اینڈ آف دی فیملی( Evolution of the Marriage & the Family)کے مُصنف ص ۲۵۹ میں لکھتے ہیں:

''بیواوں کے حقوق کے معاملے میں قرآن کی تعلیم دیگر کتُب حتا کہ انجیل تک سے بھی بھت بلند ہے، اِسلامی شریعت خاوند کی وفات کے بعد عورت کو وارث قرار دیتی ہے خاوند اگر اس سے کوئی اولاد چھوڑ جاتا ہے تو اسے جایداد کا آٹھ واں حصہ ملتا ہے اور لاولد ھونے کی صورت میں وہ کل جایداد کے چہارم حصّے کی حق دار ھوتی ہے ''

## قرآن اللہ کی طرف سے ایک مُکمّل ضابطہ ہدایت ہے

مشہور فلاسفر و محقق جارج ھاٹسن اپنی تصنیف 'اے لکچر آن اِسلام' میں لکھتا ہے:

میں اس بات پر حیران ھوں کہ ایک اُمی رسول نے جو ظاہری علوم سے نا آشنا تھا، قرآن جیسا مُکمّل ضابطہ ہدایت دنیا کے سامنے کیوں کر پیش کیا، یہ قانون بے شبہ اللہ کی طرف سے ہے، اس کی یہ خصوصیت ھی لایق توجّہ ہے کہ یہ قانونِ ہدایت قریباً ساڑھے تیرہ سو برس سے بالکل اپنی اصلی شان کے ساتھ موجود ہے کیا یہ اس کے اللہ کی طرف سے ھونے کی ایک چمکتی ھوی دلیل نہیں! ''

## قرآن عربی زباں کا اعلا نمونہ ہے

بن جمن ای سمتھ اے ایم ایچ ڈی. اپنی تالیف 'سنچری اِن سای کلوپی ڈیا آف ٹیمز' (ص ۵۷۷) میں لکھتے ہیں:

''یہ ایک نہایت اہم بنیاد ہے جس پر مذہب اِسلام قایم ہے اور تمام فرقہ اِسلام اس کی غایت درجے کی تحریم و تکریم کرتے ہیں، تلاوت کے وقت اس کو فرش سے بلند رحل پر رکھا جاتا ہے اور کوئی شخص اس کو طہارت کے بغیر پڑھ اور چھو نہیں سکتا، وہ عربی زباں میں ہے اور اس کا طرزِ تحریر عربی زباں کا اعلا نمونہ ہے ''

## قرآن قابلِ تعریف اصول پر مشتمل ہے

'ھربرٹ لک جرز' میں یہ فقرات موجود ہیں:

Marfat.com

بوجھ ڈالتا ہے اگر تم ایک آدمی سے کہو کہ تمھاری صحت اعتدال کے ساتھ کھانے پر موقوف ہے تو اغلب ہے کہ وہ اس کی کوشش کرے، لیکن اگر تم اس سے یہ مطالبہ کرو کہ "کچھ بھی نہ کھاؤ" تو وہ یقیناً کہے گا: بات تو اچھی ہے لیکن غیر ممکن" قرآن فطرتِ انسانی پر بہت کم بوجھ ڈالتا ہے، اس لیے اس کی اطاعت کی جاتی ہے

## قرآن مغرب کے گوشے گوشے میں پڑھا جانا چاہیے

سر اڈورڈ ڈین سین راس سی آئی ای نے سیل کے ترجمہ قرآن کے آخری اڈیشن (مطبوعہ ۱۹۲۲) پر جو مقدمہ لکھا، اس میں تحریر کیا ہے:

"تیرہ سو سال کے تمام انقلابات کے دوران قرآنِ کریم تمام ترک وں، ایرانی وں اور ہندستانی وں کی قریباً ربع آبادی کا صحیفہ مقدس رہا ہے "اور وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ "یقیناً ایسی کتاب جیسی کہ قرآن کریم ہے، اس امر کی مستحق ہے کہ مغرب کے گوشے گوشے میں پڑھی جائے، خصوصاً دورِ حاضر میں جب کہ موجودہ ایجادوں کے ذریعے زمان و مکاں کی بندشیں بالکل محدود ہو گئی ہیں اور جب کہ مفاد عامہ تمام دنیا کو اپنی آغوش میں لیے ہوئے ہے "

## قرآن کا مقصد توحید الٰہی ہے

ڈاکٹر جارٹن 'ورلڈز پراگرس' (ترقی عالم) کے ص ۳۸۷ میں لکھتے ہیں:

قرآن کا مقصدِ عظیم بعض قوانین و رسوم کے ماتحت بت پرست وں یہودی وں اور عیسائی وں کو ایک اللہ کی [جس کی وحدانیت اس کا نقطۂ کمال تھا] پرستش پر مایل و متفق کرنا ہے، وہ قریش کی عربی زبان میں لکھا گیا تھا اور یہ زبان جو سچ مچ ہر ایک وصفِ حسنہ رکھتی ہے، بیان کیا جاتا ہے کہ جنت الفردوس کی زبان ہے۔ قرآن کریم کا طرزِ تحریر دل آویز، رواں، قل و دل اور جہاں کہیں اللہ کے جاہ و جلال اور اوصاف کا ذکر آیا ہے شان دار اور بلند ہے حضرت محمد (ﷺ) حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ کی نبوت کے قایل تھے "

## قرآن نہایت آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے

مسٹر ی ایف رائے ڈر نے 'اسلام اور عیسائیت' کا باہمی مقابلہ کرتے ہوئے ایک جلسہ میں جو بہ مقام لندن جولائی ۱۹۱۶ میں زیر صدارت مسٹر عبد اللہ یوسف علی منعقد ہوا، کہا تھا:

"اس ملک (انگلستان) کے پیش وایانِ دین اس حقیقت پر غم کے آنسو بہایا کرتے ہیں کہ افریقا

Marfat.com

''اِسلامی قانون قابلِ تعریف اصول پر مشتمل ہے اور زیادہ قابلِ تعریف امر یہ ہے کہ اسے ان اصول کی تعمیل اور انجام دہی کی زبردست حمایت میں کامیابی حاصل ہوتی ہے ''

''شریعتِ اِسلام نہایت اعلا درجے کے عقلی احکام کا مجموعہ ہے جن فضایل و اعمال کی اس میں ہدایت کی گیی ہے، وہ ایسے برگزیدہ اور شایستہ ہیں کہ کسی مشہور مسیحی قسیس کی ہدایتیں بھی ان کا مقابلہ نہیں کرسکتیں ''

## قرآن نے وحشی درندوں کو بھی انسانِ کامل بنایا

یورپ کا ایک مشہور ادیب ڈاکٹر سی ایم ینگ اپنی مشہور تصنیف کا یادی لایٹ آف ہولی قرآن'' میں یہ لکھتا ہے:

اگر یہ مقدس کلام خالقِ ارض وسما کی طرف سے نہ ہوتا تو اس کی آواز میں تاثیر نہ ہوتی اور یہ ہزاروں انسان وں کی اصلاح نہ کرسکتا، لیکن جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس کلام نے دنیا کی کایا پلٹ دی اور اس نے وحشی درندوں کو انسان کامل بنادیا تو ہم اس کی صداقت پر یقین کرنے کے لیے مجبور ہوتے ہیں (ص ۱۲۷)

## قرآن کے حُسن وخوبی سے صرف بے عقلوں کو انکار ہے

لندن کا مشہور ہفتہ وار اخبار 'نیر ایسٹ' اپنی ۱۳ اپریل ۱۹۲۲ کی اشاعت میں لکھتا ہے:

''ہم محمد (ﷺ) کے تعلیم و ارشاد کے متعلق خواہ کچھ خیال کریں مگر یہ ہمیں ضرور تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ نزول و ترتیب کے لحاظ سے قرآن کریم ایک محیّر العقول و معجز نما صحیفہ ہے اور اگرچہ اس کی زباں اور خیالات جو اس میں درج ہیں ہماری اپنی زباں اور خیالات سے بہت مختلف ہیں لیکن اگر ہم ان کی قدر و قیمت اور عظمت و فضیلت اور اکثر حالات میں ان کے حُسن وخوبی (خواہ یہ خیالات ترجے کی صورت میں ہمارے سامنے پیش کیے جایں) کو تسلیم نہ کریں تو ہم فی الحقیقت عقل و دانش سے بے گانہ ہیں ''

## قرآن بساط سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا

مسٹر چے ننگ پولک (Mr.channing Pollock) اپنی تالیف 'دی اینی می (The Enemy) کے ص ۹۶، ۹۷ میں لکھتے ہیں:

شاید ہمارے مذہب (عیسای یت) میں خرابی یہ ہے کہ وہ فطرت انسانی پر اس کی بساط سے بڑھ کر

Marfat.com

میں اِسلام بہ نسبت عیسائیت کے زیادہ سرعت کے ساتھ پھیل رہا ھے شاید وہ اس امر سے آگہ نھیں کہ اس سرعتِ رفتار کی وجہ اس کی سادگی میں مضمر ھے کیوں کہ عقاید اِسلام عیسائیت کی نسبت بھُت کم پیچیدا ھیں، اس نے جو ضابطہ (قرآن) حیاتِ انسانی کی رہ نُمائی کے لیے بنی نوعِ انساں کو عطا کِیا ھے وہ نہایت آسانی سے سمجھ میں آ سکتا ھے اور یھی ایک بڑی وجہ افریقا میں اس کی سبک رفتاری کی ھے "

## قرآن میں ایک وسیع جمہوریہ کے تمام آیین موجود ھیں

لڈلف کرھل اپنی کتاب 'دی لیبن دی محمد (ﷺ)' (Des Leben des Muhammad.) میں جو بہ مقام لِپسا ۱۸۸۴ء میں شایع ھوی لکھتے ھیں:

"قرآن عقاید و اخلاق اور نیز ان پر مبنی قانون کا ایک مکمّل ضابطہ پیش کرتا ھے، اس میں ایک وسیع جمہوریہ کے تمام آیین و اصول کے لیے، رُشد و ہدایت کے لیے انصاف و عدالت کے لیے، فوجی تنظیم و ترتیب کے لیے، مالیات کے لیے غُربا کے متعلّق نہایت محتاط قانون سازی کے لیے بنیادیں رکھی گیی ھیں، لیکن ان تمام کا سنگِ بنیاد ذاتِ باری پر اعتقاد ھے جس کے قبضہ قدرت میں انسان کی قسمتوں کی باگ ھے "

## قرآن مذھب اور علم کے درمیان اتحاد کی تلقین کرتا ھے

مشہور جرمن مستشرق ھورٹن اپنی کتاب 'استعداد الاِسلام بہ قول الثقافتہ الروحیہ' میں لکھتا ھے:

"تم اِسلام کو ایسا مذھب پاو گے جس میں مذھب اور علم کے درمیان اتحاد ھے، یھی ایک ایسا دین ھے جو دونو کو ایک کیے ھوے ھے ۔ اگر تم غور کرو گے تو تم کو مذھبِ اِسلام عقل کے مطابق نظر آے گا اور تم ایک فقیہ کو فلسفی کے ساتھ معانقہ کرتے ھوے پاو گے " (ص ۹)

قرونِ وسطی قریباً ۱۵۱۰ کا مشہور فلسفی ابن رُشد پکا مسلمان تھا جو قرآن کے ہر ہر لفظ پر اعتقاد رکھتا تھا مگر باوصف اس کے اس کا مذھب، اس کا عقیدہ اور وہ قرآن جس کو اس نے اپنا مُتمسّک بنایا تھا یونانی فلسفہ کے مطالعہ اور ارسطو کے آثار و عُلوم کے حاصل کرنے سے مانع نھیں تھا (ص ۱۰)

## قرآن قدیم و جدید صداقتوں کا مظہر ھے

ھز ھائی نس (شہزادی خیر النِّسا) ڈیانگ موڈا جزیرہ سراوک جنھوں نے ھوای جہاز میں اِسلام قبول کِیا لکھتی ھیں:

Marfat.com

بوجھ ڈالتا ہے اگر تم ایک آدمی سے کہو کہ تمھاری صحت اعتدال کے ساتھ کھانے پر موقوف ہے تو اغلب ہے کہ وہ اس کی کوشش کرے، لیکن اگر تم اس سے یہ مطالبہ کرو کہ "کچھ بھی نہ کھاؤ" تو وہ یقیناً کہے گا: بات تو اچھی ہے لیکن غیر ممکن" قرآن فطرتِ انسانی پر بہت کم بوجھ ڈالتا ہے، اس لیے اس کی اطاعت کی جاتی ہے

## قرآن مغرب کے گوشے گوشے میں پڑھا جانا چاہیے

سر اڈورڈ ڈین سین راس سی آئی ای نے سیل کے ترجمہ قرآن کے آخری اڈیشن (مطبوعہ ۱۹۲۲) پر جو مقدمہ لکھا، اس میں تحریر کیا ہے:

"تیرہ سو سال کے تمام انقلابات کے دوران قرآنِ کریم تمام ترک وں، ایرانی وں اور ہندستانی وں کی قریباً ربع آبادی کا صحیفہ مقدس رہا ہے "اور وہ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ "یقیناً ایسی کتاب جیسی کہ قرآن کریم ہے، اس امر کی مستحق ہے کہ مغرب کے گوشے گوشے میں پڑھی جاے، خصوصاً دورِ حاضر میں جب کہ موجودہ ایجادوں کے ذریعے زمان و مکاں کی بندشیں بالکل محدود ہو گیی ہیں اور جب کہ مفاد عامہ تمام دنیا کو اپنی آغوش میں لیے ہوے ہے "

## قرآن کا مقصد توحید الٰہی ہے

ڈاکٹر جارٹن 'ورلڈز پراگرس' (ترقی عالم) کے ص ۳۸۷ میں لکھتے ہیں:

قرآن کا مقصدِ عظیم بعض قوانین و رسوم کے ماتحت بت پرست وں یہودی وں اور عیسای وں کو ایک اللہ کی [جس کی وحدانیت اس کا نقطۂ کمال تھا] پرستش پر مایل و متفق کرنا ہے، وہ قریش کی عربی زَباں میں لکھا گیا تھا اور یہ زَباں جو سچ مچ ہر ایک وصفِ حسنہ رکھتی ہے، بیان کیا جاتا ہے کہ جنت الفردوس کی زَباں ہے۔ قرآن کریم کا طرزِ تحریر دل آویز، رواں، قل و دل اور جہاں کہیں اللہ کے جاہ و جلال اور اوصاف کا ذکر آیا ہے شان دار اور بلند ہے حضرت محمد (ﷺ) حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ کی نبوّت کے قایل تھے "

## قرآن نہایت آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے

مسٹر سی ایف رامے ڈر نے 'اسلام اور عیسائیت' کا باہمی مقابلہ کرتے ہوے ایک جلسہ میں جو بہ مقام لندن جولائی ۱۹۱۶ میں زیر صدارت مسٹر عبد اللہ یوسف علی منعقد ہوا، کہا تھا:

"اس مُلک (انگلستان) کے پیش وایانِ دین اس حقیقت پر غم کے آنسو بہایا کرتے ہیں کہ افریقا

Marfat.com

''قرآن میں تاریخ قدیم اور اللہ کی وحدانیت کی عظیم الشان صداقتیں موجود ہیں، اس مادیت اور دہریت کے زمانے میں رسولِ پاک (ﷺ) کے کلمات برابر دِلوں میں گھر بناتے جا رہے ہیں، اِسلام کے خلاف رومن کیتھولک فرقہ کی شدید جدّ وجُہد کے باوجود وہ دن دور نہیں جب ارشاداتِ نبوی (ﷺ) یورپ میں بھی اِسی طرح عام ہوجایں گے جس طرح کہ مشرق میں ہیں قرآن میں موجودہ زمانے کی عظیم صداقتوں اور بائبل، مسیح کی کن فوشس اور ویدوں کی دانش آموزوں کی گونج سنائی دے رہی ہے، یہ محیر العقول کتاب تسلی، امید اور محبت کی دولت سے مالا مال ہے (اخبار لایٹ لاہور)

## قرآن ایک زبردست دعوتِ عمل ہے

ڈاکٹر جارج الیس ارن ڈیل پریزیڈنٹ تھیوسافی کل سوسایٹی رقم طراز ہیں (ٹروتھ لاہور یکم جولائی ۱۹۳۵)

''حضرت محمد (ﷺ) کی تعریف تحصیل حاصل ہے، ان کی ساری زندگی عظمت و بزرگی کے تاب ناک نشانات سے درخشندہ تھی اور ایک نہایت خوش نُما، نہایت گہری اور نہایت سادہ رُوحانیت ان کا طُغرائے امتیاز تھی حضرت محمد (ﷺ) لازمی طور پر ایک نبی ہیں، اس لیے کہ ان کو اپنی صدا ایک وحشت ناک ویرانے میں بلند کرنا پڑی قرآن کی عظمت محض اس کے کتاب ہونے میں مضمر نہیں بل کہ اس حقیقت میں مخفی ہے کہ وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک زبردست دعوتِ عمل ہے جو شان دار اِسلامی تمدُّن اور حکومت دنیا میں قایم کرنے والی ہیں''

## قرآن ہی نے اوصافِ حمیدہ سکھاے

مسٹر آرنلڈ وھایٹ اِسلامِک رویو بابت ماہ ۱۹۱۶ص ۲۲۶ میں فرماتے ہیں:

''وہ اسباق جو ہم عہد نامہ عتیق اور عہد نامہ جدید سے یہودیوں کے توسط سے سیکھتے ہیں (نصف یورپ ایک یہودی یعنی جناب مسیح اور باقی نصف ایک یہودن یعنی جناب مریم کی پرستش کرتا ہے) ہمیں بنی نوعِ انسان کے ساتھ انسانیت سے پیش آنا اور تمام لوگوں کے خیالات کا احترام کرنا سکھاتے ہیں، لیکن قرآن نے کہ جس کو ایک ساربان کے فرزند نے لکھا، مسلمانوں کو نہ صرف جنگ آرائی سکھائی بل کہ نجی زندگی میں ہم دردی، خیرات، فیاضی، شجاعت اور مہمان نوازی کا سبق پڑھایا''

## قرآن دنیا کے لیے امن واتحاد کا پیغام لایا ہے

ہندی زباں کے بے مثال اور کثیر الاشاعت رسالہ 'چاند' کے مُدیر منشی کنھیالال (وکیل) اپنے رسالے میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

میں اسلام بہ نسبت عیسائیت کے زیادہ سرعت کے ساتھ پھیل رہا ھے شاید وہ اس امر سے آگہ نھیں کہ اس سرعتِ رفتار کی وجہ اس کی سادگی میں مضمر ھے کیوں کہ عقاید اسلام عیسائیت کی نسبت بھت کم پیچیدا ھیں، اس نے جو ضابطہ (قرآن) حیاتِ انسانی کی رہ نُمائی کے لیے بنی نوعِ انسان کو عطا کیا ھے وہ نہایت آسانی سے سمجھ میں آسکتا ھے اور یھی ایک بڑی وجہ افریقا میں اس کی سبک رفتاری کی ھے ''

## قرآن میں ایک وسیع جمہوریہ کے تمام آیین موجود ھیں

لڈلف کرھل اپنی کتاب 'دی لیبن دی محمد (ﷺ)' (Des Leben des Muhammad.) میں جو بہ مقام لپسا ۱۸۸۴ء میں شایع ھوی لکھتے ھیں:

''قرآن عقاید و اخلاق اور نیز ان پر مبنی قانون کا ایک مکمّل ضابطہ پیش کرتا ھے، اس میں ایک وسیع جمہوریہ کے تمام آیین و اصول کے لیے، رُشد و ھدایت کے لیے انصاف و عدالت کے لیے، فوجی تنظیم و ترتیب کے لیے، مالیات کے لیے غُربا کے متعلّق نہایت محتاط قانون سازی کے لیے بنیادیں رکھی گیی ھیں، لیکن ان تمام کا سنگِ بنیاد ذاتِ باری پر اعتقاد ھے جس کے قبضۂ قدرت میں انسان کی قسمتوں کی باگ ھے ''

## قرآن مذھب اور علم کے درمیان اتحاد کی تلقین کرتا ھے

مشہور جرمن مستشرق ھورٹن اپنی کتاب 'استعداد الاسلام بہ قول الثقافۃ الروحیہ' میں لکھتا ھے:

''تم اسلام کو ایسا مذھب پاوگے جس میں مذھب اور علم کے درمیان اتحاد ھے، یھی ایک ایسا دین ھے جو دونو کو ایک کیے ھوے ھے اگر تم غور کروگے تو تم کو مذھب اِسلام عقل کے مطابق نظر آےگا اور تم ایک فقیہ کو فلسفی کے ساتھ معانقہ کرتے ھوے پاوگے ''(ص ۹)

قرونِ وسطیٰ قریباً ۱۵۱۰ کا مشہور فلسفی ابن رُشد پکا مسلمان تھا جو قرآن کے ہر ہر لفظ پر اعتقاد رکھتا تھا مگر باوصف اس کے اس کا مذھب، اس کا عقیدہ اور وہ قرآن جس کو اس نے اپنا مُتمسّک بنایا تھا یونانی فلسفہ کے مطالعہ اور ارسطو کے آثار و علوم کے حاصل کرنے سے مانع نھیں تھا (ص ۱۰)

## قرآن قدیم و جدید صداقتوں کا مظہر ھے

ھز ھائی نس (شہزادی خیر النسا) ڈیانگ موڈا جزیرہ سراوک جنھوں نے ھوای جہاز میں اِسلام قبول کیا لکھتی ھیں:

Marfat.com

''رَمَضانُ المبارَک مسلمان وں کی آسمانی کتاب کے نزول کا زمانہ ہے یہ وہ کتاب ہے جس کی عظمت کا راز اس کی پاکیزہ تعلیم میں پوشیدہ ہے قرآن کریم دنیا کے لیے امن واتحاد کا پیام ہے اصلاح اور صلاح کا ضابطہ ہے، اس کی خوبیاں اُسی وقت معلوم ہوسکتی ہیں جب کہ اس پر عقیدہ رکھنے والے اس کے احکام پر پوری طرح عمل کریں اور اپنے آپ کو نمونہ بنا کر دکھا دیں کہ مسلمان ایسے ہوتے ہیں.. جس کتاب نے کسی زمانے میں ایک زبردست قوم بنا کر دکھای، وہ کبھی بے کار اور غیر مفید نہیں ہوسکتی ''

## قرآن ایک مستقل اور زندہ معجزہ ہے

مسٹر سی اے سورما (بی اے) جو قرآن کے مطالعہ کے بعد اسلام لے آئے، ایک طویل مضمون لکھتے ہیں ''قرآن رسولِ اللہ (ﷺ) کے ذریعے جس صورت میں نازل ہوا، اُسی صورت میں موجود ہے ایک شوشے تک کا فرق نہیں آیا، انسانی ہات اور دماغ نے اس میں کوی دخل نہیں دیا اور یہ ایک ایسی بات ہے جو کلی بل کہ جُزوی طور پر بھی کسی مذہبی کتاب کے متعلق نہیں کہی جا سکتی حضرت محمد (ﷺ) کا دعوا تھا کہ وہ ایک مستقل اور زندہ معجزہ ہے اور حقیقت میں وہ ایک معجزہ ہی ہے ''

## قرآن ہی قابل قبول اور اطمینانِ قلب کی کتاب ہے

حضرت بابا نانک فرماتے ہیں:

توریت، زبور، انجیل، ترے پڑھ سُن ڈٹھے وید
رہی قرآن کل جگ میں پروار (جنم ساکھی کلاں ص ۱۴۷)
[توریت، زبور، انجیل اور وید وغیرہ تمام پڑھ کر دیکھ لیے قرآن شریف
ہی قابل قبول اور اطمینان قلب کی کتاب نظر آی ]
رہی کتاب ایمان دی سچ کتاب قرآن

اگر سچ پوچھو تو سچی اور ایمان کی کتاب جس کی ملاقات سے دل باغ باغ ہوجاتا ہے قرآن شریف ہی ہے

## قرآن ژنداَوستا کے مقابلے میں

پروفیسر اڈورڈ جی براون (ایم اے، ایم بی) اپنی تالیف 'اَ لِٹ ریری ہسٹری آف پرشیا' (تاریخِ ادبیاتِ ایران) میں ژنداَوستا اور قرآن کا مقابلہ کرتے ہوے ص ۱۰۲ میں لکھتے ہیں:

''میں جوں جوں قرآن پر غور کرتا اور اس کے مفہوم اور معانی کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں میرے دل

Marfat.com

''قرآن میں تاریخ قدیم اور اللہ کی وحدانیت کی عظیم الشان صداقتیں موجود ہیں، اس مادّیت اور دہریت کے زمانے میں رسولِ پاک (ﷺ) کے کلمات برابر دِلوں میں گھر بناتے جا رہے ہیں، اِسلام کے خلاف رومن کیتھولک فرقہ کی شدید جدّ وجُہد کے باوجود وہ دن دور نہیں جب ارشاداتِ نبوی (ﷺ) یورپ میں بھی اِسی طرح عام ہو جایں گے جس طرح کہ مشرق میں ہیں قرآن میں موجودہ زمانے کی عظیم صداقتوں اور بایبل، مسیح کی کن فوشس اور ویدوں کی دانش آموزوں کی گونج سنای دے رہی ہے، یہ محیر العقول کتاب تسلی، امید اور محبت کی دولت سے مالا مال ہے (اخبار لایٹ لاہور)

## قرآن ایک زبردست دعوتِ عمل ہے

ڈاکٹر جارج ایس ارن ڈیل پریزیڈنٹ تھیوسافی کل سوسایٹی رقم طراز ہیں (ٹروتھ لاہور یکم جولای ۱۹۳۵)

''حضرت محمد (ﷺ) کی تعریف تحصیل حاصل ہے، ان کی ساری زندگی عظمت و بزرگی کے تابناک نشانات سے درخشندہ تھی اور ایک نہایت خوش نُما، نہایت گہری اور نہایت سادہ رُوحانیت ان کا طُغراے امتیاز تھی حضرت محمد (ﷺ) لازمی طور پر ایک نبی ہیں، اس لیے کہ ان کو اپنی صدا ایک وحشت ناک ویرانے میں بلند کرنا پڑی قرآن کی عظمت محض اس کے کتاب ہونے میں مضمر نہیں بل کہ اس حقیقت میں مخفی ہے کہ وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک زبردست دعوتِ عمل ہے جو شان دار اِسلامی تمدُّن اور حکومت دنیا میں قایم کرنے والی ہیں''

## قرآن ہی نے اوصافِ حمیدہ سکھاے

مسٹر آرنلڈ وھایٹ اِسلامِک ریویو بابت ماہ ۱۹۱۶ ص ۲۲۶ میں فرماتے ہیں:

''وہ اسباق جو ہم عہد نامہ عتیق اور عہد نامہ جدید سے یہودیوں کے توسط سے سیکھتے ہیں (نصف یورپ ایک یہودی یعنی جناب مسیح اور باقی نصف ایک یہودن یعنی جناب مریم کی پرستش کرتا ہے) ہمیں بنی نوع انسان کے ساتھ انسانیت سے پیش آنا اور تمام لوگوں کے خیالات کا احترام کرنا سکھاتے ہیں، لیکن قرآن نے کہ جس کو ایک ساربان کے فرزند نے لکھا، مسلمانوں کو نہ صرف جنگ آرای سکھای بل کہ نجی زندگی میں ہم دردی، خیرات، فیاضی، شجاعت اور مہمان نوازی کا سبق پڑھایا''

## قرآن دنیا کے لیے امن واتحاد کا پیغام لایا ہے

ہندی زبان کے بے مثال اور کثیر الاشاعت رسالہ 'چاند' کے مُدیر منشی کنھیالال (وکیل) اپنے رسالے میں لکھتے ہیں:

Marfat.com

میں اس کی قدر و منزلت زیادہ ھوتی جاتی ھے لیکن ژند اَوستا کا مطالعہ بہ جُز ایسی حالت وں کے کہ اس کو علم او ثان یا تحقیق لسانی یا اِسی قسم کے دیگر اغراض کے لیے پڑھا جاے طبعیت میں تکان پیدا کرتا اور بارِ خاطر ھو جاتا ھے ''

## قرآن کی آیاتِ دینی اور اخلاقی خیالات پر مشتمل ھیں

انسائی کلوپی ڈیا برتانی کا کی جلد ۱۶ ص ۵۹۹ میں لکھا ھے:

''قرآن کے مختلف حصص کے مطالب ایک دوسرے سے بِالکل متفاوِت ھیں بھُت سی آیات دینی و اخلاقی خیالات پر مشتمل ھیں مظاہرِ قدرت، تاریخ، الہاماتِ انبیا کے ذریعے اس میں اللّٰہ کی عظمت، مہربانی اور صداقت کی یاد دلای گیی ھے بالخصوص حضرت محمد (ﷺ) کے واسطے سے اللّٰہ کو واحد اور قادرِ مُطلق ظاھر کیا گیا ھے بت پرستی اور مخلوقات کی پرستش کو (جیسا کہ جناب مسیح کو اللّٰہ کا بیٹا سمجھ کر پوجا جاتا ھے) بلا لحاظ ناجایز قرار دیا گیا ھے، قرآن کی نسبت یھ بِالکل بجا کھا جاتا ھے کہ وہ دنیا بھر کی موجودہ کتاب وں میں سب سے زیادہ پڑھا جاتا ھے ''

## قرآن خود اپنی تعظیم کراتا ھے

مسٹر وڈول جس نے قرآن کا ترجمہ شایع کیا، لکھتا ھے:

''جتنا بھی ھم اس کتاب (قرآن) کو اُلٹ پلٹ کر دیکھتے ھیں، اِسی قدر پہلے مطالعے میں اس کی نامرغوبی نیے نیے پہلوؤں سے اپنا رنگ جماتی ھے لیکن فوراً ھمیں مسخر کر لیتی مسخیر بنا دیتی اور آخر میں ھم سے تعظیم کرا کے چھوڑتی ھے، اس کا طرزِ بیاں بہ اعتبار اس کے مضامین و اغراض کے عفیف، عالی شان اور تہدید آمیز ھے اور جا بہ جا اس کے مضامین کی غایت رفعت تک پہنچ جاتے ھیں غرض یھ کتاب ہر زمانے میں اپنا پُر زور اثر دکھاتی رھے گی ''

## قرآن کا کمال عبادت و شانِ تخیّل

موسیو سیواری جنھوں نے قرآن کا فرانسیسی زباں میں ترجمہ کیا، موسیو ڈوراير کے ترجمے پر بحث کرتے ھوے لکھتے ھیں:

''اگر قرآن جو تمام ایشیای ممالک میں عبارت کے کمال اور قوّتِ خیال کے علوشان و عظمت و جلال کے اعلا مرتبے پر ھے ڈوراير کے ترجمہ میں ایک غیر مرتّب اور سُست و بے مزا بیان کہ جس سے طبعیت دِق ھو جاے معلوم ھو تو یھ الزام اس طرزِ ادا پر لگانا واجب ھے جو ڈوراير نے اس ترجمہ میں

Marfat.com

''رمضانُ المبارک مسلمانوں کی آسمانی کتاب کے نزول کا زمانہ ہے یہ وہ کتاب ہے جس کی عظمت کا راز اس کی پاکیزہ تعلیم میں پوشیدہ ہے قرآن کریم دنیا کے لیے امن و اتحاد کا پیام ہے اصلاح اور صلاح کا ضابطہ ہے، اس کی خوبیاں اُسی وقت معلوم ہوسکتی ہیں جب کہ اس پر عقیدہ رکھنے والے اس کے احکام پر پوری طرح عمل کریں اور اپنے آپ کو نمونہ بنا کر دکھادیں کہ مسلمان ایسے ہوتے ہیں.. جس کتاب نے کسی زمانے میں ایک زبردست قوم بنا کر دکھای، وہ کبھی بے کار اور غیر مفید نہیں ہوسکتی''

## قرآن ایک مستقل اور زندہ معجزہ ہے

مسٹر سی اے سورما (بی اے) جو قرآن کے مطالعہ کے بعد اِسلام لے آے، ایک طویل مضمون لکھتے ہیں ''قرآن رسولِ اللہ (ﷺ) کے ذریعے جس صورت میں نازل ہوا، اُسی صورت میں موجود ہے ایک شوشے تک کا فرق نہیں آیا، انسانی ہات اور دماغ نے اس میں کوی دخل نہیں دیا اور یہ ایک ایسی بات ہے جو کُلی بل کہ جُزوی طور پر بھی کسی مذہبی کتاب کے متعلق نہیں کہی جاسکتی حضرت محمد (ﷺ) کا دعوا تھا کہ وہ ایک مستقل اور زندہ معجزہ ہے اور حقیقت میں وہ ایک معجزہ ہی ہے''

## قرآن ہی قابل قبول اور اطمینانِ قلب کی کتاب ہے

حضرت بابا نانک ؒ فرماتے ہیں:

توریت، زبور، انجیل، ترے پڑھ سُن ڈٹھے وید
رہی قرآن کل جگ میں پرواز (جنم ساکھی کلاں ص ۱۴۷)
[توریت، زبور، انجیل اور وید وغیرہ تمام پڑھ کر دیکھ لیے قرآن شریف
ہی قابل قبول اور اطمینان قلب کی کتاب نظر آی ]
رہی کتاب ایمان دی پیچ کتاب قرآن

اگر سچ پوچھو تو سچی اور ایمان کی کتاب جس کی ملاقات سے دل باغ باغ ہوجاتا ہے قرآن شریف ہی ہے

## قرآن ژنداَوستا کے مقابلے میں

پروفیسر اڈورڈ جی براون (ایم اے، ایم بی) اپنی تالیف 'اَ لِٹ ریری ہسٹری آف پرشیا' (تاریخ ادبیاتِ ایران) میں ژنداَوستا اور قرآن کا مقابلہ کرتے ہوے ص ۱۰۲ میں لکھتے ہیں:

''میں جوں جوں قرآن پر غور کرتا اور اس کے مفہوم اور معانی کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں میرے دل

Marfat.com

اختیار کی ھے "

## قرآن اِسلام کی مظفر و منصور فوج وں کے ساتھ ساتھ گیا

مسٹر روبن سن تحریر فرماتے ھیں:

"اہل اِسلام کی مظفر و منصور فوج وں نے خواہ مُلک شام کو فتح کیا یا شمالی افریقا میں علمِ تسخیر بلند کیا یا بحیرہ احمر کو عبور کر کے بحیرہ اسود میں پاں و جماے، الغرض وہ جھاں کھیں بھی پھُنچیں قرآن کی تعلیم ان کے ساتھ ساتھ گیی جس کی وجہ سے انھوں نے کسی جگھ جور وظلم کا ارتکاب نھیں کیا کسی قوم کو انھوں نے اس بنا پر تہِ تیغ نھیں کیا کہ وہ اِسلام قبول کرنے سے انکار کرتی تھی "

## قرآن توحید سکھاتا ھے

سرجان ملکم آں جہانی سابق سفیر ایران و گورنر ممبے اپنی 'تاریخِ ایران' میں لکھتے ھیں:

"ہیچ چیز عالی تر ونکوتر از عقیدہ اہل اِسلام در توحید نمی شود ازاں رو کہ از ہر طرف رو بہ یکے دارند چناں چہ از آیات و اخبار و آثار و اشعار و اقوال شان ہمہ ظاہر است اینما تولوا فثم وجه الله تعالیٰ (ہر جا کہ نظر کردم سیمائے تو می بینم) مخصوص و شایستہ بندگی می دانند و بس وہیچ کس را از مخلوقات دریں باب باوے شریک وسہیم نمی سازند "

## قرآن زندگی کے طبعی لازمات کو پورا کرتا ھے

مسٹر اے آر وادیا (Mr. A.R. Wadia) پروفیسر آف فلاسفی میسور یونی ورسٹی نے ۲۵ جولائی ۱۹۳۶ کو ٹریننگ کالج کی ٹیچرز ایسوسی ایشن کے جلسہ عید میلاد میں تقریر کرتے ھوے کہا:

"اِسلام کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے قرآن اور اس کے صادق پیرووں کے اعمال کا مطالعہ ضروری ھے اگر آج مجھ سے دریافت کیا جاے کہ وہ کون سا مذہب ھے جو زندگی کے طبعی لازمات و مطالبات کو پورا کرتا ھے تو میں اوّلیں جگھ اِسلام کو دوں گا (دکن ٹائمز: مطبوعہ ۲ اگست ۱۹۳۶)

## قرآن زبردست وحدانیت کا علَم بردار ھے

مسٹر ڈبلیو بی بشیر پکرڈ (W.B. Bashyr Pickard.) جنھوں نے مطالعہ قرآن کے بعد اِسلام قبول کیا، لکھتے ھیں:

"قرآن آج بھی ویسا ھی موجود ھے، کسی نے اس میں تحریف نھیں کی، وہ محفوظ ھے، اس میں کچھ تغیر نھیں ھوا، وہ خالص اور پاکیزہ ھے اور ایک نہ ختم ھونے والی رحمت خداوندی ھے۔ عملی مذہب میں

Marfat.com

میں اس کی قدر و منزلت زیادہ ہوتی جاتی ہے لیکن ژند اوستا کا مطالعہ بہ جز ایسی حالت وں کے کہ اس کو علم اوثان یا تحقیق لسانی یا اِسی قسم کے دیگر اغراض کے لیے پڑھا جاے طبعیت میں تکان پیدا کرتا اور بارِ خاطر ہو جاتا ہے''

## قرآن کی آیاتِ دینی اور اخلاقی خیالات پر مشتمل ہیں

انسائی کلوپی ڈیا برٹانی کا کی جلد ۱۶ ص ۵۹۹ میں لکھا ہے:

''قرآن کے مختلف حصص کے مطالب ایک دوسرے سے بالکل متفاوت ہیں بہت سی آیات دینی و اخلاقی خیالات پر مشتمل ہیں مظاہرِ قدرت، تاریخ، الہاماتِ انبیا کے ذریعے اس میں اللہ کی عظمت، مہربانی اور صداقت کی یاد دلای گیی ہے بالخصوص حضرت محمد (ﷺ) کے واسطے سے اللہ کو واحد اور قادرِ مطلق ظاہر کیا گیا ہے بت پرستی اور مخلوقات کی پرستش کو (جیسا کہ جناب مسیح کو اللہ کا بیٹا سمجھ کر پوجا جاتا ہے) بلا لحاظ ناجایز قرار دیا گیا ہے، قرآن کی نسبت یہ بالکل بجا کہا جاتا ہے کہ وہ دنیا بھر کی موجودہ کتاب وں میں سب سے زیادہ پڑھا جاتا ہے''

## قرآن خود اپنی تعظیم کراتا ہے

مسٹر ڈوول جس نے قرآن کا ترجمہ شایع کیا، لکھتا ہے:

''جتنا بھی ہم اس کتاب (قرآن) کو اُلٹ پلٹ کر دیکھتے ہیں، اِسی قدر پہلے مطالعے میں اس کی نامرغوبی نیے نیے پہلوؤں سے اپنا رنگ جماتی ہے لیکن فوراً ہمیں مسخر کر لیتی مسخیر بنا دیتی اور آخر میں ہم سے تعظیم کرا کے چھوڑتی ہے، اس کا طرزِ بیاں بہ اعتبار اس کے مضامین و اغراض کے عفیف، عالی شان اور تہدید آمیز ہے اور جا بہ جا اس کے مضامین کی غایت رفعت تک پہنچ جاتے ہیں غرض یہ کتاب ہر زمانے میں اپنا پُر زور اثر دکھاتی رہے گی''

## قرآن کا کمال عبادت و شانِ تخیل

موسیو سیواری جنھوں نے قرآن کا فرانسیسی زباں میں ترجمہ کیا، موسیو ڈورایر کے ترجمے پر بحث کرتے ہوے لکھتے ہیں:

''اگر قرآن جو تمام ایشیای ممالک میں عبارت کے کمال اور قوتِ خیال کے علوشان و عظمت و جلال کے اعلا مرتبے پر ہے ڈورایر کے ترجمہ میں ایک غیر مرتب اور سُست و بے مزا بیان کہ جس سے طبعیت دِق ہو جاے معلوم ہو تو یہ الزام اسِ طرزِ ادا پر لگانا واجب ہے جو ڈورایر نے اس ترجمہ میں

Marfat.com

وہ ایک زبردست وحدانیت کا علم بردار ہے: ایک اللہ اور ایک برادری "

## قرآن عمل کے لیے روشنی کا منار ہے

یہی مصنف 'اسلام کی خوبیاں' کے ذیل میں لکھتا ہے:

"قرآن عمل کے لیے ایک روشنی کا منار ہے، رہ نُما ہے اور ایک سند ہے، وہ عہد حاضر کی عملی زندگی سے دارُالبقا کی طرف رہ نُمائی کرتا ہے، وہ ایک مُکمّل ضابطہ ہے جس میں کسی قسم کا ردّوبدل نہیں ہوا "

(اسلامک رویو جنوری ۱۹۳۶)

## قرآن ایک نا قابل تشریح طلسم ہے

ای ڈبلیو بلای ڈن (ایل ایل ڈی) جو ایک حبشی عیسای ہے اپنی تالیف 'عیسای یت اسلام اور حبشی نسل' میں لکھتا ہے:

"جہاں خیالات ان حبشی وں کی سمجھ میں نہیں آتے، وہاں قرآن مجید کے الفاظ بھی ان کے لیے ایک ایسی نا قابلِ بیاں خوب صورتی اور موسیقی اور ایک نا قابلِ تشریح طلسم بن جاتے ہیں جو محض السنہ مغربیہ کے جاننے والوں کے لیے قطعاً نا قابلِ فہم ہے "

## قرآن عربی زَباں کا معیارِ حقیقی پیش کرتا ہے

جارج ای پٹنم ممبر امریکن اتھنالوجیکل سوسایٹی و نیویارک ہسٹوری کل سوسایٹی، 'ورلڈز پراگرس' کے ص ۱۶۰ میں لکھتے ہیں:

"یہ کتاب (قرآن) جو الہامات و اعتقادات محمد (ﷺ) پر مشتمل ہے مسلّمہ طور پر عربی زَباں کا معیارِ حقیقی پیش کرتی ہے اور جیسا کہ مسلمان وں کا عقیدہ ہے، انسانی قلم اس کی تقلید سے قاصر ہے اس لیے ان کا خیال ہے کہ یہ اللہ کا کلام ہے "

## قرآن کے احکام مطابق حکمت و عقل واقع ہوے ہیں

دایرۃ المعارف عامہ (پاپولر اِن سای کلو پی ڈیا) جلد ہشتم کے ص ۳۲۶ میں مسطور ہے:

"قرآن کی زَباں بہ لحاظ لفظ عرب زیادہ فصیح ہے، اس کا طرزِ بیاں اور اس کی انشای خوبیاں ایسی دل آویز و دل کش ہیں کہ اس وقت تک ان کی مثل اور نظیر پیش نہیں کی جا سکی، اس کے اخلاقی احکام اس قدر مطابق عقل و حکمت واقع ہوے ہیں کہ اگر انسان ان پر پورے طور عمل پیرا ہو تو وہ اس کو ایک پاکیزہ زندگی بسر کرنے پر آمادہ کر دیتے ہیں "

Marfat.com

اختیار کی ہے "

## قرآن اِسلام کی مظفر و منصور فوجوں کے ساتھ ساتھ گیا

مسٹر روبن سن تحریر فرماتے ہیں:

"اہل اِسلام کی مظفر و منصور فوجوں نے خواہ مُلک شام کو فتح کیا یا شمالی افریقا میں علمِ تسخیر بلند کیا یا بحیرہ احمر کو عبور کر کے بحیرہ اسود میں پہاں و جمائے، الغرض وہ جہاں کہیں بھی پہنچیں قرآن کی تعلیم ان کے ساتھ ساتھ گئی جس کی وجہ سے انھوں نے کسی جگہ جور و ظلم کا ارتکاب نہیں کیا کسی قوم کو انھوں نے اس بنا پر تہِ تیغ نہیں کیا کہ وہ اِسلام قبول کرنے سے انکار کرتی تھی "

## قرآن توحید سکھاتا ہے

سرجان ملکم آں جہانی سابق سفیر ایران و گورنر بمبے اپنی 'تاریخ ایران' میں لکھتے ہیں:

"ہیچ چیز عالی تر و نکوتر از عقیدہ اہل اِسلام در توحید نمی شود ازاں رو کہ از ہر طرف رو بہ یکے دارند چناں چہ از آیات و اخبار و آثار و اشعار و اقوال شان ہمہ ظاہر است اینما تولوا فثم وجه الله تعالیٰ (ہر جا کہ نظر کردم سیمائے تو می بینم) مخصوص و شایستہ بندگی می دانند و بس و ہیچ کس را از مخلوقات دریں باب باوے شریک و سہیم نمی سازند "

## قرآن زندگی کے طبعی لازمات کو پورا کرتا ہے

